حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کالا جس کا ہاتھ عورت کی پستان کی طرح تھا' وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے ملعون قرار دیا گیا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ

یہ حدیث بریدہ' حضرت علی سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عباد بن یعقوب اکیلے ہیں۔

5448 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ

حضرت ابوصالح' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے

5446- ذكره الهيثمي في المجمع جلد6صفحه236 وقال: وفيه صالح بن ميثم ولم أعرفه .

5447- أصله عند مسلم: أخرجه مسلم: الزكاة جلد2صفحه747 .

5448- أخرجه أبو داؤد جلد 1صفحه145 رقم الحديث: 536' والترمذي: الصلاة جلد1صفحه397

قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: ثَنَا أَبُو حَفْصٍ الْأَبَّارُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ رَأَى رَجُلًا خَارِجًا مِنَ الْمَسْجِدِ حِينَ أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ، فَقَالَ: أَمَّا هَذَا فَقَدْ عَصَى أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے مسجد سے باہر ایک آدمی دیکھا جس وقت اذان ہوئی۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس نے ابوالقاسم ﷺ کی نافرمانی کی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ إِلَّا أَبُو حَفْصٍ الْأَبَّارُ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے ابوحفص الابار روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سریج بن یونس اکیلے ہیں۔

5449 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ الْأَعْلَمُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَامٍ الْجُمَحِيُّ قَالَ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، وَحُمَيْدٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي بَكْرَةَ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمْرُهُ وَحَسُنَ عَمَلُهُ قَالَ: فَأَيُّ النَّاسِ شَرٌّ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمْرُهُ وَسَاءَ عَمَلُهُ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! لوگوں میں بہتر کون ہے؟ آپ نے فرمایا: جس کی عمر لمبی ہو اور اس کے عمل اچھے ہوں' عرض کی: لوگوں میں بُرا کون ہے؟ آپ نے فرمایا: جس کی عمر لمبی ہو اور عمل بُرے ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث یونس سے حماد بن مسلمہ روایت کرتے ہیں۔

5450 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُذُوعِيُّ الْقَاضِي قَالَ: ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میری اُمت کے

رقم الحديث: 204' والنسائي: الأذان جلد 2 صفحه 24 (باب التشديد في الخروج من المسجد بعد الأذان)' وابن ماجة: الأذان جلد 1 صفحه 242 رقم الحديث: 733 .

5449- اسناده حسن فيه: محمد بن يعقوب بن اسماعيل بن اليسع' مستقيم الحديث (تاريخ بغداد جلد 3 صفحه 338) . انظر مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 206 .

5450- اسناده صحيح رجاله رجال الصحيح خلا شيخه وهو ثقة . تخريجه: الطبراني في الكبير' وأحمد' والبزار مرفوعًا . انظر مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 335 .

عَرْعَرَةَ قَالَ: ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: قَرَأْتُ فِي كِتَابِ أَبِي بِخَطِّهِ وَلَمْ أَسْمَعْهُ مِنْهُ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَكُونُ فِي أُمَّتِي دَجَّالُونَ كَذَّابُونَ سَبْعٌ وَعِشْرُونَ، وَمِنْهُمْ أَرْبَعُ نِسْوَةٍ، وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي

ستائیس دجال جھوٹے ہوں گے' ان میں چار عورتیں ہوں گی (وہ دعویٰ نبوت کا کریں گے) میں تمام نبیوں کے آخر میں ہوں' میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ حُذَيْفَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث قتادہ سے ہشام الدستوائی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں معاذ بن ہشام ہی حضرت حذیفہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

5451 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُذُوعِيُّ قَالَ: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ قَالَ: دَفَعَ إِلَيْنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ كِتَابًا، فَقَالَ: هَذَا سَمِعْتُهُ مِنْ أَبِي، فَكَتَبْنَا مِنْهُ: عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْرَمَ دُبُرَ إِحْدَى صَلَاتَيِ الْعِشَاءِ

حضرت محمد بن عرعرہ فرماتے ہیں کہ ہماری طرف حضرت معاذ بن ہشام رضی اللہ عنہ نے خط لکھا' فرمایا: میں نے اپنے والد سے سنا ہے کہ اس سے ہم لکھ رہے ہیں' وہ حضرت قتادہ سے' وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ رات کی دو فرض نمازوں میں سے کسی ایک فرض نماز کے بعد احرام باندھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا هِشَامُ بْنُ الدَّسْتُوَائِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ مُعَاذٌ

یہ حدیث قتادہ سے ہشام الدستوائی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے معاذ اکیلے ہیں۔

5452 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت

5451- ذكره الهيثمى فى المجمع جلد 3 صفحه 224 وقال: رواه البزار ورجاله رجال الصحيح خلا شيخ البزار وقد حسن الترمذى حديثه . ولفظه: أن النبى ﷺ أحرم فى دبر الصلاة .

5452- اسناده فيه: حميد بن الحكم الجرشى' قال ابن حبان: منكر الحديث جدًا لايجوز الاحتجاج بخبره اذا انفرد (المجروحين جلد 1 صفحه 262' والنسان جلد 2 صفحه 363) . تخريجه: البزار' والعقيلى' وأبو نعيم فى الحلية' والقضاعى فى مسنده .

الْجُذُوعِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ الْحَكَمِ الْجُرَشِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مُهْلِكَاتٌ: شُحٌّ مُطَاعٌ، وَهَوًى مُتَّبَعٌ، وَإِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهِ مِنَ الْخُيَلَاءِ، وَثَلَاثٌ مُنْجِيَاتٌ: الْعَدْلُ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ، وَالْقَصْدُ فِي الْغِنَى وَالْفَاقَةِ، وَمَخَافَةُ اللّٰهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ

کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں: کنجوسی جس کی اطاعت کی جائے، خواہشات جس کی اتباع کی جائے، آدمی تکبر کی وجہ سے اپنے آپ کو بڑا سمجھے۔ تین چیزیں نجات دینے والی ہیں: خوشی وغمی میں عدل کرنا، مال داری اور فاقہ میں میانہ روی کرنا، ظاہراً وسراً اللہ سے خوف کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ إِلَّا حُمَيْدُ بْنُ الْحَكَمِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ

یہ حدیث حسن سے حمید بن حکم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن محمد بن عرعرہ اکیلے ہیں۔

5453 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُذُوعِيُّ قَالَ: ثَنَا مُسَدَّدٌ قَالَ: ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: أَوْصَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا أَنَسُ، أَسْبِغِ الْوُضُوءَ يَزِدْ فِي عُمُرِكَ وَسَلِّمْ عَلَى مَنْ لَقِيتَ مِنْ أُمَّتِي تَكْثُرْ حَسَنَاتُكَ، وَإِذَا دَخَلْتَ بَيْتَكَ فَسَلِّمْ عَلَى أَهْلِ بَيْتِكَ يَكْثُرْ خَيْرُ بَيْتِكَ، وَصَلِّ صَلَاةَ الضُّحَى، فَإِنَّهَا صَلَاةُ الْأَوَّابِينَ، وَارْحَمِ الصَّغِيرَ، وَوَقِّرِ الْكَبِيرَ تَكُنْ مِنْ رُفَقَائِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے وصیت کی، فرمایا: اے انس! مکمل وضو کرو! تمہاری عمر میں اضافہ ہوگا، میری اُمت میں کوئی اُمتی ملے تو اس کو سلام کر، تمہاری نیکیاں زیادہ ہوں گی، جب تو اپنے گھر میں داخل ہو تو اپنے گھر والوں کو سلام کر، تمہارے گھر میں بھلائی زیادہ ہوگی، چاشت کی نماز پڑھو کیونکہ یہ اللہ کی طرف سے رجوع کرنے والوں کی نماز ہے اور بچوں پر شفقت کرو، بزرگوں کا احترام کرو، قیامت کے دن میرے ساتھیوں میں سے ہوگے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْجَعْدِ إِلَّا

یہ حدیث عمرو بن دینار سے علی بن جعد روایت کرتے ہیں، حضرت علی بن جعد سے مسور اور محمد بن

5453- أخرجه البيهقي في شعب الايمان جلد 6 صفحه 427 رقم الحديث: 8761 . انظر الدر المنثور للسيوطي جلد 5 صفحه 59-60 .

مُسَدَّدٌ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ

عبداللہ الرقاشی روایت کرتے ہیں۔

5454 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ: ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: ثَنَا اَبُو شِهَابٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ غُسْلِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ؟ فَقَالَ: اغْتَسِلُوا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے جمعہ کے دن غسل کرنے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: غسل کرو۔

5455 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا سَبَّحَ الْحَاجُّ مِنْ تَسْبِيحَةٍ وَلَا كَبَّرَ مِنْ تَكْبِيرَةٍ اِلَّا بُشِّرَ بِهَا بُشْرَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حاجی جب اللہ کی تسبیح یا تکبیر پڑھتا ہے تو اس کو خوشخبری دینے والا خوشخبری دیتا ہے۔

5456 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعُمْرَتَانِ تُكَفِّرَانِ مَا بَيْنَهُمَا،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دو عمروں کے درمیان گناہوں کا کفارہ ہوتے ہیں اور حج مبرور کا بدلہ صرف جنت ہے۔ حضرت حماد بن زید فرماتے ہیں کہ میں عبیداللہ سے ملا۔ مجھے اپنے حوالہ سے انہوں نے ابوصالح سے' انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے' انہوں نے حضور ﷺ کے

5454- أخرجه أحمد: المسند جلد 2 صفحه 103 رقم الحديث: 5449 بنحوه . وأصله عند البخاري ومسلم بغير هذا السياق' وقد تقدم تخريجه .

5455- اسناده صحيح ورجاله رجال الصحيح خلا شيخه محمد بن عثمان بن أبي شيبة' وهو ثقة . انظر مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 227 .

5456- أخرجه البخاري: العمرة جلد 3 صفحه 698 رقم الحديث: 1773' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 983' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 607 رقم الحديث: 9954 ولفظه عند أحمد .

وَالْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةَ قَالَ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ: فَلَقِيتُ عُبَيْدَ اللَّهِ، فَحَدَّثَنِي عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حوالہ سے اس کی مثل روایت کی ہے۔

5457 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ أَبِي: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَطَهَّرَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَأَحْسَنَ الطُّهُورَ، ثُمَّ رَاحَ إِلَى الْجُمُعَةِ، فَلَمْ يَلْغُ وَلَمْ يَجْهَلْ كَانَ كَفَّارَةً لَهُ مَا بَيْنَ الْجُمُعَةِ إِلَى الَّتِي تَلِيهَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن اچھی پاکی کی' پھر جمعہ کے لیے آیا' لغو و جہالت والی بات نہیں کی' تو ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک گناہوں کا کفارہ ہو جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ حَمَّادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ

یہ حدیث اسماعیل بن ابوخالد سے اسماعیل بن حماد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابی شیبہ اکیلے ہیں۔

5458 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ أَبِي: عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ حَمَّادِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبْغِضُ الْغَنِيَّ الظَّلُومَ، وَالشَّيْخَ الْجَهُولَ، وَالْعَائِلَ الْمُخْتَالَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل ظلم کرنے والے مال دار' جاہل بزرگ' تکبر کرنے والے فقیر کو ناپسند کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا

یہ حدیث ابواسحاق سے اسماعیل بن حماد روایت

5457- أخرجه أحمد: المسند جلد 3 صفحه 48-49 رقم الحديث: 11353 . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 174 وعزاه أيضًا الى البزار . وقال: وفيه عطية وفيه كلام كثير .

5458- اسناده فيه: الحارث بن عبد الله الأعور: ضعيف رمى بالرفض . وأخرجه أيضًا البزار . انظر مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 134 .

اِسْمَاعِيلُ بْنُ حَمَّادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ

کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابوشیبہ اکیلے ہیں۔

5459 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْحَجَرَ لَيَزِنُ سَبْعَ خَلِفَاتٍ، يُرْمَى بِهِ فِي جَهَنَّمَ، فَيَهْوِي فِيهَا سَبْعِينَ خَرِيفًا مَا يَبْلُغُ قَعْرَهَا

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: سات جہنم میں پھینکا گیا' ستر سال تک گرتا رہا' ابھی تک اس کی تہہ تک نہیں پہنچا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ بُرَيْدَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث علقمہ بن مرثد سے محمد بن ابان اور بریدہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

5460 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْجَارُ اَحَقُّ بِشُفْعَةِ جَارِهِ، وَيُنْتَظَرُ بِهَا اِنْ كَانَ غَائِبًا، اِذَا كَانَ طَرِيقُهُمَا وَاحِدًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پڑوسی شفعہ کا زیادہ حق دار ہے' اپنے پڑوسی کا وہ انتظار کرے اگر وہ غائب ہو بشرطیکہ دونوں کا راستہ ایک ہو۔

5461 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: ثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھے' اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔

5459- أخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد2صفحه21 رقم الحدیث: 1158 .

5460- أخرجه أبو داؤد: البیوع جلد3صفحه284 رقم الحدیث: 3518، والترمذی: الأحکام جلد3صفحه642 رقم الحدیث: 1369 وقال: حدیث غریب ـ وابن ماجة: الشفعة جلد 2صفحه833 رقم الحدیث: 2494 . وأحمد: المسند جلد3صفحه372 رقم الحدیث: 14263 .

5461- أخرجه البخاری: العلم جلد1صفحه243 رقم الحدیث: 108، و مسلم: المقدمة جلد1صفحه10 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

5462 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا كَانُوا يَفْتَتِحُونَ الْقِرَاءَةَ بِ (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) (الفاتحة:2)

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مَعْنٍ اِلَّا مِنْجَابٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما قرأت الحمد للہ رب العالمین سے شروع کرتے تھے۔

یہ تمام احادیث قاسم بن معن سے منجاب روایت کرتے ہیں۔

5463 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيَسْلُكَنَّ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ فَجَّ الرَّوْحَاءِ حَاجًّا اَوْ مُعْتَمِرًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عیسیٰ بن مریم وادیٔ الروحاء سے حج یا عمرہ کے لیے چلیں گے۔

5464 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ قَالَ: حَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ فَيَمْكُثُ فِي النَّاسِ اَرْبَعِينَ سَنَةً

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عیسیٰ ابن مریم آئیں گے' چالیس سال تک ٹھہریں گے۔

5462- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه265 رقم الحديث: 743' ومسلم: الصلاة: جلد1صفحه299 .

5463- أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه915' وأحمد: المسند جلد2صفحه708 رقم الحديث: 10980 .

5464- اسناده صحيح رجاله ثقات . انظر مجمع الزوائد جلد8صفحه208 .

5465 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْزِلُ الدَّجَّالُ الْمَدِينَةَ، وَلٰكِنَّهُ يَنْزِلُ الْخَنْدَقَ، وَعَلَى كُلِّ نَقْبٍ مِنْهَا مَلَائِكَةٌ يَحْرُسُونَهَا، فَاَوَّلُ مَنْ يَتْبَعُهُ النِّسَاءُ وَالْإِمَاءُ، فَيَذْهَبُ فَيَتْبَعُهُ النَّاسُ فَيَرُدُّونَهُ، فَيَرْجِعُ غَضْبَانَ حَتّٰى يَنْزِلَ الْخَنْدَقَ، فَيَنْزِلُ عِنْدَ ذٰلِكَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهَا: عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دجال مدینہ آئے گا لیکن وہ ایک خندق میں اُترے گا' مدینہ کی ہر گلی میں فرشتے حفاظت کے لیے ہوں گے' اس کی سب سے پہلے عورتیں اور لونڈیاں بیعت کریں گی' وہ چلے گا' لوگ اس کے پیچھے چلیں گے' وہ اس کے بعد واپس آئیں گے' وہ غصہ کی حالت میں واپس آئے گا' خندق میں اُترے گا' اس کے پاس ہی حضرت عیسیٰ ابن مریم اُتریں گے۔

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے یونس بن بکیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عقبہ بن مکرم اکیلے ہیں۔

5466 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ اَبِي، بِخَطِّهِ: ثنا عِمْرَانُ بْنُ اَبِي عِمْرَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اتَّبَعَ كِتَابَ اللّٰهِ هَدَاهُ اللّٰهُ مِنَ الضَّلَالَةِ، وَوَقَاهُ سُوءَ الْحِسَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: (فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقَى) (طه: 123)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو قرآن پاک پڑھے' اللہ عزوجل اس کو گمراہی سے ہدایت دے گا اور قیامت کے دن بڑے عذاب سے بچائے گا' کیونکہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: جس کو (میں) ہدایت دوں وہ گمراہ اور بدبخت نہیں ہو سکتا ہے۔

5467 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

5465- اسناده حسن فيه: عقبة بن مكرم: صدوق . انظر مجمع الزوائد جلد7صفحه352 .

5466- اسناده فيه: عمران بن أبي عمران' لم يظهر لي من هو . وأخرجه أيضًا في الكبير .

5467- اسناده فيه: مجالد بن سعيد بن عمير الكوفي ليس بالقوى وقد تغير في آخر عمره (التقريب) وقال الهيثمي

شَيْبَةَ قَالَ: نَا اَبِى قَالَ: وَجَدْتُ فِى كِتَابِ اَبِى: عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ حَمَّادِ بْنِ اَبِى سُلَيْمَانَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَاَلَ وَهُوَ غَنِيٌّ عَنِ الْمَسْاَلَةِ يُحْشَرُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهِيَ خُمُوشٌ فِي وَجْهِهِ

نے فرمایا: جو مال داری کے لیے مانگتا ہے وہ قیامت کے دن اکٹھا کیا جائے گا اس حالت میں کہ وہ اپنے چہرے کو نوچ رہا ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ حَمَّادِ بْنِ اَبِى سُلَيْمَانَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ

یہ حدیث اسماعیل بن حماد بن سلیمان سے محمد بن ابوشیبہ روایت کرتے ہیں۔

5468 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِى شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِى اَبِى قَالَ: وَجَدْتُ فِى كِتَابِ اَبِى، وَبِخَطِّهِ: ثَنَا مُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ، عَنْ مُعَيْقِيبِ بْنِ اَبِى فَاطِمَةَ قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُسَوِّى الرَّجُلُ الْحَصَى وَهُوَ يُصَلِّي؟ قَالَ: اِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَمَرَّةً وَاحِدَةً

حضرت معیقیب بن ابوفاطمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: کیا آدمی نماز کی حالت میں کنکریاں برابر کرسکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: اگر ضروری ہو تو ایک مرتبہ کرسکتا ہے۔

5469 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِى شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِى اَبِى قَالَ: وَجَدْتُ فِى كِتَابِ اَبِى، بِخَطِّهِ: ثَنَا مُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ اَبِى قِلَابَةَ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی بغیر وجہ کے شوہر سے طلاق مانگے تو وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گی۔

فی المجمع جلد3صفحه99: ورجاله موثقون . قلت: اسناده ضعيف لأجل مجالد .

5468- أخرجه البخاری: العمل فی الصلاة جلد3صفحه95 رقم الحديث: 1207، ومسلم: المساجد جلد1 صفحه387 .

5469- أخرجه أبو داؤد: الطلاق جلد2صفحه275-276 رقم الحديث: 2226، والترمذی: الطلاق جلد3 صفحه 484 رقم الحديث: 1187 وقال: حديث حسن . وابن ماجة: الطلاق جلد 1صفحه662 رقم الحديث: 2055، والدارمی: الطلاق جلد2صفحه216 رقم الحديث: 2270، وأحمد: المسند جلد5 صفحه326 رقم الحديث: 22442 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَيُّمَا امْرَاَةٍ سَاَلَتْ زَوْجَهَا الطَّلَاقَ مِنْ غَيْرِ مَا بَأْسٍ لَمْ تَشُمَّ رِيحَ الْجَنَّةِ

5470 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ اَبِي، بِخَطِّهِ: ثَنَا مُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ اَبَا ذَرٍّ اَخَذَ عَطَاءَهُ، فَانْطَلَقَ مَعَ الْخَادِمِ لِيَشْتَرِيَ حَوَائِجَهُ مِنَ السُّوقِ، ثُمَّ ابْتَاعَ بِمَا بَقِيَ فُلُوسًا، فَتَصَدَّقَ بِهَا، ثُمَّ قَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَوْكَى عَلَى ذَهَبٍ اَوْ فِضَّةٍ، لَمْ يُنْفِقْهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَانَ جَمْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُكْوَى بِهِ

حضرت عبداللہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے کچھ پیسے لیے اپنے خادم کے ساتھ چلے تاکہ اپنی ضرورت کی شی بازار سے خریدیں وہاں خریدا جو باقی پیسے رہ گئے ان کو صدقہ کر دیا۔ پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے: جس نے سونا یا چاندی جمع کیے اس سے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کیے وہ سونا چاندی قیامت کے دن انگارہ کی صورت میں ہوں گے اس کے ساتھ ان کو داغا جائے گا۔

5471 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ اَبِي، بِخَطِّهِ: حَدَّثَنَا مُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ اَسِيرِ بْنِ اَحْمَرَ، اَنَّ اَبَا ذَرٍّ الْغِفَارِيَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَرَكَعَ وَاَسْرَعَ، فَقُلْتُ: مَا اَرَى هَذَا الشَّيْخَ يَدْرِي مَا يُصَلِّي. قَالَ: فَانْصَرَفَ، فَقَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت اسیر بن احمر سے روایت ہے کہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے رکوع کیا اور جلدی کھڑے ہو گئے میں نے کہا: یہ بزرگ جانتے ہی نہیں ہیں کہ نماز کیا ہوتی ہے؟ آپ نے سلام پھیرا حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو کوئی بندہ اللہ کے لیے سجدہ کرتا ہے اللہ عزوجل اس کے ذریعے اس کا درجہ

5470- أخرجه أحمد: المسند جلد5صفحه209 رقم الحديث: 21583 بنحوه والطبراني في الكبير جلد 2 صفحه 153 رقم الحديث: 1641 وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه128 وقال: رواه الطبراني في الكبير، وأحمد بنحوه ورجاله ثقات وله طريق رجالها رجال الصحيح . وذكره الحافظ المنذري وقال: ورجاله رجال الصحيح . انظر الترغيب جلد2صفحه55-56 رقم الحديث: 18 .

5471- اسناده فيه: أسير بن أحمر لم أجده . تخريجه: أحمد من طريقين، والبزار . وقال الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 251: رواه أحمد كله والبزار بنحوه بأسانيد وبعضها رجاله رجال الصحيح، ورواه الطبراني في الأوسط .

وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْجُدُ لِلّٰهِ سَجْدَةً اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً، وَكَتَبَ لَهُ بِهَا حَسَنَةً

بلند کرتا ہے اور اس کے لیے ایک نیکی لکھتا ہے۔

5472 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: ثنا اَبِي قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ اَبِي: حَدَّثَنَا مُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ مُعَتِّبٍ مَوْلَى صَفِيَّةَ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَبَيْنَ يَدَيْهَا كَوْمٌ مِنْ نَوًى، فَسَالَهَا: مَا هَذَا؟ فَقَالَتْ: اُسَبِّحُ بِهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ سَبَّحْتُ مُنْذُ قُمْتُ عَنْكِ اَكْثَرَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَّحْتِ. فَقَالَتْ: كَيْفَ قُلْتَ؟ قَالَ: قُلْتُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ

حضرت صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے پاس آئے' (میرے) آگے دانوں کی تسبیح پڑی ہوئی تھی' آپ نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اس پر تسبیح پڑھتی ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب سے میں آپ کے پاس سے اُٹھا ہوں تو تسبیح پڑھ رہی ہے' آپ اس سے زیادہ تسبیحات نہیں پڑھ سکتی ہو؟ عرض کی: میں کیسے پڑھوں؟ آپ نے فرمایا: ''سبحان اللّٰہ عدد ما خلق'' پڑھو۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ اِلَّا مُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ، تَفَرَّدَ بِهَا: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ

یہ تمام احادیث منصور بن زاذان سے مسلم بن سعید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابی شیبہ اکیلے ہیں۔

5473 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي لَيْلَى قَالَ: نا الْمُطَّلِبُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَسِيرُ مَلِكُ الْمَشْرِقِ اِلَى مَلِكِ الْمَغْرِبِ فَيَقْتُلُهُ، ثُمَّ يَسِيرُ مَلِكُ الْمَغْرِبِ اِلَى مَلِكِ الْمَشْرِقِ فَيَقْتُلُهُ، فَيَبْعَثُ جَيْشًا

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مشرق کا بادشاہ مغرب کے بادشاہ کی طرف جائے گا' اس کو قتل کرے گا' پھر مغرب کا بادشاہ مشرق کے بادشاہ کی طرف چلے گا اس کو قتل کرے گا' وہ ایک لشکر مدینہ کی طرف بھیجے گا' ان کو دھنسا دیا جائے گا' پھر ایک لشکر بھیجے گا' اہل مدینہ کے کچھ لوگوں کو قیدی کرنے کے لیے۔ ایک حرم میں پناہ دینے والا آئے گا' لوگ اس کی طرف مختلف پرندوں کی

5472- أخرجه الترمذی: الدعوات جلد**5**صفحه**555** رقم الحديث: **3554** وقال: غريب . انظر الترغيب للمنذری جلد**2**صفحه**439** رقم الحديث: **2** .

5473- اسناده فيه: ليث بن أبی سليم: صدوق اختلط . وانظر مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**318** .

اِلَی الْمَدِینَةِ فَیُخْسَفُ بِهِمْ، ثُمَّ یَبْعَثُ جَیْشًا فَیَسْبِی نَاسًا مِنْ اَهْلِ الْمَدِینَةِ، فَیَعُوذُ عَائِذٌ بِالْحَرَمِ، فَیَجْتَمِعُ النَّاسُ اِلَیْهِ كَالطَّائِرِ الْوَارِدَةِ الْمُتَفَرِّقَةِ حَتَّی تُجْمَعَ اِلَیْهِ ثَلَاثُمِائَةٍ وَاَرْبَعَ عَشَرَ فِیهِمْ نِسْوَةٌ، فَیَظْهَرُ عَلَی كُلِّ جُبَّارٍ وَابْنِ جُبَّارٍ، وَیُظْهِرُ مِنَ الْعَدْلِ مَا یَتَمَنَّی لَهُ الْاَحْیَاءُ اَمْوَاتَهُمْ، فَیَحْیَا سَبْعَ سِنِینَ، فَاِنْ زَادَ سَاعَةً فَاَرْبَعَ عَشْرَةَ، ثُمَّ مَا تَحْتَ الْاَرْضِ خَیْرٌ مِمَّا فَوْقَهَا

طرح جمع ہوں گے یہاں تک کہ تین سو ہوں گے ان میں چودہ عورتیں ہوں گی ہر سرکش ابن سرکش پر غالب آئیں گے عدل ظاہر ہوگا ان میں جو بھی زندہ ہونے کی تمنا کریں گے وہ سات سال تک زندہ رہے گا اگر ایک گھڑی زیادہ ہوں تو زمین کے اوپر اس سے جو بہتر ہوگا جو نہیں رہے گا۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی جَعْفَرٍ بْنِ عَلِیٍّ اِلَّا اللَّیْثُ بْنُ اَبِی سُلَیْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُطَّلِبُ بْنُ زِیَادٍ

یہ حدیث ابوجعفر محمد بن علی سے لیث بن ابوسلیم روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں مطلب بن زیاد اکیلے ہیں۔

5474 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ قَالَ: نَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ قَالَ: ثَنَا یُونُسُ بْنُ بُكَیْرٍ، عَنِ النَّضْرِ اَبِی عُمَرَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: آخِرُ جَنَازَةٍ صَلَّی عَلَیْهَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَبَّرَ عَلَیْهَا اَرْبَعًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آخر میں جو جنازہ پڑھایا اس میں آپ نے چار تکبیریں کہی تھیں۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ النَّضْرِ اَبِی عُمَرَ اِلَّا یُونُسُ بْنُ بُكَیْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، وَلَا یُرْوَی عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث نضر ابوعمر سے یونس بن بکیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عقبہ بن مکرم اکیلے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

5475 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی شَیْبَةَ قَالَ: ثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ قَالَ: ثَنَا یُونُسُ بْنُ بُكَیْرٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ یَزِیدَ الْاَوْدِیِّ، عَنْ اَبِیهِ، یَزِیدَ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: لوگوں میں بہتر زمانہ میرا ہے پھر تابعین پھر تبع تابعین کا پھر چوتھے زمانہ

5474- اسناده فيه: النضر أبو عمر بن عبد الرحمٰن الخزاز . متروك . انظر مجمع الزوائد جلد3صفحه38 .

5475- اسناده فيه: دؤد بن يزيد الأودى ضعيف . انظر مجمع الزوائد جلد 10صفحه22 . والحديث فى الصحيح خلا: ثم الرابع أرذل الى يوم القيامة .

عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الرَّابِعُ اَرْذَلُ اِلَى اَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ

کے بعد قیامت تک رذیل لوگ آتے رہیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ الْاَوْدِيّ اِلَّا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ

یہ حدیث داؤد اودی سے یونس بن بکیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عقبہ بن مکرم اکیلے ہیں۔

5476 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: ثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُهَاجِرِ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْكَافِرَ لَيُحَاسَبُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُلْجِمَهُ الْعَرَقُ حَتّٰى اِنَّهُ لَيَقُولُ: يَا رَبِّ، اَرِحْنِي وَلَوْ اِلَى النَّارِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن کافر سے حساب لیا جائے گا یہاں تک کہ اس کو پسینہ کی لگام دی جائے گی' یہاں تک کہ وہ عرض کرے گا: اے رب! مجھے راحت دے اگرچہ آگ میں ڈال دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْمُهَاجِرِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ

یہ حدیث ابراہیم بن مہاجر سے محمد بن اسحاق اور محمد سے یونس بن بکیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عقبہ بن مکرم اکیلے ہیں۔

5477 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: ثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ قَالَ: ثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نَا اَبُو الْعَنْبَسِ سَعِيدُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن لوگوں کو ایک دوسرے سے بدلہ دلوایا جائے گا' یہاں تک کہ بغیر سینگوں والی بکری

5476- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 10 صفحه 107 رقم الحديث: 10112 . وذكره الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 339 وقال: ورجال الكبير رجال الصحيح' وفي رجال الأوسط محمد بن اسحاق وهو ثقة ولكنه مدلس .

5477- أصله عند مسلم بلفظ: لتؤدن الحقوق الى أهلها يوم القيامة حتى...... . أخرجه مسلم: البر جلد 4 صفحه 1997' والترمذي: القيامة جلد 4 صفحه 614 رقم الحديث: 2420 .

كَثِيرِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ لَيَدِينُ النَّاسَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ حَتَّى الشَّاةِ الْجَمَّاءِ مِنَ الْقُرَنَاءِ بِقَدْرِ مَا اعْتَدَتْ عَلَيْهَا

کو سینگ والی بکری سے بدلہ دلوایا جائے گا' جتنی اس نے زیادتی کی ہوگی۔

5478 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ خُثَيْمٍ الْهِلَالِيُّ قَالَ: نَا اَبُو جُنَادَةَ السَّلُولِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُؤْمَرُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِنَاسٍ مِنَ النَّاسِ اِلَى الْجَنَّةِ، حَتَّى اِذَا دَنَوْا مِنْهَا وَاسْتَنْشَقُوا رِيحَهَا، وَنَظَرُوا اِلَى قُصُورِهَا وَمَا اَعَدَّ اللّٰهُ لِاَهْلِهَا فِيهَا نُودُوا: اَنِ اصْرِفُوهُمْ عَنْهَا، لَا نَصِيبَ لَهُمْ فِيهَا، فَيَرْجِعُونَ بِحَسْرَةٍ مَا رَجَعَ الْاَوَّلُونَ بِمِثْلِهَا فَيَقُولُونَ: يَا رَبَّنَا، لَوْ اَدْخَلْتَنَا النَّارَ قَبْلَ اَنْ تُرِيَنَا مَا رَاَيْنَا مِنْ ثَوَابِكَ وَمَا اَعْدَدْتَ فِيهَا لِاَوْلِيَائِكَ كَانَ اَهْوَنَ عَلَيْنَا قَالَ: ذَاكَ اَرَدْتُ بِكُمْ كُنْتُمْ اِذَا خَلَوْتُمْ بَارَزْتُمُونِي بِالْعَظَائِمِ، فَاِذَا لَقِيتُمُ النَّاسَ لَقِيتُمُوهُمْ مُخْبِتِينَ تُرَاءُونَ النَّاسَ بِخِلَافِ مَا تُعْطُونِي مِنْ قُلُوبِكُمْ، هِبْتُمُ النَّاسَ وَلَمْ تَهَابُونِي، وَاَجْلَلْتُمُ النَّاسَ وَلَمْ تُجِلُّونِي، وَتَرَكْتُمْ لِلنَّاسِ، وَلَمْ تَتْرُكُوا لِي، فَالْيَوْمَ اُذِيقُكُمْ اَلِيمَ الْعَذَابِ مَعَ مَا حَرَمْتُكُمْ مِنَ الثَّوَابِ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن کچھ لوگوں کو جنت کی طرف جانے کا حکم دیا جائے گا' جب وہ اس کے قریب ہوں گے تو اس کی خوشبو سونگھیں گے اور ان محلات کو دیکھیں گے جو اللہ عزوجل نے ان کے رہنے والوں کے لیے تیار کیے ہیں' اس میں سے آواز دی جائے گی: اس سے پھر جاؤ' اس میں آپ کے لیے حصہ نہیں ہے۔ وہ حسرت کے ساتھ لوٹیں گے جس طرح پہلے لوٹے تھے۔ وہ عرض کریں گے: اے رب! اگر تو ہم کو یہ دکھانے سے پہلے جہنم میں داخل کر دیتا تو ہم ان کا ثواب اور جو اس میں رہنے والوں کے لیے تیار کی گیا نہ دیکھتے' تو ہم پر زیادہ آسانی تھی۔ اللہ عزوجل فرمائے گا: میں نے تمہیں یہ دکھانے کا ارادہ کیا۔ جب تم خلوت میں ہوتے تھے تو بڑے بڑے گناہ کر کے مجھے دکھاتے' جب تم لوگوں سے ملتے تو عاجزی کا اظہار کرتے ہوئے لوگوں کے سامنے اس کے خلاف ظاہر کرتے جو تمہارے دل مجھے دیتے۔ تم لوگوں سے ڈرتے تھے' مجھ سے نہ ڈرتے تھے' لوگوں کی عزت کرتے' میری عزت نہ کرتے' لوگوں کے سامنے

5478- اسناده فيه: أبو جنادة' متهم بالوضع' قال الدارقطني: يضع الحديث . وأخرجه أيضًا في الكبير' وأبو نعيم في الحلية' وابن حبان في المجروحين . انظر مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**223** .

گناہ ترک کر دیتے، میرے سامنے نہ کرتے، آج کے دن میں تمہیں ثواب سے محروم کر کے دردناک عذاب دکھاؤں گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا أَبُو جُنَادَةَ السَّلُولِيُّ

یہ حدیث اعمش سے ابوجنادہ السلولی روایت کرتے ہیں۔

5479 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ طَارِقٍ الْوَابِشِيُّ قَالَ: ثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ الصَّفَّارُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَنْكَحَ الْوَلِيَّانِ فَالْأَوَّلُ أَحَقُّ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب دو ولی ہوں نکاح کرنے والے تو پہلا ولی زیادہ حق دار ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ إِلَّا يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَحْمَدُ بْنُ طَارِقٍ

یہ حدیث یونس بن عبید سے یوسف بن عطیہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن طارق اکیلے ہیں۔

5480 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي لَيْلَى قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ كُلُّهُنَّ فَاسِقٌ يُقْتَلْنَ فِي الْحِلِّ وَالْحَرَمِ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پانچ جانور فاسق ہیں' ان کو حرم اور حرم کے باہر مارنا جائز ہے: (۱) چیل (۲) چوہا (۳) بچھو (۴) کوا (۵) پاگل کتا۔

5479- أخرجه أبو داؤد: النكاح جلد 2 صفحه 237 رقم الحديث: 2088' والترمذي: النكاح جلد 3 صفحه 409 رقم الحديث: 1110 وقال: حديث حسن . والنسائي: البيوع جلد 7 صفحه 275 (باب الرجل يبيع السلعة فيستحقها مستحق)' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 17 بنحوه . وللطبراني في الكبير جلد 7 صفحه 222 رقم الحديث: 6924 ولفظه له .

5480- أخرجه البخاري: جزاء الصيد جلد 4 صفحه 42 رقم الحديث: 1829' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 857 .

لِلْحِدَاَةِ، وَالْفَارَةِ، وَالْعَقْرَبِ، وَالْغُرَابِ، وَالْكَلْبِ الْعَقُورِ

5481 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّفْرِ يَوْمَ النَّحْرِ، فَحَاضَتْ صَفِيَّةُ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحَابِسَتُنَا؟ فَقُلْتُ: اِنَّهَا قَدْ شَهِدَتِ الْاِفَاضَتَيْنِ مَعًا وَطَافَتْ قَالَ: فَلْتَنْفِرْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نحر کے دن نکلنے کا حکم دیا' حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو حیض آ گیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو فرمایا: اس نے ہم کو روک دیا؟ میں نے عرض کی: یہ ہمارے ساتھ آئی تھیں انہوں نے طواف کرلیا ہے۔ آپ نے فرمایا: یہاں سے نکل جائیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ اِلَّا ابْنُ اَبِي لَيْلَى، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ اَبِيهِ

یہ دونوں حدیثیں اسماعیل بن امیہ سے ابن ابی لیلیٰ روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں محمد بن عمران اپنے والد سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

5482 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَرْزَمِيُّ قَالَ: ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَتَدْخُلُنَّ الْجَنَّةَ كُلُّكُمْ اَجْمَعُونَ، اَكْتَعُونَ اِلَّا مَنْ شَرَدَ عَلَى اللّٰهِ كَشِرَادِ الْبَعِيرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم جنت میں سب کے سب جاؤ گے' مگر جو اللہ کی اطاعت سے نکل گیا جس طرح اونٹ بھاگتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَرْزَمِيُّ

یہ حدیث ابو مالک اشجعی سے شریک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن محمد العرزمی اکیلے ہیں۔

5482- اسناده فيه: شريك بن عبد الله صدوق يخطئ كثيرًا وتغير حفظه منذ ولي القضاء بالكوفة . (التقريب) . وقال الهيثمي في المجمع جلد10صفحه407: ورجاله ثقات على ضعف يسير في بعضهم .

5483 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْحَاقَ الصِّينِيُّ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: ابْنَ آدَمَ، إِنَّكَ مَا دَعَوْتَنِي وَرَجَوْتَنِي غَفَرْتُ لَكَ عَلَى مَا كَانَ فِيكَ، وَلَوْ أَتَيْتَنِي بِمِلْءِ الْأَرْضِ خَطَايَا لَقِيتُكَ بِمِلْءِ الْأَرْضِ مَغْفِرَةً مَا لَمْ تُشْرِكْ بِي شَيْئًا، وَلَوْ بَلَغَتْ خَطَايَاكَ عَنَانَ السَّمَاءِ، ثُمَّ اسْتَغْفَرْتَنِي لَغَفَرْتُ لَكَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ إِلَّا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْحَاقَ الصِّينِيُّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل انسان کو فرماتا ہے: جو تُو مجھ سے مانگے اور اُمید رکھے‘ میں تجھے معاف کر دوں گا‘ جو بھی تجھ میں ہو‘ اگر تُو میرے پاس آئے‘ تیری غلطیوں سے زمین بھری ہوئی ہو‘ میں بخشش سے بھر کر تجھے ملوں گا‘ بشرطیکہ تُو میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے‘ اگر تیرے گناہ آسمان کی بلندیوں کو پہنچ جائیں‘ پھر تُو مجھ سے بخشش طلب کرے تو میں تجھے بخش دوں گا۔

یہ حدیث حبیب بن ابوثابت سے قیس بن ربیع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن اسحاق الصینی اکیلے ہیں۔

5484 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: ثَنَا عُبَادَةُ بْنُ زِيَادٍ الْأَسَدِيُّ قَالَ: نَا أَبُو مَرْيَمَ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي غَرَزَةَ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكُنَّا نُسَمَّى السَّمَاسِرَةَ، فَقَالَ لَنَا: يَا مَعْشَرَ التُّجَّارِ، إِنَّ

حضرت قیس بن ابی غرزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس آئے‘ ہم نے تجارت کا نام سماسرہ رکھا تھا‘ آپ نے ہمیں فرمایا: اے تاجروں کے گروہ! تمہارے کاروبار کرتے وقت قسم ہوتی ہے اور شیطان حاضر ہوتے ہیں تو تم صدقہ دیا کرو۔

5483- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 19 رقم الحديث: 12346‘ والطبراني في الصغير جلد 2 صفحه 20 وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 218 وقال: وفيه ابراهيم بن اسحاق الصيني وقيس بن الربيع وكلاهما مختلف فيه‘ وبقية رجاله رجال الصحيح .

5484- أخرجه أبو داؤد: البيوع جلد 3 صفحه 339 رقم الحديث: 3326‘ والترمذي: البيوع جلد 3 صفحه 505 رقم الحديث: 1208 وقال: حسن صحيح . والنسائي: الأيمان والنذور جلد 7 صفحه 13-14 (باب في الحلف والكذب لمن لم يعتقد اليمين بقلبه)‘ وابن ماجة: التجارات جلد 2 صفحه 725-726 رقم الحديث: 2145‘ وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 8 رقم الحديث: 16140-16145 .

بَيْعَكُمْ هَذَا يَحْضُرُهُ الْحَلِفُ وَالشَّيْطَانُ، فَشُوبُوهُ بِصَدَقَةٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ إِلَّا أَبُو مَرْيَمَ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَادَةُ بْنُ زِيَادٍ

یہ حدیث حکم سے ابومریم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبادہ بن زیاد اکیلے ہیں۔

5485 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا أَبُو بِلَالٍ الْأَشْعَرِيُّ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ وَائِلِ بْنِ حَجَرٍ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ رَكَعَ وَضَعَ يَدَيْهِ عَلَى رُكْبَتَيْهِ، وَفَرَّقَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جس وقت آپ نے رکوع کیا' آپ نے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھے اور انگلیاں کھول کر رکھیں۔

إِلَّا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث عاصم بن کلیب سے قیس بن ربیع روایت کرتے ہیں۔

5486 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا عَوْنُ بْنُ سَلَّامٍ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَسْتَلِمَ الْحَجَرَ قَالَ: اللَّهُمَّ إِيمَانًا بِكَ، وَتَصْدِيقًا بِكِتَابِكَ وَسُنَّةِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يُصَلِّي عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَسْتَلِمُهُ

حضرت نافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی عادت تھی کہ جب آپ حجر اسود کو استلام کرتے' پھر یہ دعا کرتے: اے اللہ! تجھ پر ایمان لائے اور تیری کتاب پر اور تیرے نبی ﷺ کی سنت کی تصدیق کی' پھر حضور ﷺ پر درود پڑھتے اور حجر اسود کو استلام کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُهَاجِرٍ إِلَّا عَوْنُ بْنُ سَلَّامٍ

یہ حدیث محمد بن مہاجر سے عون بن سلام روایت کرتے ہیں۔

5487 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5486- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه243 وقال: ورجاله رجال الصحيح .

5487- أخرجه أبو داؤد: الحروف جلد 4صفحه33 رقم الحديث: 3987' وابن ماجة: المقدمة جلد 1صفحه37 رقم الحديث: 96' وأحمد: المسند جلد3صفحه62 رقم الحديث: 11473 بنحوه .

شَيْبَةَ قَالَ: ثَنَا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَسَدِيُّ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَهْلَ سَمَاءِ الدُّنْيَا لَيَرَوْنَ اَهْلَ عِلِّيِّينَ كَمَا يَرَى اَهْلُ الدُّنْيَا الْكَوْكَبَ الطَّالِعَ فِي اُفُقِ السَّمَاءِ، وَاَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ مِنْهُمْ وَاَنْعَمَا قُلْتُ لِعَطِيَّةَ: مَا اَنْعَمَا؟ قَالَ: اَخْصَبَا

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آسمانِ دنیا والے علیین والوں کو اس طرح دیکھیں گے جس طرح دنیا والے آسمان کے اُفق پر چمکنے والے ستاروں کو دیکھتے ہیں' ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما دونوں ان میں سے ہیں' دونوں انعام والے ہیں۔ میں نے عطیہ سے عرض کی: انعما سے کیا مراد ہے: فرمایا: اخصبا' یعنی وہ دونوں فیض والے ہیں۔

5488 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُونٍ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ عُثْمَانَ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، وَزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ، قَالَا: سَمِعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ دِمَاءَكُمْ وَاَمْوَالَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا، فِي شَهْرِكُمْ هَذَا فِي بَلَدِكُمْ هَذَا

حضرت براء اور زید بن ارقم رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ تمہارے خون اور اموال تم پر ایسے ہی حرام کیے گئے جس طرح یہ دن' اس ماہ اور اس شہر میں حرام ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا مُوسَى بْنُ عُثْمَانَ، وَلَا يُرْوَى عَنِ الْبَرَاءِ وَزَيْدِ بْنِ الْاَرْقَمِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابواسحاق سے موسیٰ بن عثمان روایت کرتے ہیں۔ حضرت براء اور زید بن ارقم سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

5489 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: ثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْكِسَائِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: اسْتَسْقَى حُذَيْفَةُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے دھقان سے پانی مانگا' اس نے آپ کو چاندی کے برتن میں پانی پیش کیا' آپ نے اس برتن کو پھینک دیا اور فرمایا: میں نے اگر آپ سے اس کے

5488- اسناده فيه: موسى بن عثمان الحضرمي: متروك . انظر مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**298** .

5489- أخرجه البخاري: اللباس رقم الحديث: **5831** من طريق ابن أبي ليلى قال: كان حذيفة به . ومسلم: اللباس جلد**3**صفحه**1637** من طريق أبي فروة' أنه سمع عبد الله بن عكيم قال: كنا مع حذيفة بالمدائن . فاستسقى حذيفة . فذكره .

دَهْقَانًا، فَسَقَاهُ فِي إِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ، فَحَذَفَ بِهِ وَقَالَ: إِنِّي لَوْ لَمْ أَتَقَدَّمْ إِلَيْهِ مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ لَمْ أَفْعَلْ، إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا بِأَنْ نَشْرَبَ فِي الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَأَنْ نَلْبَسَ الْحَرِيرَ وَالدِّيبَاجَ، فَإِنَّهَا لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَنَا فِي الْآخِرَةِ

متعلق ایک دومرتبہ نہ سنا ہوتا تو میں ایسے نہ کرتا' بے شک رسول اللہ ﷺ نے ہم کو سونے و چاندی کے برتنوں میں پینے سے منع کیا ہے اور ریشم اور دیباج پہننے سے منع کیا ہے' فرمایا: کیونکہ یہ کافروں کے لیے دنیا میں ہے اور ہمارے لیے آخرت میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، وَلَا عَنْ فُضَيْلٍ إِلَّا ابْنُهُ، وَتَفَرَّدَ بِهِ: زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْكِسَائِيُّ

یہ حدیث نافع سے فضیل بن غزوان اور فضیل سے اس کے بیٹے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں زکریا بن یحییٰ الکسائی اکیلے ہیں۔

5490 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَرَّادٍ الْأَشْعَرِيُّ قَالَ: نَا زِيَادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنُ فُرَاتٍ الْقَزَّازُ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: نَا جَدِّي فُرَاتٌ الْقَزَّازُ، عَنْ نَاجِيَةَ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: لَمَّا مَاتَ أَبُو طَالِبٍ أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: إِنَّ عَمَّكَ الضَّالَّ قَدْ مَاتَ قَالَ: فَانْطَلِقْ فَوَارِهِ . قُلْتُ: أُوَارِيهِ وَهُوَ ضَالٌّ كَافِرٌ؟ فَقَالَ: انْطَلِقْ فَوَارِ أَبَاكَ، وَلَا تُحْدِثَنَّ شَيْئًا حَتَّى تَأْتِيَنِي . فَانْطَلَقْتُ فَوَارَيْتُهُ، ثُمَّ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَغْبَرُ، فَقَالَ: انْطَلِقْ فَاغْتَسِلْ ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ، فَدَعَا لِي بِدَعَوَاتٍ مَا أُحِبُّ أَنَّ لِي بِهَا كَذَا وَكَذَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ابوطالب کا وصال ہوا تو میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: آپ کا گمراہ چچا فوت ہوگیا ہے' آپ نے فرمایا: فوراً چلو! میں نے عرض کی: میرا خیال ہے کہ وہ گمراہ کافر ہے؟ آپ نے فرمایا: اپنے والد کو فوراً لے جاؤ! کسی کو کوئی شی نہ بتانا یہاں تک کہ میرے پاس آؤ! میں چلا' میں نے دیکھا' پھر میں حضور ﷺ کے پاس آیا تو مجھ پر مٹی لگی ہوئی تھی' آپ نے فرمایا: چلو غسل کرو! آپ نے مجھے دعائیں دیں جو میرے لیے اس سے زیادہ محبوب ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ إِلَّا ابْنُهُ الْحَسَنُ، وَلَا عَنِ الْحَسَنِ إِلَّا ابْنُهُ زِيَادٌ

یہ حدیث فرات القزاز سے ان کے بیٹے حسن اور حسن سے ان کے بیٹے زیاد روایت کرتے ہیں۔

5490- أخرجه أبو داؤد: الجنائز جلد 3 صفحه 211 رقم الحديث: 3214' والنسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 65 (باب مواراة المشرك)' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 164 رقم الحديث: 1097 . انظر تلخيص الحبير جلد 2 صفحه 121 رقم الحديث: 25 .

5491 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُجَالِدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دَخَلْتُ الْبَيْتَ، فَاِذَا شَيْطَانٌ خَلْفَ الْبَابِ، فَخَنَقْتُهُ حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَ لِسَانِهِ عَلَى يَدَيَّ، فَلَوْلَا دَعْوَةُ الْعَبْدِ الصَّالِحِ لَاَصْبَحَ مَرْبُوطًا يَرَاهُ النَّاسُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: میں گھر میں داخل ہوا' میں نے دروازے کے پیچھے شیطان دیکھا' میں نے اس کا گلا دبایا یہاں تک کہ اس کی زبان کی ٹھنڈک اپنے ہاتھ پر پائی' اگر مجھے نیک صالح آدمی کی دعا یاد نہ ہوتی تو میں اس کو ضرور باندھتا' لوگ اس کو دیکھتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَالِدٍ اِلَّا ابْنُهُ اِسْمَاعِيلُ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا مُجَالِدٌ

یہ حدیث مجالد سے ان کے بیٹے اسماعیل اور شعبی سے مجالد روایت کرتے ہیں۔

5492 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: ثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ: ثَنَا اَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ قَالَ: ثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ قَالَ: ثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: مَا صَلَّيْتُ خَلْفَ اَحَدٍ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَفَّ صَلَاةً مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي تَمَامٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے کسی کے پیچھے نماز نہیں پڑھی جو رسول اللہ ﷺ سے مختصر اور مکمل پڑھتا ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ اِلَّا اَبُو عُبَيْدَةَ، وَتَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ

یہ حدیث بکر بن عبداللہ سے ہشام بن حسان اور ہشام سے ابوعبیدہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن معین اکیلے ہیں۔

5493 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: ثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ: ثَنَا وَهْبُ بْنُ

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو بزرگ ہوتا ہے اللہ کی راہ میں

5491- اسناده فيه: مجالد بن سعيد: ضعيف ـ انظر مجمع الزوائد جلد8صفحه232 .

5492- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه76 وقال: ورجاله رجال الصحيح .

5493- اسناده حسن فيه: عبد العزيز بن أبي الصعبة التيمي: لا بأس به ـ (التقريب) ـ تخريجه: الطبراني في الكبير، والبزار، وأحمد ـ انظر مجمع الزوائد جلد5صفحه161 .

جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ قَالَ: ثَنَا اَبِي قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ اَيُّوبَ يُحَدِّثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي الصَّعْبَةِ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَانَتْ لَهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: اِنَّ رِجَالًا يَنْتِفُونَ الشَّيْبَ. فَقَالَ: مَنْ شَاءَ نَتَفَ شَيْبَهُ اَوْ قَالَ: نُورَهُ.

وہ بڑھاپا اس کے لیے قیامت کے دن نور ہوگا۔ ایک آدمی نے عرض کی: کچھ لوگ اپنے سفید بال اُکھاڑتے ہیں' آپ نے فرمایا: جو چاہے اکھاڑ لے' یا فرمایا: اس کے لیے نور ہوگا۔

لَمْ يُرْوَ هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ

یہ حدیث فضالہ بن عبید سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں وہب بن جریر اکیلے ہیں۔

5733 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَلَفٍ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا اَبُو عَبَّادٍ يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَرَّتْ بِهِ جَنَازَةُ يَهُودِيٍّ، فَقَامَ، فَقِيلَ: اِنَّهَا جَنَازَةُ يَهُودِيٍّ؟ فَقَالَ: اِنَّمَا قُمْنَا لِاِخْوَانِكُمْ مِنَ الْمَلَائِكَةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے ایک یہودی کا جنازہ گزرا' آپ کھڑے ہوئے' آپ سے عرض کی گئی: یہ یہودی کا جنازہ ہے؟ آپ نے فرمایا: ہم تمہارے بھائی فرشتوں کو دیکھ کر کھڑے ہوئے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث قتادہ سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن عباد اکیلے ہیں۔

5734 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ طَالُوتَ بْنِ عَبَّادٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: لَمَّا حُضِرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ اَبَا بَكْرٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ، وَوَجَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خِفَّةً فَقَامَ مَعَ النَّاسِ خَلْفَ اَبِي بَكْرٍ فِي ثَوْبٍ مُتَوَشِّحًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نماز کا وقت ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر کو لوگوں کو نماز پڑھانے کا حکم دیا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے افاقہ پایا تو آپ حضرت ابوبکر کے پیچھے لوگوں کے ساتھ ایک کپڑا لپیٹ کر کھڑے ہوئے۔

5733- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 1 صفحه 357 وقال: صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه بهذا اللفظ . ووافقه الذهبي .

5734- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 197 رقم الحديث: 363 وقال: حسن صحيح . والنسائي: الامامة جلد 2 صفحه 61 (باب صلاة الامام خلف رجل من رعيته)' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 298 رقم الحديث: 13563 .

5735 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ طَالُوتَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا حَكَمْتُمْ فَاعْدِلُوا، وَاِذَا قَتَلْتُمْ فَاَحْسِنُوا، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ مُحْسِنٌ يُحِبُّ الْاِحْسَانَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم فیصلہ کرو تو عدل کرو، جب تم ذبح کرو تو اچھے طریقے سے ذبح کرو، بے شک اللہ عزوجل احسان کرنے والا ہے، احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِمَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ

یہ دونوں حدیثیں قتادہ سے عمران القطان روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں محمد بن بلال اکیلے ہیں۔

5736 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: ثَنَا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا مَاتَتْ رُقَيَّةُ بِنْتُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَقِي بِسَلَفِنَا الصَّالِحِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی کا وصال ہوا تو آپ نے فرمایا: اس کو ہم سے پہلے گزرے ہوئے نیک عثمان بن مظعون کے ساتھ دفن کرو، یعنی ان کے ساتھ ہی قبر بنا کر دفن کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث قتادہ سے صالح المری روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یونس بن محمد اکیلے ہیں۔

5737 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ الْخَرَّازُ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ: ثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ، فَقِيلَ لَهُ: اَلَيْسَ قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ؟ قَالَ: اَفَلَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ساری رات کھڑے رہتے، آپ کے دونوں قدم میں ورم پڑ گئے، آپ سے عرض کی گئی: کیا اللہ عزوجل نے آپ کے صدقہ سے آپ کی اُمت کے اگلے پچھلے گناہ معاف نہیں کیے ہیں؟ آپ نے فرمایا: کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں۔

5737- اسناده صحيح . تخريجه أبو يعلى، والبزار . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه274 .

اَكُونُ عَبْدًا شَكُورًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ وَرَوَاهُ غَيْرُهُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ وَرَوَاهُ اَبُو قَتَادَةَ الْحَرَّانِيُّ: عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْاَقْمَرِ، عَنْ اَبِي جُحَيْفَةَ، وَرَوَاهُ سَيْفُ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنِ اُخْتِ سُفْيَانَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ

یہ حدیث مسعر' قتادہ سے' وہ حضرت انس سے۔ حضرت قتادہ' حضرت عبداللہ بن عون' محمد بن بشر روایت کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ نے محمد بن بشر' مسعر سے' وہ زیاد بن علاقہ سے' وہ مغیرہ بن شعبہ سے۔ اس حدیث کو ابوقتادہ الحرانی' مسعر سے' وہ حضرت علی بن اقمر سے' وہ ابن ابوجحیفہ سے روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو سیف بن محمد سفیان کی بہن کے بیٹے زیاد بن علاقہ سے' وہ مغیرہ بن شعبہ سے روایت کرتے ہیں۔

5738 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، مِنْ كِتَابِهِ اِمْلَاءً قَالَ: نا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: ثنا شَيْبَانُ اَبُو مُعَاوِيَةَ. عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كُنَّا نَتَوَضَّاُ مِنَ الْاَبْرَصِ اِذَا مَسِسْنَاهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم برص کی بیماری میں وضو کرتے جب وہ ہم کو لگتی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، وَلَمْ نَكْتُبْهُ اِلَّا عَنِ الْحَضْرَمِيِّ، كَتَبَهُ عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ

یہ حدیث ابن مسعود سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبداللہ بن نمیر اکیلے ہیں۔ ہم حضرمی کے حوالے سے لکھتے ہیں' انہوں نے عبداللہ بن احمد بن حنبل سے لکھا ہے۔

5739 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، عَنْ اَبِي يَحْيَى الْقَتَّاتِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَهَى عَنِ الْمُثْلَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مثلہ کرنے سے منع کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي يَحْيَى الْقَتَّاتِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث ابویحییٰ القتات سے محمد بن ابان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالحمید بن صالح اکیلے ہیں۔

5740 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا صَالِحُ بْنُ زِيَادٍ السُّوسِيُّ قَالَ: ثَنَا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ قَالَ: ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَصُومُوا قَبْلَ رَمَضَانَ، وَصُومُوا لِرُؤْيَتِهِ، وَاَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ، فَاِنْ حَالَتْ دُونَهُ غَيَامَةٌ فَاَكْمِلُوا ثَلَاثِينَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رمضان سے پہلے روزے نہ رکھو' چاند دیکھ کر روزہ رکھو' چاند دیکھ کر عید کرو' اگر آسمان پر بادل ہوں تو تیس مکمل کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا اَبُو الْاَحْوَصِ، وَلَا عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ اِلَّا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ صَالِحُ بْنُ زِيَادٍ

یہ حدیث اشعث سے ابواحوص اور ابواحوص سے خلف بن تمیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں صالح بن زیاد روایت کرتے ہیں۔

5741 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا صَالِحُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُمْسِكُوا عَلَى شَيْءٍ، فَاِنِّي لَا اُحِلُّ اِلَّا مَا اَحَلَّ اللّٰهُ فِي كِتَابِهِ، وَلَا اُحَرِّمُ اِلَّا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فِي كِتَابِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم کسی شی پر نہ رُکو' میں وہی حلال کرتا ہوں جو اللہ نے اپنی کتاب میں حلال کیا ہے' وہی حرام کرتا ہوں جو اللہ نے اپنی کتاب میں حرام کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے علی بن عاصم روایت

5740- أخرجه أبو داؤد: الصوم جلد **2** صفحه **308** رقم الحديث: **2327**، والترمذي: الصوم جلد **3** صفحه **63** رقم الحديث: **688** وقال: حسن صحيح . والنسائي: الصيام جلد **4** صفحه **109-110** (باب ذكر الاختلاف على منصور في حديث ربعي فيه)، وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **291** رقم الحديث: **1936** .

عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الزَّعْفَرَانِيُّ

کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں زعفرانی اکیلے ہیں۔

5742 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا جَحْدَرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الرَّحَبِيُّ قَالَ: ثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الْجَنَّةِ بَيْتٌ يُقَالُ لَهُ: بَيْتُ السَّخَاءِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک گھر ہے اس کو بیت السخاء کہا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا بَقِيَّةُ، تَفَرَّدَ بِهِ جَحْدَرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الرَّحَبِيُّ

یہ حدیث اوزاعی سے بقیہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں جحدر بن عبداللہ الرحبی اکیلے ہیں۔

5743 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا جَنْدَلُ بْنُ وَالِقِ بْنِ هَجْرَسٍ التَّغْلِبِيُّ قَالَ: ثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: أَوْلَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ بِتَمْرٍ، وَسَمْنٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت اُم سلمہ سے شادی کے وقت کھجور اور گھی سے ولیمہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ إِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث حمید سے شریک روایت کرتے ہیں۔

5744 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الزُّبَيْرِ الْأَسَدِيُّ قَالَ: ثَنَا أَبِي قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اشْتَرَى مِنِّي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعِيرًا، وَاسْتَثْنَى ظَهْرَهُ إِلَى الْمَدِينَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے اونٹ خریدا اور میں نے اس کی پشت پر مدینہ تک سواری کرنے کے لیے مانگ لیا۔

5744- أصله عند البخاري ومسلم من حديث طويل . أخرجه البخاري: الجهاد جلد 6 صفحه 141 رقم الحديث: 2967' ومسلم: المساقاة جلد 3 صفحه 1223 رقم الحديث: 113 .

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهٖ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ التَّلِّ

یہ حدیث منصور سے شریک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حسن التل اکیلے ہیں۔

5745 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْعَظِيمِ بْنُ حَبِيبٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مِنْكُمْ فَرَطٌ لَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ اِلَّا تَصْرِيدًا فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لِكُلِّنَا فَرَطٌ قَالَ: اَوَ لَيْسَ مِنْ فَرَطِ اَحَدِكُمْ اَنْ يَفْقِدَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ؟

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جس کا آگے جا کر انتظام کرنے والا نہ ہو وہ جنت میں گھسٹتا ہوا داخل ہوگا' ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم میں سے ہر ایک کا فرط نہیں ہے' آپ نے فرمایا: کیا تم میں سے کسی ایک کے لیے فرط ایسے نہیں ہوسکتا ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو نہ پائے۔ (فرط کا معنی ہے: جس کا چھوٹا بچہ جو فوت ہو جائے)

5746 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَظِيمِ بْنُ حَبِيبٍ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَزَوَّجُوا، فَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ، وَاِنَّ السِّقْطَ لِيُرَى مُحْبَنْطِئًا بِبَابِ الْجَنَّةِ، فَيُقَالُ لَهُ: ادْخُلْ، فَيَقُولُ: حَتّٰى يَدْخُلَ اَبَوَايَ

حضرت سہیل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شادی کرو کیونکہ میں کثرتِ اُمت کی وجہ سے تم پر فخر کروں گا' جو بچہ مر جاتا ہے اس کو آپ جنت کے دروازے پر دیکھیں گے' اس کو کہا جائے گا: جنت میں داخل ہو جاؤ (وہ کہے گا: میں داخل نہیں ہو گا) یہاں تک کہ میرے ماں باپ داخل ہو جائیں۔

لَا يُرْوَى هٰذَانِ الْحَدِيثَانِ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا عَبْدُ الْعَظِيمِ بْنُ حَبِيبٍ

یہ دونوں حدیثیں سہل بن حنیف سے اسی سند سے روایت ہے۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں عبدالعظیم بن حبیب اکیلے ہیں۔

5747 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَرْدَانْبَهْ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے سورج کی تپش میں پانی گرم کیا' اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِی زِیَادٍ الْقَطَوَانِیِّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ السُّدِّیِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اَسْخَنْتُ مَاءً فِی الشَّمْسِ، فَاَتَیْتُ بِهِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِیَتَوَضَّاَ، فَقَالَ: یَا عَائِشَةُ، لَا تَفْعَلِی، فَاِنَّ هٰذَا یُورِثُ الْبَیَاضَ

کی بارگاہ میں لائی‘ تا کہ آپ وضو کر لیں‘ آپ نے فرمایا: اے عائشہ! تو ایسے نہ کیا کر‘ کیونکہ اس سے برص کی بیماری پیدا ہوتی ہے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ، وَلَا یُرْوَی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے محمد بن مروان روایت کرتے ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

5748 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ زَیْدٍ الْخَطَّابِیُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَیْمَانَ بْنِ اَبِی دَاوُدَ قَالَ: نا اَبِی، عَنْ عَبْدِ الْکَرِیمِ بْنِ مَالِکٍ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، یَقُولُ یَوْمًا فِی مَلَاٍ مِنَ الْمُسْلِمِینَ فِیهِمُ ابْنُ عُمَرَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: مَنْ یُسَمِّعِ النَّاسَ بِعَمَلِهِ یُسَمِّعُ اللّٰهُ بِهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ خَلْقَهُ، وَصَغَّرَهُ، وَحَقَّرَهُ فَرَاَیْتُ عَیْنَیِ ابْنِ عُمَرَ تَذْرِفَانِ

حضرت سعید بن میب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عبداللہ بن عمرو کو ایک دن مسلمانوں کے گروہ میں فرماتے ہوئے سنا: جو کوئی عمل لوگوں کے دکھاوے کے لیے کرتا ہے تو قیامت کے دن اللہ عزوجل اس کا دکھاوا اپنی مخلوق کے سامنے کرے گا‘ اس کے چھوٹے اور حقیر‘ میں نے دیکھا ابن عمر کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ سَعِیدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ اِلَّا عَبْدُ الْکَرِیمِ بْنُ مَالِکٍ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَیْمَانُ بْنُ اَبِی دَاوُدَ

یہ حدیث سعید بن میب سے عبدالکریم بن مالک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن ابوداؤد اکیلے ہیں۔

5749 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ قَالَ: ثَنَا اِسْمَاعِیلُ بْنُ مُوسَی الْفَزَارِیُّ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت خضر کا نام خضر اس لیے

5749- أخرجه البخاری: أحادیث الأنبیاء جلد 6 صفحه 499 رقم الحدیث: 3402' والترمذی: التفسیر جلد 5 صفحه 313 رقم الحدیث: 3151 .

ثَنَا الْحَكَمُ بْنُ ظُهَيْرٍ، عَنْ بِلَالِ بْنِ مِرْدَاسٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: إِنَّمَا سُمِّيَ الْخَضِرُ؛ لِأَنَّهُ قَامَ عَلَى فَرْوَةٍ مِنَ الْأَرْضِ، فَاهْتَزَّتْ خَضْرَاءَ

تھا کہ آپ خشک زمین پر کھڑے ہوتے تو وہ سبز ہو جاتی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ إِلَّا بِلَالُ بْنُ مِرْدَاسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَكَمُ بْنُ ظُهَيْرٍ

یہ حدیث عکرمہ سے بلال بن مرداس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حکم بن ظہیر اکیلے ہیں۔

5750 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زُرَارَةَ الرَّقِّيُّ قَالَ: ثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي ثَابِتٍ وَهُوَ يَعْلَى بْنُ مُرَّةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَرَقَ شِبْرًا مِنَ الْأَرْضِ، أَوْ غَلَّهُ، جَاءَ يَحْمِلُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَى أَسْفَلِ الْأَرَضِينَ

حضرت یعلیٰ بن مرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے ایک بالشت زمین چوری کی یا خیانت کی تو وہ قیامت کے دن سات زمینوں کو اُٹھائے ہوئے آئے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قُرَّةَ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ أَبِي أُنَيْسَةَ

یہ حدیث اسماعیل بن ابوخالد' قرہ سے اور اسماعیل سے زید بن ابوانیسہ روایت کرتے ہیں۔

5751 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا أَحْمَدُ بْنُ هَارُونَ بْنِ آدَمَ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا الْمُعَلَّى بْنُ تُرْكَةَ أَبُو عَبْدِ الصَّمَدِ قَالَ: ثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا أَرَادَ أَنْ يُوَجِّهَ سَرِيَّةً أَغْدَاهَا، وَقَالَ: اللَّهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب صبح کو کوئی سریہ بھیجنے کا ارادہ کرتے تو آپ عرض کرتے: اے اللہ! میری اُمت کے صبح کے کاموں میں برکت دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا

یہ حدیث قتادہ سے مسعودی روایت کرتے ہیں۔

الْمَسْعُودِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُعَلَّى بْنُ تُرْكَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

اس کو روایت کرنے میں معلّیٰ بن ترکہ اکیلے ہیں۔ حضرت عمران بن حصین سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

5752 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ بِلَالًا يُقِيمُ الصَّلَاةَ، ثُمَّ أَنْصَرِفُ إِلَى قَوْمٍ سَمِعُوا النِّدَاءَ فَلَمْ يُجِيبُوا، فَأُحَرِّقُ عَلَيْهِمْ بُيُوتَهُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے ارادہ کیا کہ میں بلال کو نماز کے لیے اقامت پڑھنے کا حکم دوں' پھر میں ان لوگوں کی طرف چلا جاؤں جنہوں نے اذان سنی ہے' وہ نماز کے لیے نہیں آئے' تو ان کو ان کے گھروں میں جلا دوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ إِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ مُقَدَّمُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث ابوحمزہ سے قاسم بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مقدم بن محمد اکیلے ہیں۔

5753 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَوْدِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ خَالِدٍ الْأَعْشَى، عَنْ مُحِلِّ بْنِ مُحْرِزٍ الضَّبِّيِّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ لَهُ وَلَدٌ، ذَكَرٌ أَوْ أُنْثَى، سَلَّمَ أَوْ لَمْ يُسَلِّمْ، رَضِيَ أَوْ لَمْ يَرْضَى، صَبَرَ أَوْ لَمْ يَصْبِرْ لَمْ يَكُنْ لَهُ ثَوَابٌ إِلَّا الْجَنَّةُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کا کوئی بچہ یا بچی مر جائے' مسلمان ہو یا غیر مسلم' خوش ہو یا نہ ہو' صبر کرے یا نہ کرے' اس کے لیے ثواب جنت ہی ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرٌو الْأَوْدِيُّ

یہ حدیث ابن مسعود سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو اودی اکیلے ہیں۔

5752- أصله عند مسلم من طريق زهير؛ ثنا أبو اسحاق عن أبي الأحوص به . أخرجه مسلم: المساجد جلد **1** صفحه **452**' والطبراني في الكبير جلد**10**صفحه**71** رقم الحديث: **9981** ولفظه للطبراني . وقال الهيثمي في المجمع جلد**2**صفحه**46**: رواه الطبراني في الأوسط ورجاله رجال الصحيح .

5754 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مَحْفُوظُ بْنُ بَحْرٍ الْاَنْطَاكِيُّ قَالَ: ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ التَّمِيمِيُّ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مُهْلِكَاتٌ، وَثَلَاثٌ مُنَجِّيَاتٍ، وَثَلَاثٌ كَفَّارَاتٌ، وَثَلَاثٌ دَرَجَاتٌ. فَاَمَّا الْمُهْلِكَاتُ: فَشُحٌّ مُطَاعٌ، وَهَوًى مُتَّبَعٌ، وَاِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهِ. وَاَمَّا الْمُنَجِّيَاتُ: فَالْعَدْلُ فِي الْغَضَبِ، وَالرِّضَى، وَالْقَصْدُ فِي الْفَقْرِ، وَالْغِنَى، وَخَشْيَةُ اللّٰهِ فِي السِّرِّ، وَالْعَلَانِيَةِ. وَاَمَّا الْكَفَّارَاتُ: فَانْتِظَارُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ، وَاِسْبَاغُ الْوُضُوءِ فِي السَّبَرَاتِ، وَنَقْلُ الْاَقْدَامِ اِلَى الْجَمَاعَاتِ. وَاَمَّا الدَّرَجَاتُ: فَاِطْعَامُ الطَّعَامِ، وَاِفْشَاءُ السَّلَامِ، وَصَلَاةٌ بِاللَّيْلِ، وَالنَّاسُ نِيَامٌ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ اِلَّا عَطَاءُ بْنُ دِينَارٍ، وَلَا عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں ہلاک کرنے والی ہیں‘ تین نجات دینے والی ہیں‘ تین گناہوں کو ختم کرنے والی ہیں‘ تین درجات کو بلند کرنے والی ہیں‘ جو ہلاک کرنے والی ہیں وہ یہ ہیں: (۱) کنجوسی جس کی اطاعت کی جائے (۲) خواہشات جس کی پیروی کی جائے (۳) آدمی اپنے آپ کو بڑا سمجھے۔ تین چیزیں جو نجات دینے والی ہیں‘ وہ یہ ہیں: (۱) غصہ کی حالت میں عدل کرنا اور خوش رہنا (۲) تنگی و خوشحالی میں میانہ روی اختیار کرنا (۳) ظاہراً علانیہ اللہ سے ڈرنا۔ جو چیزیں گناہوں کو ختم کرنے والی ہیں‘ وہ یہ ہیں: (۱) ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا (۲) مشکلات میں مکمل وضو کرنا (۳) باجماعت نماز ادا کرنے کے لیے قدم اُٹھانا۔ جو چیزیں درجات بلند کرتی ہیں‘ وہ یہ ہیں: (۱) کھانا کھلانا (۲) سلام عام کرنا (۳) اس وقت نماز پڑھنا جس وقت لوگ سو رہے ہوں۔

یہ حدیث سعید بن جبیر سے عطاء بن دینار اور عطاء سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن عبدالواحد اکیلے ہیں۔ حضرت ابن عمر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

5755 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ قَالَ: نا عُبَيْسُ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُولُوا سُورَةَ الْبَقَرَةِ، وَلَا سُورَةَ آلِ

حضرت موسیٰ بن انس بن مالک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سورۃ البقرہ‘ سورۂ آل عمران‘ سورۂ نساء اسی طرح سارے قرآن کے متعلق نہ کہو‘ لیکن کہو کہ وہ سورت جس میں گائے کا ذکر ہے‘ وہ سورت جس میں آل عمران کا ذکر ہے‘ اسی طرح

عِـمْـرَانَ، وَلَا سُورَةَ النِّسَاءِ، وَكَذٰلِكَ الْقُرْآنُ كُلُّهُ، وَلٰـكِـنْ قُـولُـوا السُّـورَـةَ الَّتِـى يُـذْكَرُ فِيهَـا الْبَقَرَةُ، وَالسُّـورَـةُ الَّتِـى يُـذْكَـرُ فِيهَـا آلُ عِـمْرَانَ وَهٰكَذَا الْقُرْآنُ كُلُّهُ

سارے قرآن کے متعلق۔

لَـمْ يَـرْوِ هٰـذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ اَنَسٍ اِلَّا عُبَيْـسُ بْـنُ مَيْـمُـونٍ، تَفَرَّدَ بِهِ خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث موسیٰ بن انس سے عبیس بن میمون روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں خلف بن ہشام اکیلے ہیں۔ حضرت انس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

5756 - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْـنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْـحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَبِي رَاشِدٍ قَالَ: ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ اَبِيهِ عَـطِيَّةَ قَـالَ: حَـدَّثَـنِـى عَبْـدُ الـلّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، اَنَّ اَبَاهُ حَـدَّثَـهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَعَثَ عَـلِـيَّ بْـنَ اَبِـى طَالِبٍ، وَخَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ، وَقَالَ: اِنْ كَـانَ قِتَالٌ فَعَلِيٌّ عَلَيْكُمْ، وَاَنَّهُ فُتِحَ عَلَيْهِمْ، فَاَصَابُوا سَبْيًـا، فَـاَخَـذَ عَـلِـيٌّ جَـارِيَةً حَسْنَاءَ لِيَبْعَثَ بِهَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَبَى عَلَيْهِ خَالِدٌ، وَقَـالَ: اَنَا اَبْعَثُ بِهَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ فَـلَـمَّـا مَـنَعَهُ انْطَلَقَ خَالِدٌ، فَبَعَثَ بُرَيْدَةَ اِلَى رَسُـولِ الـلّٰـهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ـ قَـالَ بُرَيْدَةُ: فَـاَتَيْـتُ رَسُـولَ الـلّٰـهِ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَـغْسِـلُ رَاْسَهُ: فَقُلْتُ فِي عَلِيٍّ عِنْدَهُ، وَكُنَّا اِذَا قَعَدْنَا

حضرت عبداللہ بن بریدہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا کہ حضور ﷺ نے حضرت علی بن ابوطالب اور خالد بن ولید رضی اللہ عنہما کو بھیجا اور فرمایا: اگر لڑائی ہو تو علی تم پر امیر ہیں کیونکہ ان کے ذریعے فتح ہو گی' جنگ سے ان کو کچھ قیدی ملے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک خوبصورت لونڈی پکڑی تاکہ اس کو رسول اللہ ﷺ کی طرف بھیج دیں۔ حضرت خالد نے دینے سے انکار کر دیا' کہنے لگے: میں خود حضور ﷺ کی بارگاہ میں بھیجوں گا' جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انکار کیا تو حضرت خالد چلے۔ اس کے بعد حضرت بریدہ کو رسول اللہ ﷺ کی طرف بھیجا۔ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' آپ اپنے سر کو دھو رہے تھے۔ میں نے آپ کے پاس حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق عرض کی اور ہماری عادت تھی کہ

5756- أخرجه البخاری: المغازی جلد 7صفحه664 رقم الحديث: 4350، وأحمد: المسند جلد 5صفحه421 رقم الحديث: 32100.

عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمْ نَرْفَعْ أَبْصَارَنَا إِلَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْ، يَا بُرَيْدَةُ، فَرَفَعْتُ رَأْسِي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا وَجْهُهُ مُتَغَيِّرٌ، فَلَمَّا رَأَيْتُ ذَلِكَ قُلْتُ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ، وَغَضَبِ رَسُولِ اللّٰهِ. قَالَ بُرَيْدَةُ: وَاللّٰهِ لَا أُبْغِضُهُ أَبَدًا بَعْدَ الَّذِي رَأَيْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہم جب رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوتے تھے تو ہم آپ کی بارگاہ میں اپنی نگاہیں اونچی نہیں کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے بریدہ! چھوڑو! میں نے اپنا سر حضور ﷺ کی طرف اُٹھایا' آپ کے چہرۂ مبارک کی رنگت بدلی ہوئی تھی' میں نے یہ دیکھا تو میں نے عرض کی: میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ناراضگی سے پناہ مانگتا ہوں۔ حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! میں نے اس کے بعد جس وقت سے رسول اللہ ﷺ کو حالت غصہ میں دیکھا' میں ہمیشہ کے لیے رسول اللہ ﷺ کو ناراض نہیں کروں گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطِيَّةَ إِلَّا ابْنُهُ عَمْرٌو

یہ حدیث حضرت عطیہ سے ان کے بیٹے عمرو روایت کرتے ہیں۔

5757 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ أَبِي رَاشِدٍ قَالَ: ثنا عَمْرُو بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيهِ عَطِيَّةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، أَنَّ بُرَيْدَةَ، حَدَّثَهُ أَنَّهُ: شَهِدَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُؤَمَّرُ رَجُلٌ عَلَى عَشَرَةٍ فَمَا فَوْقَهُمْ إِلَّا جِيءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُولَةً يَدُهُ إِلَى عُنُقِهِ، فَإِنْ كَانَ مُحْسِنًا فُكَّ عَنْهُ، وَإِنْ كَانَ مُسِيئًا زَادَ غُلًّا إِلَى غُلِّهِ

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پاس موجود تھے' آپ نے فرمایا: کوئی دس یا اس سے اوپر آدمیوں کا نگہبان نہ بنے' اگر بنے گا تو اس کو قیامت کے دن لایا جائے گا اس حالت میں کہ اس کے ہاتھ گردن سے بندھے ہوئے ہوں گے' اگر نیکیاں ہوں گی تو وہ اُن کے ذریعے خلاصی پالے گا' اگر بُرائیاں ہوں گی تو اس کے ہاتھ اور زیادہ سخت کر کے باندھے جائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطِيَّةَ إِلَّا ابْنُهُ عَمْرٌو، وَعِيسَى بْنُ الْمُسَيَّبِ

یہ حدیث عطیہ سے ان کے بیٹے عمرو اور عیسیٰ روایت کرتے ہیں۔

5758 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ انصار کہنے لگے کہ ان سے جوان کے آگے تھے اگر ہم

حُسَيْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَشْقَرُ قَالَ: ثَنَا نُصَيْرُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عُثْمَانَ اَبِي الْيَقْظَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَتِ الْاَنْصَارُ فِيمَا بَيْنَهُمْ: لَوْ جَمَعْنَا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَالًا، فَبَسَطَ يَدَهُ، لَا يَحُولُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ اَحَدٌ؟، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنَا اَرَدْنَا اَنْ نَجْمَعَ لَكَ مِنْ اَمْوَالِنَا، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (قُلْ لَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى) (الشوری:23) فَخَرَجُوا يَخْتَلِفُونَ، فَقَالُوا: اَلَمْ تَرَوْنَ اِلَى مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: اِنَّمَا قَالَ: هَذَا لِنُقَاتِلَ عَنْ اَهْلِ بَيْتِهِ، وَنَنْصُرَهُمْ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (اَمْ يَقُولُونَ افْتَرَى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا) (الشوری: 24) اِلَى قَوْلِهِ: (وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ) (الشوری:25)، فَعَرَّضَ لَهُمْ بِالتَّوْبَةِ اِلَى قَوْلِهِ: (وَيَسْتَجِيبُ الَّذِينَ آمَنُوا، وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ، وَيَزِيدُهُمْ مِنْ فَضْلِهِ) (الشوری: 26)، هُمُ الَّذِينَ قَالُوا هَذَا، اَنْ يَتُوبُوا اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُونَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ اَبِي الْيَقْظَانَ اِلَّا نُصَيْرُ بْنُ زِيَادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ حُسَيْنٌ الْاَشْقَرُ

رسول اللہ ﷺ کے لیے مال جمع کریں' آپ کے سامنے بچھا دیں۔ آپ کے اور ان کے درمیان کوئی حائل نہ ہو؟ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم نے اپنے اموال سے آپ کے لیے مال جمع کرنے کا ارادہ کیا ہے' اللہ عزوجل نے یہ نازل فرمایا: اے پیارے مصطفےٰ! آپ فرمائیں کہ میں تم سے اس تبلیغ پر اُجرت نہیں مانگتا سوائے اس کے کہ تم میرے قریبیوں سے مؤدت کرو۔ وہ نکلے اور اختلاف کرنے لگے' کہنے لگے: کیا تم نے دیکھا نہیں اس کی طرف کہ رسول اللہ ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟ ان میں سے بعض کہنے لگے: آپ نے یہ اس لیے فرمایا کہ ہم آپ کی اہل بیت کے ساتھ مل کر لڑیں اور ہم ان کی مدد کریں۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: کیا وہ کہتے ہیں کہ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں' یہاں وہ وہی ذات ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے' ان کو توبہ کرنے میں توفیق دی' اللہ ان لوگوں کی دعا قبول کرتا ہے جو لوگ ایمان لائے اور اچھے عمل کیے اور اپنے فضل سے اضافہ کرتا ہے' ان لوگوں کے لیے جنہوں نے یہ کہا کہ وہ اللہ سے توبہ کرتے ہیں اور بخشش طلب کرتے ہیں۔

یہ حدیث عثمان ابوالیقظان سے نصیر بن زیاد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسین اشقر اکیلے ہیں۔

5759 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْاَحْوَلُ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ نَافِعٍ الْاَشْعَرِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ،

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ نَافِعٍ

یہ حدیث سعید بن ابوبردہ سے خالد بن نافع روایت کرتے ہیں۔

5760 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ، وَاَمَرَ بِلُحُومِ الْخَيْلِ اَنْ تُؤْكَلَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پالتو گدھوں کے گوشت سے منع کیا اور گھوڑوں کا گوشت کھانے کا حکم دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا سِمَاكٌ، وَلَا عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث حضرت جابر بن زید سے سماک اور سماک سے عمر بن عبید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبید اکیلے ہیں۔

5761 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُجَالِدٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، كَانَ يَقُولُ: اِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَاَى رَبَّهُ مَرَّتَيْنِ: مَرَّةً بِبَصَرِهِ، وَمَرَّةً بِفُؤَادِهِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے کہ محمد ﷺ نے اپنے رب کو دو مرتبہ دیکھا' ایک مرتبہ اپنی آنکھ سے' دوسری مرتبہ اپنے دل سے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَالِدٍ اِلَّا ابْنُهُ اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث مجالد سے ان کے بیٹے اسماعیل روایت کرتے ہیں۔

5762 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عُقْبَةُ بْنُ قَبِيصَةَ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ: ثنا

حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے مانگا

اَبِی، عَنْ عَمَّارِ بْنِ سَيْفٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی اَوْفٰی قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَاَلْتُ رَبِّی اَلَّا اَتَزَوَّجَ اِلَی اَحَدٍ، وَلَا اُزَوِّجَ اِلَيْهِ اِلَّا كَانَ مَعِی فِی الْجَنَّةِ، فَاَعْطَانِی ذٰلِكَ

ہے کہ میں کسی سے شادی کروں یا میں اپنی کسی صاحبزادی کی شادی کروں تو میرے ساتھ جنت میں ہو مجھے یہ عطا کیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِی خَالِدٍ اِلَّا عَمَّارُ بْنُ سَيْفٍ، وَلَا عَنْ عَمَّارٍ اِلَّا قَبِيصَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُهُ

یہ حدیث اسماعیل بن ابوخالد سے عمار بن سیف اور عمار سے قبیصہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

5763 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ شُرَحْبِيلَ الْهَمْدَانِیُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيَسُرُّكُمْ اَنْ تَكُونُوا رُبُعَ اَهْلِ الْجَنَّةِ؟ فَكَبَّرُوا، ثُمَّ قَالَ: اَيَسُرُّكُمْ اَنْ تَكُونُوا ثُلُثَ اَهْلِ الْجَنَّةِ؟ فَكَبَّرُوا، ثُمَّ قَالَ: اَيَسُرُّكُمْ اَنْ تَكُونُوا نِصْفَ اَهْلِ الْجَنَّةِ؟ فَكَبَّرُوا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِشْرُونَ وَمِائَةُ صَفٍّ، اُمَّتِی مِنْهَا ثَمَانُونَ صَفًّا

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا تم پسند کرتے ہو کہ تم جنت میں چوتھائی حصہ ہو؟ صحابہ کرام نے اللہ اکبر کہا پھر فرمایا: کیا تم پسند کرتے ہو کہ تم جنت میں تہائی حصہ ہو؟ صحابہ کرام نے اللہ اکبر کہا پھر فرمایا: کیا تم پسند کرتے ہو کہ تم جنت میں نصف ہو؟ صحابہ کرام نے اللہ اکبر کہا حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن جنتیوں کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی ان میں سے میری اُمت کی صفیں اسّی ہوں گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ شُرَحْبِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى الْحِمَّانِیُّ

یہ حدیث عبداللہ بن عیسیٰ سے عیسیٰ بن شرحبیل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ الحمانی اکیلے ہیں۔

5763- أخرجه الترمذي: الجنة جلد 4 صفحه 683 رقم الحديث: 2546 وقال: حسن، وابن ماجة: الزهد جلد 2 صفحه 1433 رقم الحديث: 4289، وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 407 رقم الحديث: 23004 .

5764 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَلَّمُوا الْبَقَرَةَ، فَإِنَّ أَخْذَهَا بَرَكَةٌ، وَتَرْكَهَا حَسْرَةٌ، وَلَا يُطِيقُهَا الْبَطَلَةُ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَجِيءُ الْقُرْآنُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَالرَّجُلِ الشَّاحِبِ، يَقُولُ لِصَاحِبِهِ: هَلْ تَعْرِفُنِي؟ أَنَا الَّذِي كُنْتُ أُسْهِرُ لَيْلَكَ، وَأُظْمِءُ هَوَاجِرَكَ، وَإِنَّ كُلَّ تَاجِرٍ مِنْ وَرَاءِ تِجَارَتِهِ، وَأَنَا لَكَ الْيَوْمَ مِنْ وَرَاءِ كُلِّ تَاجِرٍ، فَيُعْطَى الْمُلْكَ بِيَمِينِهِ، وَالْخُلْدَ بِشِمَالِهِ، وَيُوضَعُ عَلَى رَأْسِهِ تَاجُ الْوَقَارِ، وَيُكْسَى وَالِدَاهُ حُلَّتَانِ، لَا يَقُومُ لَهُمَا الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا، فَيَقُولَانِ: يَا رَبُّ، أَنَّى لَنَا هَذَا؟ فَيُقَالُ لَهُمَا: بِتَعْلِيمِ وَلَدِكُمَا الْقُرْآنَ، وَإِنَّ صَاحِبَ الْقُرْآنِ يُقَالُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: اقْرَأْ، وَارْقَ فِي الدَّرَجَاتِ، وَرَتِّلْ كَمَا كُنْتَ تُرَتِّلُ فِي الدُّنْيَا، فَإِنَّ مَنْزِلَكَ عِنْدَ آخِرِ آيَةٍ مَعَكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سورۂ بقرہ سیکھو اس کا یاد کروانا برکت ہے اس کا چھوڑنا حسرت ہے جادوگر اس کو یاد کرنے کی طاقت نہیں رکھتا ہے اور حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن قرآن آئے گا ایسے جس طرح کوئی بوجھ اُٹھائے ہوئے آدمی ہوتا ہے وہ اپنے پڑھنے والے سے کہے گا: کیا تُو مجھے پہچانتا ہے؟ میں وہی ہوں جو تجھے رات کو جگاتا تھا میں تیری پیاس بجھواؤں گا ہر تاجر اپنی تجارت کے پیچھے ہے آج میں تیرے لیے ہر تاجر کے پیچھے سے ہوں فرشتہ اس کو اپنے دائیں ہاتھ سے دے گا اور خلد اپنے دائیں جانب سے اور اس کے سر پر عزت کا تاج رکھا جائے گا اس کے والدین کو عزت کے دو حلّے پہنائے جائیں گے وہ اس کے حصول کیلئے دنیا اور جو دنیا میں ہے نہیں اُٹھے ہوں گے۔ وہ دونوں عرض کریں گے: اے رب! یہ ہم کو کیسے ملا ہے؟ ان دونوں کو کہا جائے گا: تم نے اپنے بچے کو قرآن کی تعلیم دی تھی اس وجہ سے اور قرآن کے حافظ کو قیامت کے دن کہا جائے گا: پڑھتا جا اور درجات پر چڑھتا جا پڑھتا جا جس طرح تُو دنیا میں ترتیل سے پڑھتا تھا تیری آخری منزل آخری آیت پڑھنے تک ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى إِلَّا شَرِيكٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ شَرِيكٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، وَيَحْيَى الْحِمَّانِيُّ

یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عیسیٰ سے شریک اور شریک سے یزید بن ہارون اور یحییٰ الحمانی روایت کرتے ہیں۔

5765 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

الْحَضْرَمِیُّ قَالَ: نا يَحْيَى الْحِمَّانِیُّ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِی رَبَاحٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْجَنَّةُ مِائَةُ دَرَجَةٍ، مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ مَسِيرَةَ خَمْسِ مِائَةِ عَامٍ

ﷺ نے فرمایا: جنت کے سو درجات ہیں ہر دو درجوں کے درمیان پانچ سو سال کا فاصلہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے شریک روایت کرتے ہیں۔

5766 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ قَالَ: نا يَحْيَى الْحِمَّانِیُّ قَالَ: نا اَبُو بُرْدَةَ قَالَ: نا عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لُحِدَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْدٌ، وَنُصِبَ عَلَيْهِ اللَّبَنُ نَصْبًا، وَاُخِذَ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ کے لیے لحد بنائی گئی اس پر مٹی ڈالی گئی اور قبلہ کی جانب سے نکالی گئی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ اِلَّا اَبُو بُرْدَةَ

یہ حدیث علقمہ بن مرثد سے ابو بردہ روایت کرتے ہیں۔

5767 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِی وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: مَا اُحْصِی مَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ فِی الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَالرَّكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ: قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اَن گنت مرتبہ حضور ﷺ کو مغرب کے بعد دو رکعتوں اور فجر سے پہلے دو رکعتوں میں قل یا ایھا الکافرون اور قل ھو اللہ احد پڑھتے ہوئے سنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ، اِلَّا عَبْدُ

یہ حدیث عاصم سے عبدالملک بن ولید بن معدان

5767- أخرجه الترمذی: الصلاة جلد 2 صفحه 296-297 رقم الحديث: 431 وقال: غريب وفيه: عبد الملك بن الوليد بن معدان، وهو ضعيف، ضعفه أبو حاتم، وقال البخاری: فيه نظر، وقال النسائی: ليس بالقوی .

الْمَلَكِ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مَعْدَانَ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ

اور حسین بن واقد روایت کرتے ہیں۔

5768 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلَكِ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مَعْدَانَ قَالَ: ثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ زِرٍّ، وَاَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى بَيَاضِ خَدَّيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ وَعَنْ يَسَارِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اب بھی (اس منظر کو دیکھ) رہا ہوں' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رخساروں کی سرخی کی طرف' جس وقت آپ دائیں جانب سلام پھیرتے تو السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اور بائیں جانب السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ اِلَّا عَبْدُ الْمَلَكِ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مَعْدَانَ

یہ حدیث عاصم' زر سے اور عاصم سے عبدالملک بن ولید بن معدان روایت کرتے ہیں۔

5769 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا حَمْزَةُ بْنُ عَوْنٍ الْمَسْعُودِيُّ قَالَ: ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ يَزِيدَ الْاَوْدِيُّ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ كَانَ يَدْعُو بِهَذِهِ الدَّعَوَاتِ فِي اَوَّلِ قَوْلِهِ، وَبِهَا يُخْتَمُ: اللّٰهُمَّ اَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا، وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ، وَاَخْرِجْنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّورِ، وَاصْرِفْ عَنَّا الْفَحْشَاءَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، وَبَارِكْ لَنَا فِي اَسْمَاعِنَا، وَاَبْصَارِنَا، وَاَزْوَاجِنَا، وَذُرِّيَّاتِنَا، وَمَعَايِشِنَا، وَتُبْ عَلَيْنَا، اِنَّكَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے اور اس پر اختتام کرتے تھے: ''اللّٰهم اصلح ذات بيننا الى آخره''۔

5768- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1صفحه260 رقم الحديث: 996' والترمذى: الصلاة جلد 2صفحه89 رقم الحديث: 295 وقال: حسن صحيح ـ والنسائى: السهو جلد 3صفحه53 (باب كيف السلام على الشمال؟)' وابن ماجة: الاقامة جلد 1صفحه296 رقم الحديث: 914' وأحمد: المسند جلد 1صفحه580 رقم الحديث: 4279 ـ

اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ، اللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا شَاكِرِينَ لِنِعَمِكَ مُثْنِينَ بِهَا، قَابِلِيهَا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ الْاَوْدِيِّ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ الْقَاسِمِ

یہ حدیث داؤد اودی سے ولید بن قاسم روایت کرتے ہیں۔

5770 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَاصِمٍ قَالَ: نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ الْكِنْدِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: (فَيُوَفِّيهِمْ اُجُورَهُمْ وَيَزِيدُهُمْ مِنْ فَضْلِهِ) (النساء : 173) الشَّفَاعَةَ لِمَنْ وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ مِمَّنْ صَنَعَ اِلَيْهِمُ الْمَعْرُوفَ فِي الدُّنْيَا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ عزوجل کے اس ارشاد: ''ان کو پورا پورا اجر دیا جائے گا اور اپنے فضل سے اضافہ کر دے گا'' کے متعلق فرماتے: ان کے لیے شفاعت ہوگی جن کے لیے جہنم واجب ہوئی' ان اعمال کی وجہ سے جو وہ دنیا میں نیک عمل کرتے تھے اس کی وجہ سے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ الْكِنْدِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ بَقِيَّةُ

یہ حدیث اعمش سے اسماعیل الکندی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

5771 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ الْقَطَوَانِيُّ قَالَ: نا مَنْصُورُ بْنُ صُقَيْرٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ: اِذَا نَزَلَتْ بِكُمْ رَغْبَةٌ اَوْ رَهْبَةٌ، اِلَى مَنْ تَفْزَعُونَ؟ قَالُوا: اِلَى اللّٰهِ قَالَ: فَاِذَا اَجَابَكُمْ، فَاِلَى مَنْ تَعُودُونَ؟ قَالُوا: اِلَى مَا تَعْلَمُ . قَالَ: تَعْلَمُونَ وَلَا تَعْمَلُونَ، وَتَعْمَلُونَ، وَلَا تَعْلَمُونَ ثَلَاثًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرب کے ایک آدمی سے کہا: جب تم پر کوئی رغبت اور خوف آتا ہے تو تم کس سے پناہ لیتے ہو؟ انہوں نے عرض کی: اللہ سے' آپ نے فرمایا: جب تمہاری دعا قبول کر لی جاتی ہے تو تم کس طرف لوٹتے ہو؟ انہوں نے کہا: اس کی طرف جو آپ جانتے ہیں' آپ نے فرمایا: جاننے کے باوجود تم جانتے نہیں ہو' جاننے کے باوجود تم جانتے نہیں ہو' تین مرتبہ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ

یہ حدیث حمید سے حماد بن سلمہ اور حماد سے منصور

سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ إِلَّا مَنْصُورُ بْنُ صُقَيْرٍ

بن صقیر سے روایت کرتے ہیں۔

5772 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحَرْبِيُّ قَالَ: نا الْهِقْلُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُبِّبَ إِلَيَّ النِّسَاءُ، وَالطِّيبُ، وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِي فِي الصَّلَاةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے اپنی بیویوں اور خوشبو کی محبت دی گئی ہے اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز بنائی گئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا الْهِقْلُ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ الْحَرْبِيُّ

یہ حدیث اوزاعی سے ہقل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن عثمان الحربی اکیلے ہیں۔

5773 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا طَاهِرُ بْنُ أَبِي أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا حَبِيبُ بْنُ حَسَّانَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، وعَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُشَاكُ مُؤْمِنٌ شَوْكَةً فَمَا فَوْقَهَا إِلَّا حَطَّ اللَّهُ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً، وَرَفَعَهُ بِهَا دَرَجَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کسی مؤمن کو کانٹا چبھتا ہے یا اس سے اوپر کوئی شی چھین لی جاتی ہے تو اللہ عزوجل اس کے ذریعے ایک گناہ مٹاتا ہے اور ایک درجہ بلند کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ حَسَّانَ إِلَّا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ

یہ حدیث حبیب بن حسان سے ابواحمد الزبیری روایت کرتے ہیں۔

5774 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ زَيْدٍ الْخَطَّابِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي دَاوُدَ قَالَ: ثنا الْمُثَنَّى أَبُو

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سخاوت کرو، تم مالدار ہو جاؤ گے۔

5772- أخرجه النسائى: عشرة النساء جلد 7 صفحه 58 (باب حب النساء)، وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 157 رقم الحديث: 12301 .

5773- أخرجه مسلم: البر جلد 4 صفحه 1991، والترمذى: الجنائز جلد 3 صفحه 288 رقم الحديث: 965، ومالك فى الموطأ: العين جلد 2 صفحه 941 رقم الحديث: 6 بنحوه .

حَاتِمٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَيْزَارِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَقِيلُوا الْكِرَامَ عَثَرَاتِهِمْ

5775 - وَبِاِسْنَادِهِ: قَالَ: تَهَادُوا تَزْدَادُوا حُبًّا

اسی سند سے ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ہدیہ دیا کرو محبت میں اضافہ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَيْزَارِ اِلَّا الْمُثَنَّى اَبُو حَاتِمٍ، وَلَا رَوَاهُمَا عَنِ الْمُثَنَّى اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی دَاوُدَ، وَرَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ

یہ دونوں حدیثیں عبیداللہ بن عیزار سے مثنیٰ ابوحاتم اور ان دونوں سے محمد بن سلیمان بن ابوداؤد اور ریحان بن سعید روایت کرتے ہیں۔

5776 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ قَالَ: نا اَبُو كُرَيْبٍ قَالَ: نا فِرْدَوْسُ بْنُ الْاَشْعَرِیِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی بَكْرِ بْنِ اَبِی مُلَيْكَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اَتَی رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ خَضَبَ بِالصُّفْرَةِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هٰذَا الْخِضَابُ، اَعَرَسْتَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالَ: اَوْلَمْتَ؟ قَالَ: لَا، فَرَمَی اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، وَقَالَ: اَوْلِمْ، وَلَوْ بِشَاةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اس حالت میں آئے کہ انہوں نے زرد خضاب لگایا ہوا تھا' حضور ﷺ نے ان سے فرمایا: یہ خضاب آپ نے کیوں لگایا ہے' کیا آپ نے شادی کر لی ہے؟ حضرت عبدالرحمٰن نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: کیا آپ نے ولیمہ کیا ہے؟ حضرت عبدالرحمٰن نے عرض کی: نہیں! حضور ﷺ نے ان کی طرف سونے کی ایک ڈلی بھیجی اور فرمایا: ولیمہ کرو اگرچہ ایک بکری ذبح کر کے ہو سکے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِیِّ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْمُلَيْكِیُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِلَّا فِرْدَوْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو كُرَيْبٍ

یہ حدیث زہری سے عبدالرحمٰن الملیکی اور حضرت عبدالرحمٰن سے فردوس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوکریب اکیلے ہیں۔

5777 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الصِّينِیُّ قَالَ: نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز پڑھتے تو اپنے قدموں کے نیچے کوئی شی نہیں رکھتے تھے مگر جب بارش ہوتی تو آپ اپنے دونوں

اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى لَا يَضَعُ تَحْتَ قَدَمَيْهِ شَيْئًا، اِلَّا اَنَا مُطِرْنَا يَوْمًا فَوَضَعَ تَحْتَ قَدَمَيْهِ نِطْعًا

قدموں کے نیچے چمڑا رکھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُقْدَمِ بْنِ شُرَيْحٍ اِلَّا قَيْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ الصِّينِيُّ

یہ حدیث مقدام بن شریح سے قیس روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابراہیم الصینی اکیلے ہیں۔

5778 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ زِيَادٍ الْعِجْلِيُّ قَالَ: نا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا الْغِنَى؟ قَالَ: الْيَاْسُ مِمَّا فِي اَيْدِي النَّاسِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے پوچھا گیا: سخی کون ہے؟ آپ نے فرمایا: جو لوگوں کے ہاتھ میں ہے اس سے مایوس ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ زِيَادٍ

یہ حدیث عاصم سے ابوبکر بن عیاش روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن زیاد اکیلے ہیں۔

5779 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ شَبِيبِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَيْنَانِ لَا يَرَيَانِ النَّارَ: عَيْنٌ بَكَتْ وَجَلًا مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ، وَعَيْنٌ بَاتَتْ تَكْلَاُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دو آنکھیں جہنم نہ دیکھیں گی‘ ایک آنکھ جو اللہ کے خوف سے روتی تھی اور ایک وہ آنکھ جو اللہ کی راہ میں حفاظت کرتی تھی۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ شَبِيبِ بْنِ بِشْرٍ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث شبیب بن بشر سے اسرائیل روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں زافر بن سلیمان اکیلے ہیں۔

5780 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ قَالَ: نا مِنْجَابُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ: نا اَبُو

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لذت کو ختم کرنے والی کو کثرت سے یاد

قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ السَّكَنِ الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: نا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَوَى اِلَى فِرَاشِهِ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْلَمْتُ نَفْسِي اِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ اَمْرِي اِلَيْكَ، وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِي اِلَيْكَ، رَغْبَةً، وَرَهْبَةً اِلَيْكَ، لَا مَلْجَاَ، وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، آمَنْتُ بِمَا اَنْزَلْتَ مِنْ كِتَابٍ، وَبِمَا اَرْسَلْتَ مِنْ رَسُولٍ

حضور ﷺ جب بستر پر سونے کے لیے آتے تو یہ دعا پڑھتے: ''اللّٰهم انی اسلمت الٰی آخرہ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث ثابت البنانی سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مؤمل بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

6052 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْكُوفِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ صَفْوَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ كَانَ لَهُ كَاَجْرِ عِتْقِ رَقَبَةٍ اَوْ قَالَ: اَرْبَعِ رِقَابٍ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت قاسم بن صفوان اپنے والد سے' وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے نمازِ عصر کے فرضوں سے پہلے چار رکعت سنتیں پڑھیں' اس کے لیے ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ہوگا' یا فرمایا: اولادِ اسماعیل سے چار غلام آزاد کرنے کا۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ الزُّهْرِيِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ

یہ حدیث صفوان زہری سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں زید بن اخزم اکیلے ہیں۔

6053 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت

6053- أخرجه البخاری: الطب جلد10صفحه216 رقم الحديث: 5742' وأبو داؤد: الطب جلد 4صفحه10-11 رقم الحديث: 3890 .

قَالَ: نا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: ثَنَا هِلَالُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ التَّيْمِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، وحَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، دَخَلَ عَلَى رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِهِ وَهُوَ مَرِيضٌ، فَقَالَ: اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ، اشْفِ، وَاَنْتَ الشَّافِي، لَا شَافِيَ اِلَّا اَنْتَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا

ہے کہ حضور ﷺ اپنے اصحاب میں سے کسی آدمی کے پاس اس کی بیماری کا پتہ لینے کے لیے آئے تو آپ نے یہ دعا پڑھی: ''اذهب الباس الٰی آخرہٖ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا هِلَالُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو حَفْصٍ

یہ حدیث حماد بن ابوسلیمان سے حماد بن سلمہ اور حماد سے ہلال بن عبدالملک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوحفص اکیلے ہیں۔

6054 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الذِّمَارِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ سُورِينَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: صَلَّيْتُ الصُّبْحَ بِمَكَّةَ اِلَى جَنْبِ شَيْخٍ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ قَالَ: مَا صَلَّيْتُ خَلْفَ اَحَدٍ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَشْبَهَ صَلَاةً بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنْ هٰذَا الْفَتَى وَالْاِمَامُ يَوْمَئِذٍ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، قُلْتُ: مَنْ اَنْتَ رَحِمَكَ اللّٰهُ؟ قَالَ: اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ

حضرت یحییٰ بن ولید بن سورین فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بیان کیا' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے مکہ میں صبح کی نماز ایک بزرگ کے پیچھے پڑھی' جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے عرض کی: میں نے رسول اللہ ﷺ کے بعد کسی کے پیچھے نماز نہیں پڑھی جس کی نماز رسول اللہ ﷺ کے مشابہ ہو سوائے اس نوجوان کے' ان کی مراد حضرت عمر بن عبدالعزیز تھے۔ میں نے عرض کی: اللہ آپ پر رحم کرے! آپ کون ہیں؟ انہوں نے کہا: انس بن مالک۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ سُورِينَ اِلَّا ابْنُهُ يَحْيَى بْنُ الْوَلِيدِ، وَلَا عَنْ يَحْيَى اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ

یہ حدیث ولید بن سورین سے ان کے بیٹے یحییٰ بن ولید اور یحییٰ سے عبدالملک الزماری روایت کرتے ہیں۔

6054- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **233** رقم الحديث: **888**' والنسائي: التطبيق جلد **2** صفحه **178** (باب عدد التسبيح في السجود) .

الذِّمَارِیُّ

6055 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُونُسَ الْعُصْفُرِیُّ قَالَ: نا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ قَالَ: نا الْمِنْهَالُ بْنُ بَحْرٍ اَبُو سَلَمَةَ قَالَ: ثَنَا اَبُو الْحَوَارِیِّ، مَوْلٰی عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ شَقِیقٍ . قَالَ: نا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: كُنَّا نَنْقُلُ الْمَاءَ فِی جُلُودِ الْاِبِلِ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ شَجُّوهُ فِی وَجْهِهِ

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی الْحَوَارِیِّ اِلَّا الْمِنْهَالُ بْنُ بَحْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو حَفْصٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے لیے جس دن آپ کے چہرے کو زخمی کیا گیا' اونٹوں کے چمڑوں پر پانی اُٹھاتے تھے۔

یہ حدیث ابوالحواری سے منہال بن بحر روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں ابوحفص اکیلے ہیں۔

6056 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُونُسَ الْعُصْفُرِیُّ قَالَ: نا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ قَالَ: نا زِیَادُ بْنُ الرَّبِیعِ الْیُحْمَدِیُّ قَالَ: ثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَیْكُمْ بِالْاِثْمِدِ عِنْدَ النَّوْمِ، فَاِنَّهُ یُنْبِتُ الشَّعَرَ، وَیَجْلُو الْبَصَرَ

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا زِیَادُ بْنُ الرَّبِیعِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم سوتے وقت اثمد سرمہ لگایا کرو کیونکہ یہ بال اُگاتا ہے اور نگاہ تیز کرتا ہے۔

یہ حدیث ہشام بن حسان سے زیاد بن ربیع روایت کرتے ہیں۔

6057 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُونُسَ الْعُصْفُرِیُّ قَالَ: ثَنَا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ قَالَ: ثَنَا اَبُو دَاوُدَ الطَّیَالِسِیُّ قَالَ: ثَنَا بِسْطَامُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِینَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کشمش اور کھجور اور خشک اور تازہ کھجور کی نبیذ نہ بناؤ۔

6056- أخرجه ابن ماجة: الطب جلد**2**صفحه**1156** رقم الحديث: **3496** .

6057- أخرجه البخاري: الأشربة جلد**10**صفحه**69** رقم الحديث: **5601**، ومسلم: الأشربة جلد**3**صفحه**1248** .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَخْلِطُوا الزَّبِيبَ، وَالتَّمْرَ، وَلَا الْبُسْرَ، وَالتَّمْرَ يَعْنِي: النَّبِيذَ

6058 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: ثَنَا بِسْطَامُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَهُمْ، فَقَالَ: الْعُمْرَى جَائِزَةٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو خطبہ دیا' فرمایا: عمریٰ جائز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ بِسْطَامِ بْنِ مُسْلِمٍ إِلَّا أَبُو دَاوُدَ

یہ دونوں حدیثیں بسطام بن مسلم سے ابوداؤد روایت کرتے ہیں۔

6059 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا أَبُو عَاصِمٍ قَالَ: ثَنَا مَنْصُورُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ، وَالْبُسْرِ وَالتَّمْرِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو خطبہ دیا' فرمایا: غیرآباد زمین کو آباد کرنا جائز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ دِينَارٍ إِلَّا أَبُو عَاصِمٍ

یہ حدیث منصور بن دینار سے ابوعاصم روایت کرتے ہیں۔

6060 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ السَّوَّاقُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ: ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَامَ وَهُوَ جَالِسٌ فَلَا وُضُوءَ عَلَيْهِ، فَإِذَا

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو بیٹھے بیٹھے سو گیا اس پر وضو نہیں ہے' جو کروٹ کے بل سو گیا اس پر وضو ہے۔

6058- أخرجه البخاري: الهبة جلد5صفحه282 رقم الحديث: 2626' ومسلم: الهبات جلد3صفحه1248 .

6059- تقدم تخريجه قريبًا .

وَضَعَ جَنْبَهُ فَعَلَيْهِ الْوُضُوءُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ إِلَّا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ حدیث لیث سے حسن بن ابوجعفر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالقاہر بن شعیب اکیلے ہیں۔

6061 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ أَبِي حَدْرَدٍ الْأَسْلَمِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَمَعْدَدُوا، وَاخْشَوْشَنُوا، وَامْشُوا حُفَاةً

قعقاع بن ابی حدرد اسلمی سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اپنے آپ کو مضبوط اور کھردرا بناؤ' ننگے پاؤں چلو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ أَبِي حَدْرَدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى

قعقاع بن ابی حدرد سے اس حدیث کو اسی سند سے روایت کیا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ صفوان بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

6062 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَرَاءِ الْغَنَوِيُّ قَالَ: نا مَعْقِلُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَنَسٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنْ ثَلَاثِ خِصَالٍ: عَنِ الشَّمْسِ، وَالْقَمَرِ، وَالنُّجُومِ، مِنْ أَيِّ شَيْءٍ خُلِقْنَ؟ فَقَالَ: حَدَّثَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُنَّ خُلِقْنَ مِنْ نُورِ الْعَرْشِ

حضرت عبیداللہ بن ابوبکر بن انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے تین چیزوں کے متعلق پوچھا: سورج' چاند اور ستارے کہ یہ کس شی سے پیدا ہوئے ہیں؟ حضرت انس نے فرمایا کہ مجھے حضور ﷺ نے بتایا: یہ عرش کے نور سے پیدا کیا گئے ہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَزِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَرَاءِ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں یزید بن عمرو بن البراء اکیلے ہیں۔

6063 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَرَاءِ الْغَنَوِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الشَّيْبَانِيُّ قَالَ: ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ خُثَيْمِ بْنِ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ وَلِيَ مِنْ اَمْرِ النَّاسِ وِلَايَةً، وَكَانَتْ نِيَّتُهُ عَلَى الْحَقِّ، وُكِّلَ بِهِ مَلَكَانِ يُوَفِّقَانِهِ، وَيُرْشِدَانِهِ، وَمَنْ وَلِيَ مِنْ اَمْرِ النَّاسِ شَيْئًا، وَكَانَتْ نِيَّتُهُ غَيْرَ الْحَقِّ، وَكَّلَهُ اللّٰهُ اِلَى نَفْسِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں میں سے کسی کام کا ولی بنا' اس کی نیت صاف ہے تو دو فرشتے اس کے وکیل بنائے جائیں گے جو اس کو توفیق اور راہنمائی کریں گے' جو لوگوں میں سے کسی شی کا ولی بنا اور اُس کی نیت صاف نہیں تھی تو اللہ عزوجل اس کو اس کے سپرد کردے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَزِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَرَاءِ

یہ حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں یزید بن عمرو بن البراء اکیلے ہیں۔

6064 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا قَرِينُ بْنُ سَهْلِ بْنِ قَرِينٍ السَّدُوسِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا هَمَّ اِلَّا هَمُّ الدَّيْنِ، وَلَا وَجَعَ اِلَّا وَجَعُ الْعَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: غم صرف دین کا غم ہے' تکلیف صرف آنکھ کی تکلیف ہے۔

6065 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا قَرِينُ بْنُ سَهْلِ بْنِ قَرِينٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِنْفَانِ مِنْ اُمَّتِي لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاِسْلَامِ نَصِيبٌ الْمُرْجِئَةُ، وَالْقَدَرِيَّةُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کے دو قسم کے لوگوں کے لیے اسلام میں سے کوئی حصہ نہیں ہے: مرجئہ اور قدریہ۔

6066 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا قَرِينُ بْنُ سَهْلِ بْنِ قَرِينٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، اِنَّ لِلْكَعْبَةِ لِسَانًا، وَشَفَتَيْنِ، وَلَقَدِ اشْتَكَتْ اِلَى اللّٰهِ، فَقَالَتْ: يَا رَبِّ، قَلَّ عُوَّادِي، وَقَلَّ زُوَّارِي، فَاَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَيْهَا: اِنِّي خَالِقٌ بَشَرًا خُشَّعًا سُجَّدًا، يَحِنُّونَ اِلَيْكِ كَمَا تَحِنُّ الْحَمَامَةُ اِلَى بَيْضَتِهَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! کعبہ کی زبان اور دو ہونٹ ہوں گے' اللہ کی بارگاہ میں عرض کرے گا: اے رب! تُو فرمایا: میری طرف لوٹ آؤ اور میری زیارت کرو! اللہ عزوجل ان کی طرف وحی کرے کہ میں ایک انسان بنانے والا ہوں جو رکوع اور سجود کرنے والا ہے' تیری طرف ایسے آئیں گے جس طرح کبوتری اپنے انڈے کی طرف آتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ اِلَّا سَهْلُ بْنُ قَرِينٍ

یہ حدیث ابن ابوذئب سے سہل بن قرین روایت کرتے ہیں۔

6067 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: ثَنَا خَلَّادُ بْنُ يَزِيدَ الْبَاهِلِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُلَيْكِيُّ، زَوْجُ جَبْرَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ، يَا خَالَةُ، اِنِّي لَاُفَكِّرُ فِي اَمْرِكِ، وَاَعْجَبُ مِنْ اَشْيَاءَ، وَلَا اَعْجَبُ مِنْ اَشْيَاءَ، وَجَدْتُكِ مِنْ اَفْقَهِ النَّاسِ، فَقُلْتُ: وَمَا يَمْنَعُهَا؟ زَوْجَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبِنْتُ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، وَوَجَدْتُكِ عَالِمَةً بِاَنْسَابِ الْعَرَبِ وَاَيَّامِهَا، فَقُلْتُ: وَمَا يَمْنَعُهَا؟ وَاَبُوهَا عَلَّامَةُ قُرَيْشٍ، وَلَكِنِّي اِنَّمَا اَقْضِي الْعَجَبَ اَنِّي وَجَدْتُكِ عَالِمَةً بِالطِّبِّ، فَمِنْ اَيْنَ؟ فَقَالَتْ: يَا عُرَيَّةُ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَثُرَتْ اَسْقَامُهُ، فَكُنَّا نُعَالِجُ

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی: اے خالہ! میں آپ کے کاموں میں غور وفکر کرتا ہوں' مجھے کچھ اشیاء تعجب والی ہیں اور کچھ اشیاء تعجب والی نہیں ہیں' میں آپ کو لوگوں سے زیادہ فقیہ پاتا ہوں۔ میں نے عرض کی: آپ کو یہ سیکھنے سے کوئی رکاوٹ نہیں تھی کیونکہ آپ رسول کریم ﷺ کی زوجہ اور ابوبکر صدیق کی بیٹی تھیں' میں نے آپ کو عرب کے نسب اور دن یاد رکھنے والا پایا ہے' میں نے کہا: آپ کو اس کے دیکھنے سے کوئی رکاوٹ نہیں تھی کیونکہ آپ کے والد قریش کے علامہ تھے' لیکن مجھے سب سے زیادہ تعجب ہوتا ہے کہ میں نے آپ کو حکمت جاننے والا پایا ہے' یہ آپ نے کہاں سے سیکھی ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے عریّہ!

رسول اللہ ﷺ کثرت سے بیمار ہوتے تھے' ہم آپ کا علاج کرتی تھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُلَيْكِيِّ إِلَّا خَلَّادُ بْنُ يَزِيدَ الْبَاهِلِيُّ

یہ حدیث محمد بن عبدالرحمٰن ملیکی سے خلاد بن یزید باہلی روایت کرتے ہیں۔

6068 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْبَرَاءِ الْغَنَوِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ السَّلَمِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ أَبِي سَارَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهَا بِحَدِيثٍ وَهُوَ مَعَهَا فِي لِحَافٍ، فَقَالَتْ: بِأَبِي، وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَوْلَا تُحَدِّثُنِي هَذَا الْحَدِيثَ لَظَنَنْتُ أَنَّهُ خُرَافَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا حَدِيثُ خُرَافَةَ يَا عَائِشَةُ؟ قَالَتْ: الشَّيْءُ إِذَا لَمْ يَكُنْ قِيلَ حَدِيثُ خُرَافَةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَصْدَقَ الْحَدِيثِ حَدِيثُ خُرَافَةَ، رَجُلٌ مِنْ بَنِي عُذْرَةَ، سَبَتْهُ الْجِنُّ، وَكَانَ يَكُونُ مَعَهُمْ، فَإِذَا اسْتَرَقُوا السَّمْعَ أَخْبَرُوهُ، فَيُخْبِرُ بِهِ النَّاسَ، فَيَجِدُونَهُ كَمَا قَالَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے آپ کو حدیث بیان کی اس حال میں کہ آپ میرے ساتھ بستر میں تھے' میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! اگر آپ مجھے یہ حدیث بیان نہ کرتے' میں گمان کرتی کہ یہ خرافہ ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! حدیث خرافہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: ایسی شی جس میں کچھ نہ ہو' اس کو حدیث خرافہ کہا جاتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: سب سے زیادہ سچی بات خرافہ کی بات ہے۔ یہ بنی عذرہ کا ایک آدمی تھا' جنوں نے اس کو قید کر لیا' یہ ان کے ساتھ تھا' جب یہ لوگوں کو بتاتا تو لوگ ایسے پاتے جس طرح اس نے کہا ہوتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا ثَابِتٌ، وَلَا عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ أَبِي سَارَةَ، وَلَا عَنْ عَلِيٍّ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَزِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْغَنَوِيُّ

یہ حدیث معاذ بن جبل سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عثمان بن عبدالرحمٰن طرائفی اکیلے ہیں۔

6069 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: ثَنَا رِزْقُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّرَائِفِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ،

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک لونڈی خرید کر گھر لائے تو اُسے سب سے پہلے میٹھی

عَنْ اَبِی سَلَمَةَ سُلَيْمَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نَسِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا ابْتَاعَ اَحَدُكُمُ الْجَارِيَةَ فَلْيَكُنْ اَوَّلُ مَا يُطْعِمُهَا الْحَلْوَى، فَاِنَّهُ اَطْيَبُ لِنَفْسِهَا

چیز کھلائے کیونکہ میں اس کے لیے اسی کو پسند کرتا ہوں۔

لَمْ يُرْوَ هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّرَائِفِيُّ

اس حدیث کو حضرت معاذ بن جبل سے اسی سند کے ساتھ روایت کیا گیا۔ حضرت عثمان بن عبدالرحمٰن اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

6070 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْحَنَفِيُّ قَالَ: ثنا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَاْسُ الْعَقْلِ بَعْدَ الْاِيمَانِ بِاللّٰهِ التَّوَدُّدُ اِلَى النَّاسِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کے بعد عقل مکمل ہوتی ہے۔

6071 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی سُوَيْدٍ الذَّارِعُ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا زَائِدَةُ، عَنْ بَيَانٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَيَّرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَفَكَانَ ذٰلِكَ طَلَاقًا؟

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم کو رسول اللہ ﷺ نے اختیار دیا' کیا وہ طلاق ہے؟

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَيَانٍ اِلَّا زَائِدَةُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ زَائِدَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، وَخَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ، وَيَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ

یہ حدیث بیان سے زائدہ اور زائدہ سے عبداللہ بن رجاء اور حلف بن تمیم اور یحییٰ بن یعلیٰ بن حارث روایت کرتے ہیں۔

6072 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ

6071- أخرجه البخاري: الطلاق جلد9صفحه280 رقم الحديث: 5263' ومسلم: الطلاق جلد2صفحه1104 .

6072- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه363 رقم الحديث: 831' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه301 .

سُوَيْدٍ قَالَ: ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: ثَنَا أَبُو عَوْنٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي التَّشَهُّدِ: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ، وَالصَّلَوَاتُ، وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا، وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ لَمْ يَرْفَعْ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ إِلَّا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ

سے جو التحیات روایت کرتے ہیں وہ یہ ہے: ''التحیات للّٰہ الی آخرہٖ''۔

یہ حدیث ابن عون سے عثمان بن خیثم روایت کرتے ہیں۔

6073 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي سُوَيْدٍ، نَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُجَالِدِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، يَقُولُ: نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: (وَمَنْ يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيهَا) (النساء: 93) بَعْدَ الَّتِي فِي الْفُرْقَانِ: (وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ) (الفرقان: 68) بِسِتَّةِ أَشْهُرٍ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ إِلَّا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت زید بن ثابت فرماتے ہیں: یہ آیت ''ومن یقتل مؤمنا متعمدًا الی آخرہٖ'' اس آیت ''والذین لا یدعون الی آخرہٖ'' کے بعد نازل ہوئی ہے۔

یہ حدیث حماد بن زید سے مسلم بن ابراہیم روایت کرتے ہیں۔

6074 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي سُوَيْدٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سَلَّامٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا خَالِدُ

حضرت معاویہ بن قرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو ان دو پودوں

6073- أخرجه أبو داؤد: الفتن جلد 4 صفحه 101 رقم الحديث: 4272، والنسائي: تحريم الدم جلد 7 صفحه 81 (باب تعظيم الدم)، والبيهقي في الكبرى جلد 8 صفحه 29-30 رقم الحديث: 15828 .

6074- أخرجه أبو داؤد: الأطعمة جلد 3 صفحه 360 رقم الحديث: 3827، وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 25 رقم الحديث: 16253، والطبراني في الكبير جلد 19 صفحه 30 رقم الحديث: 65 وقال: واسناده صحيح .

بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَكَلَ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا، فَاِنْ كُنْتُمْ لَا بُدَّ تَاْكُلُوهُمَا فَاَمِيتُوهُمَا طَبْخًا

سے کھائے وہ ہماری مسجد کے قریب نہ آئے' اگر تم نے ان دونوں کو ضروری کھانا ہے تو پکا کر کھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ مَيْسَرَةَ

یہ حدیث معاویہ بن قرہ سے خالد بن میسرہ روایت کرتے ہیں۔

6075 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي سُوَيْدٍ الذَّارِعُ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ قَالَ: نا اَبِي الْهَيْثَمُ بْنُ جَهْمٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ حَالٍ يَكُونُ عَلَيْهَا الْعَبْدُ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ اَنْ يَرَاهُ سَاجِدًا مُعَفِّرًا وَجْهَهُ فِي التُّرَابِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی بندہ اللہ عزوجل کے نزدیک کسی حالت میں اتنا محبوب نہیں ہوتا ہے جتنا حالتِ سجدہ میں جبکہ اس کا چہرہ مٹی سے گرد آلود ہوا ہوتا ہے۔

6076 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي سُوَيْدٍ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ وَمَعَهُ نِسْوَةٌ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَوَعَظَهُنَّ، وَذَكَّرَهُنَّ، وَقَالَ: مَا مِنْكُنَّ مِنِ امْرَاَةٍ يَمُوتُ لَهَا ثَلَاثٌ مِنَ الْوَلَدِ اِلَّا دَخَلَتِ الْجَنَّةَ، فَقَامَتِ امْرَاَةٌ، هِيَ مِنْ اَجَلِّهِنَّ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَذَاتُ الِاثْنَيْنِ قَالَ: وَذَاتُ الِاثْنَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مسجد میں داخل ہوئے' آپ کے ساتھ انصار کی کچھ عورتیں تھیں' آپ نے ان کو وعظ و نصیحت فرمائی اور فرمایا: تم میں سے کوئی عورت جس کے تین بچے فوت ہو جائیں' وہ عورت جنت میں داخل ہوگی' ایک عورت کھڑی ہوئی' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! دو فوت ہو جائیں؟ آپ نے فرمایا: دو بھی ہو جائیں تب بھی جنت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا الْهَيْثَمُ بْنُ جَهْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ

یہ دونوں حدیثیں عاصم سے ہشیم بن جہم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عثمان بن ہشیم

6076- أخرجه أحمد: المسند جلد **1** صفحه **546** رقم الحديث: **3994**' والطبراني في الكبير جلد **10** صفحه **188** رقم الحديث: **10414**.

اکیلے ہیں۔

6077 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي سُوَيْدٍ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا خُزَاعِيُّ بْنُ زِيَادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلِ الْمُزَنِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَذْفِ، وَقَالَ: اِنَّهَا لَا يُصَادُ بِهَا صَيْدٌ، وَلَا يُنْكَأُ بِهَا عَدُوٌّ، وَلَكِنَّهَا تَكْسِرُ السِّنَّ، وَتَفْقَأُ الْعَيْنَ

حضرت خزاعی بن زیاد بن عبداللہ بن معقل اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کنکری مارنے سے منع کیا اور فرمایا: اس سے نہ شکار ہوتا ہے نہ دشمن مرتا ہے' اس سے دانت ٹوٹتا ہے اور آنکھ ضائع ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُزَاعِيِّ بْنِ زِيَادٍ اِلَّا الْهَيْثَمُ بْنُ الْجَهْمِ

یہ حدیث خزاعی بن زیاد سے ہشیم بن جہم روایت کرتے ہیں۔

6078 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي سُوَيْدٍ الذَّارِعُ قَالَ: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْعَتَكِيُّ قَالَ: ثنا عِمْرَانُ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ قَالَ: ثنا مَوْلًى لَنَا يُقَالُ لَهُ: الْعَلَاءُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَكُونَ خَلْفَ الْاِمَامِ، وَاِلَّا فَعَنْ يَمِينِهِ

حضرت ابوبرزہ اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تو طاقت رکھے تو امام کے پیچھے کھڑا ہو ورنہ اس کی دائیں جانب۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي بَرْزَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عِمْرَانُ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ

یہ حدیث ابوبرزہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عمران بن خالد خزاعی روایت کرتے ہیں۔

6079 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي سُوَيْدٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ قَالَ: نا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کی رحمت ہر رات آسمانِ دنیا کی طرف اُترتی ہے' جس وقت رات کے تین

6077- أخرجه البخاري: الأدب جلد10صفحه615 رقم الحديث:6220' ومسلم: الصيد جلد3صفحه1548 .

إِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْزِلُ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالَى كُلَّ لَيْلَةٍ إِلَى سَمَاءِ الدُّنْيَا حِينَ يَمْضِي ثُلُثُ اللَّيْلِ الْآخِرِ، فَيَقُولُ: أَلَا عَبْدٌ مِنْ عِبَادِي يَدْعُونِي فَأَسْتَجِيبَ لَهُ، أَلَا ظَالِمٌ لِنَفْسِهِ يَدْعُونِي فَأَغْفِرَ لَهُ، أَلَا مُقَتَّرٌ عَلَيْهِ رِزْقُهُ، أَلَا مَظْلُومٌ يَذْكُرُنِي فَأَنْصُرَهُ، أَلَا عَانٍ يَدْعُونِي فَأُعِينَهُ قَالَ: فَيَكُونُ كَذَلِكَ إِلَى أَنْ يُضِيءَ الصُّبْحُ، فَيَعْلُو رَبُّنَا عَزَّ وَجَلَّ عَلَى كُرْسِيِّهِ

حصے گزر جاتے ہیں تو اس کی رحمت فرماتی ہے: ہے میرے بندوں میں سے کوئی بندہ جو مجھ سے دعا کرے کہ میں اس کی دعا قبول کروں' ہے کوئی جس نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے کہ میں اس کو معاف کروں' ہے کوئی جس کا رزق تنگ ہے کہ میں اس کو رزق دوں' ہے کوئی مظلوم جو مجھے یاد کرے کہ میں اس کی مدد کروں' ہے کوئی مجھ سے مدد کے لیے دعا کرنے والا کہ میں اس کی مدد کروں۔ یہ آواز صبح تک رہتی ہے' ہمارا رب عزوجل کرسی پر بلند ہوتا ہے جس طرح اس کی شان کے لائق ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ

حضرت عبادہ بن صامت سے یہ حدیث اسی سند کے ساتھ مروی ہے' اس حدیث کے ساتھ حضرت عبدالرحمٰن بن مبارک اکیلے ہیں۔

6080 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي سُوَيْدٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ قُرَيْشِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ أَبِي غَالِبٍ قَالَ: سَمِعْتُ أُمَّ الدَّرْدَاءِ، تَقُولُ: آخَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَيْنَ سَلْمَانَ، وَأَبِي الدَّرْدَاءِ

حضرت اُم الدرداء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت سلیمان اور ابوالدرداء کے درمیان بھائی چارہ مقرر کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي غَالِبٍ إِلَّا قُرَيْشُ بْنُ حَيَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث ابوغالب سے قریش بن حیان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن مبارک اکیلے ہیں۔

6081 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

6080- أصله عند البخارى من طريق أبى جحيفة به . أخرجه البخارى: الصوم جلد 4 صفحه 246 رقم الحديث: 1968 . والترمذى: الزهد جلد 4 صفحه 608 رقم الحديث: 2413 .

6081- أخرجه البخارى: الاجارة جلد 4 صفحه 536 رقم الحديث: 2278' ومسلم: المساقاة جلد 3 صفحه 1205 .

سُوَيْدٍ الذَّارِعُ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْنٍ اَبُو عَوْنٍ الزِّيَادِيُّ قَالَ: نَا اَبُو عَزَّةَ الدِّبَاغُ، عَنْ اَبِي يَزِيدَ الْمَدِينِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: احْتَجَمَ وَاَعْطَى الْحَجَّامَ اَجْرَهُ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پچھنا لگوایا' آپ نے پچھنا لگوانے والے کو مزدوری دی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي يَزِيدَ الْمَدِينِيِّ اِلَّا اَبُو عَزَّةَ الدِّبَاغُ

یہ حدیث ابویزید المدنی سے ابوعزہ الدباغ روایت کرتے ہیں۔

6082 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ السَّلَمِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: ثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ: نَا النَّضْرُ بْنُ عَاصِمِ بْنِ هِلَالٍ الْبَارِقِيُّ قَالَ: نَا صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِهِ، فَقَالَ: عُدْتَ الْيَوْمَ مَرِيضًا؟ قَالَ: لَا قَالَ: تَصَدَّقْتَ بِصَدَقَةٍ؟ قَالَ: لَا قَالَ: فَصَلَّيْتَ عَلَى جِنَازَةٍ؟ قَالَ: لَا قَالَ: فَاَصَبْتَ مِنْ اَهْلِكَ؟ قَالَ: لَا قَالَ: فَاَصِبْ مِنْهُمْ، فَاِنَّهَا مِنْكَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةٌ، وَذَلِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ میں سے کسی آدمی سے پوچھا: آج تُو نے مریض کی عیادت کی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تُو نے صدقہ کیا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تُو نے نمازِ جنازہ پڑھا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تُو نے اپنی بیوی سے جماع کیا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تُو اس سے جماع کر کیونکہ یہ تیرے لیے صدقہ ہے (اگر تُو جماع کرے گا) وہ دن جمعہ کا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَخْرَةَ بْنِ جُوَيْرِيَةَ اِلَّا النَّضْرُ بْنُ عَاصِمِ بْنِ هِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْجَرَّاحُ بْنُ مُجَالِدٍ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا صَخْرُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث صخر بن جویرہ سے نضر بن عاصم بن ہلال روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں جراح بن خالد اکیلے ہیں۔ حضرت نافع سے صخر بن جویرہ روایت کرتے ہیں۔ حضرت ابن عمر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6083 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُورٍ الْحَارِثِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَلُوسِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کی طرف سے گواہی دیتا ہوں کہ جس آدمی کی عقل لے لی جائے تو اللہ عزوجل اس

عُمَرَ الْبَاهِلِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا الشَّاهِدُ عَلَى اللّٰهِ، اَنَّ لَا يَعْثُرُ عَاقِلٌ اِلَّا رَفَعَهُ حَتّٰى يَجْعَلَ مَصِيرَهُ اِلَى الْجَنَّةِ

کو جنت میں بلند مقام دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَلُوسِيُّ

یہ حدیث ابراہیم بن میسرہ سے محمد بن مسلم اور محمد بن مسلم سے محمد بن عمر الرقی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن اسحاق القلوسی اکیلے ہیں۔

6084 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُورٍ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ اَبُو يُوسُفَ قَالَ: نا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْكَرِيزِيُّ قَالَ: ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ تَمَّامٍ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ اَبِي بِشْرِ بْنِ شَغَافٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ شَيْءٌ اَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کے ہاں مؤمن سے زیادہ عزت والا کوئی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ تَمَّامٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْكُرَيْزِيُّ

یہ حدیث یونس بن عبیدہ سے عبداللہ بن تمام روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالغفار بن عبداللہ الکریزی اکیلے ہیں۔

6085 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَنْصُورٍ الْحَارِثِيُّ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا حُسَيْنٌ الْاَشْقَرُ قَالَ: نا زَيْدُ بْنُ اَبِي الْحَسَنِ قَالَ: ثَنَا اَبُو عَامِرٍ الْمُرِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلِيًّا

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف امیر بنا کر بھیجا اور خالد بن ولید کو جبل کی طرف فرمایا: اگر دونوں اکٹھے ہو جائیں تو علی لوگوں پر امیر ہوگا' ان کو مالِ غنیمت ملا' اس کی طرف کا پہلے نہیں ملا تھا'

اَمِيرًا عَلَى الْيَمَنِ، وَبَعَثَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ عَلَى الْجَبَلِ، فَقَالَ: اِنِ اجْتَمَعْتُمَا فَعَلِيٌّ عَلَى النَّاسِ فَالْتَقَوْا، وَاَصَابُوا مِنَ الْغَنَائِمِ مَا لَمْ يُصِيبُوا مِثْلَهُ، وَاَخَذَ عَلِيٌّ جَارِيَةً مِنَ الْخُمُسِ، فَدَعَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ بُرَيْدَةَ، فَقَالَ: اغْتَنِمْهَا، فَاَخْبِرِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا صَنَعَ، فَقَدِمْتُ الْمَدِينَةَ، وَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَنْزِلِهِ، وَنَاسٌ مِنْ اَصْحَابِهِ عَلَى بَابِهِ. فَقَالُوا: مَا الْخَبَرُ يَا بُرَيْدَةُ، فَقُلْتُ: خَيْرٌ، فَتَحَ اللّٰهُ عَلَى الْمُسْلِمِينَ، فَقَالُوا: مَا اَقْدَمَكَ؟ قَالَ: جَارِيَةٌ اَخَذَهَا عَلِيٌّ مِنَ الْخُمُسِ، فَجِئْتُ لِاُخْبِرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: فَاَخْبِرْهُ، فَاِنَّهُ يُسْقِطُهُ مِنْ عَيْنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْمَعُ الْكَلَامَ، فَخَرَجَ مُغْضَبًا، وَقَالَ: مَا بَالُ اَقْوَامٍ يَنْتَقِصُونَ عَلِيًّا، مَنْ يَنْتَقِصُ عَلِيًّا فَقَدِ انْتَقَصَنِي، وَمَنْ فَارَقَ عَلِيًّا فَقَدْ فَارَقَنِي، اِنَّ عَلِيًّا مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ، خُلِقَ مِنْ طِينَتِي، وَخُلِقْتُ مِنْ طِينَةِ اِبْرَاهِيمَ، وَاَنَا اَفْضَلُ مِنْ اِبْرَاهِيمَ: (ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ، وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ) (آل عمران: 34) ، وَقَالَ: يَا بُرَيْدَةُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ لِعَلِيٍّ اَكْثَرَ مِنَ الْجَارِيَةِ الَّتِي اَخَذَ، وَاَنَّهُ وَلِيُّكُمْ مِنْ بَعْدِي؟ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِالصُّحْبَةِ اِلَّا بَسَطْتَ يَدَكَ حَتَّى اُبَايِعَكَ عَلَى الْاِسْلَامِ جَدِيدًا قَالَ: فَمَا فَارَقْتُهُ حَتَّى بَايَعْتُهُ عَلَى الْاِسْلَامِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خمس سے ایک لونڈی لے لی۔ حضرت خالد بن ولید نے بریدہ کو بلایا' فرمایا: تم نے غنیمت لی ہے؟ حضور ﷺ کو بتاؤ جو کیا گیا ہے۔ میں مدینہ آیا اور مسجد میں داخل ہوا' حضور ﷺ گھر میں تھے' صحابہ کرام میں سے کچھ آپ کے دروازہ پر تھے۔ انہوں نے کہا: اے بریدہ! کیا خبر ہے؟ میں نے کہا: اللہ عزوجل نے مسلمانوں کو فتح دے دی ہے' انہوں نے کہا: آپ کیسے آئے ہیں؟ میں نے کہا: حضرت علی نے خمس سے لونڈی لے لی ہے' میں حضور ﷺ کو بتانے کے لیے آیا ہوں۔ انہوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ کو بتاؤ کیونکہ رسول اللہ ﷺ کے حصے سے لیا ہے تو رسول اللہ ﷺ سن رہے تھے' آپ حالتِ غصہ میں نکلے' فرمایا: اس قوم کا کیا حال ہے جو علی کا نقص بیان کرتے ہیں' جس نے علی کا نقص بیان کیا اس نے میرا نقص بیان کیا' جو علی سے جدا ہوا وہ مجھ سے جدا ہوا' علی مجھ سے ہے میں علی سے ہوں' اس کو میری مٹی سے پیدا کیا گیا ہے' میں ابراہیم کی مٹی سے پیدا کیا گیا ہوں' میں ابراہیم سے افضل ہوں' ایک دوسرے کی اولاد افضل ہے دوسرے سے' اللہ سننے جاننے والا ہے۔ اور فرمایا: اے بریدہ! تمہیں معلوم نہیں کہ علی کے لیے زیادہ لونڈیاں بھی ہیں اس سے جو اس نے لی ہے' وہ میرے بعد تمہارا مددگار ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کا صحابی ہوں' آپ ہاتھ آگے بڑھائیں میں دوبارہ اسلام لانے پر بیعت کرتا ہوں' میں جدا نہیں ہوں گا یہاں تک کہ میں آپ کی اسلام پر بیعت

نہ کرلوں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ حُسَيْنٌ الْاَشْقَرُ

یہ حدیث ابواسحاق سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں حسین اشقر اکیلے ہیں۔

6086 - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنِ كُرْدَانَ الْحَرِيرِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْحَنْبَشِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا مُنْذِرُ بْنُ جَيْفَرٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيدِ الْوَصَّافِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَنَائِعُ الْمَعْرُوفِ تَقِي مَصَارِعَ السَّوْءِ، وَالصَّدَقَةُ خَفِيًّا تُطْفِءُ غَضَبَ الرَّبِّ، وَصِلَةُ الرَّحِمِ زِيَادَةٌ فِي الْعُمُرِ، وَكُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ، وَاَهْلُ الْمَعْرُوفِ فِي الدُّنْيَا اَهْلُ الْمَعْرُوفِ فِي الْآخِرَةِ، وَاَهْلُ الْمُنْكَرِ فِي الدُّنْيَا اَهْلُ الْمُنْكَرِ فِي الْآخِرَةِ، وَاَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اَهْلُ الْمَعْرُوفِ

حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نیکی کے کام بُرائی کو ختم کر دیتے ہیں' چھپا کر صدقہ دینا' اللہ کے غضب کو ٹھنڈا کر دیتا ہے' صلہ رحمی کرنے سے عمر میں اضافہ ہوتا ہے' ہر نیکی صدقہ ہے' دنیا میں نیکی کرنے والے آخرت میں نیکی کرنے والے ہوں گے' دنیا میں بُرائی کرنے والے آخرت میں بُرائی کرنے والے ہوں گے' جنت میں سب سے پہلے نیکی کرنے والے داخل ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْوَصَّافِيُّ

یہ حدیث اُمِ سلمہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے والے عبیداللہ بن ولید الوصافی اکیلے ہیں۔

6087 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنِ كُرْدَانَ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ دِلْهَمٍ، قَالَ ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ: نا لَيْثٌ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ اَغْتَسِلُ اَنَا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَاحِدٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ

یہ حدیث لیث سے محمد بن کثیر روایت کرتے ہیں۔

6087- أخرجه البخاري: الغسل جلد1صفحه433 رقم الحديث:250' ومسلم: الحيض جلد1صفحه256 .

كَثِيرٍ

6088 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنِ كُرْدَانَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ أَبِي لَقَبٍ قَالَ: ثَنَا الْأَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ شَاذَانُ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَوْلَى آلِ طَلْحَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُجْنِبُ ثُمَّ يَنَامُ، ثُمَّ يَنْتَبِهُ، ثُمَّ يَنَامُ، وَلَا يَمَسُّ مَاءً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حالتِ جنابت میں ہوتے' پھر سو جاتے' پھر اُٹھتے' پھر سو جاتے اور پانی کو ہاتھ نہیں لگاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كُرَيْبٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدٍ إِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ شَاذَانُ

یہ حدیث کریب سے محمد بن عبدالرحمٰن اور محمد سے شریک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذان اکیلے ہیں۔

6089 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنُ كُرْدَانَ قَالَ: نا شريكُ بْنُ شِهَابٍ الْقَزْوِينِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سَابِقٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ قَرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ، وَزَيْدِ بْنِ صُوحَانَ، أَنَّهُمْ خَرَجُوا نَحْوَ الْكُوفَةِ، فَسَبَقَهُمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَهُوَ مُمْسِكٌ نَعْلَيْهِ بِيَدِهِ الْيُسْرَى، فَسَبَقَهُمْ نَحْوًا مِنْ ثَلَاثَةِ أَمْيَالٍ، حَتَّى بَلَغَ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، فَقَالَ: إِنَّكُمْ تَقْدُمُونَ مِصْرًا لَهُمْ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ النَّحْلِ، فَأَقِلُّوا الرِّوَايَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَنَا لَكُمْ شَرِيكٌ فِي ذَلِكَ

حضرت امام شعبی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت قرظہ بن کعب اور زید بن صوحان دونوں کوفہ کی طرف نکلے' حضرت عمر بن خطاب چھوڑنے آئے تو آپ نے اپنے نعلین اپنے دائیں ہاتھ سے پکڑے ہوئے تھے' تین میل تک چھوڑنے آئے' جب بنی عبدالاشہل کے مقام پر پہنچے تو فرمایا: تم مصر جا رہے ہو' وہاں تم ایسے آواز سنو گے جس طرح شہد کی مکھیاں گنگھارتی ہیں' ان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روایت کو بیان کرنا' میں تمہارے لیے اس میں شریک ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُطَرِّفٍ إِلَّا عَمْرُو بْنُ

یہ حدیث مطرف سے عمرو بن ابوقیس روایت کرتے

6088- أخرجه ابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 192 رقم الحديث: 581-583؛ وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 124 رقم الحديث: 24853 .

6089- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 12 رقم الحديث: 28 .

اَبِی قَیْسٍ، تفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَعِیدِ بْنِ سَابِقٍ، وَلَمْ یَقُلْ فِی هَذَا الْحَدِیثِ عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ قَرَظَةَ، وَزِیدِ بْنِ صُوحَانَ اِلَّا مُطَرِّفٌ

ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن سعید بن سابق اکیلے ہیں۔ شعبی نے اس حدیث میں قرظہ اور زید بن صوحان صرف مطرف نے کہا ہے۔

6090 - حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنِ كُرْدَانَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: ثَنَا مُعَلَّی بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: نا سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ، عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ اَبِی خَالِدٍ، عَنْ فِرَاسِ بْنِ یَحْیَی، عَنْ اِبْرَاهِیمَ بْنِ یَزِیدَ التَّیْمِیِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ، وَمَلَائِكَتَهُ یُصَلُّونَ عَلَی الصَّفِّ الْاَوَّلِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ اور اس کے فرشتے پہلی صف والوں پر رحمت بھیجتے ہیں۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ سُفْیَانَ اِلَّا مُعَلَّی بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث سفیان سے معلّٰی بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔

6091 - حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرِ بْنِ كُرْدَانَ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التَّرْقُفِیُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ سَعِیدِ بْنِ كَثِیرِ بْنِ دِینَارٍ الْحِمْصِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ یُونُسَ بْنِ مَیْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، قَالَتْ: كَانَ فَضَالَةُ بْنُ عُبَیْدٍ، یَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْاَلُكَ الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَاءِ، وَبَرْدَ الْعَیْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَلَذَّةَ النَّظَرِ اِلَی وَجْهِكَ، وَالشَّوْقَ اِلَی لِقَائِكَ، مِنْ غَیْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ، وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ، وَزَعَمَ اَنَّهَا دَعَوَاتٌ كَانَ یَدْعُو بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی

حضرت اُم الدرداء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فضالہ بن عبید یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰهم انی اسألك الی آخره'' اور خیال کرتے تھے کہ یہ دعا حضور ﷺ کرتے تھے۔

6090- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 175 رقم الحديث: 664، والنسائي: الامامة جلد 2 صفحه 70 (باب كيف يقوم الامام الصفوف)، وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 318 رقم الحديث: 997 في الزوائد: اسناده صحيح، ورجاله ثقات . والدارمي: الصلاة جلد 1 صفحه 323 رقم الحديث: 1264، وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 364 رقم الحديث: 18646 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الْحِمْصِيُّ

یہ حدیث فضالہ بن عبید سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عثمان بن سعید حمصی اکیلے ہیں۔

6092 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ تَغْلَبُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: ثَنَا اَبُو الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ الْقَيْسِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَتَكِيِّ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ وَفْدَ عَبْدِ الْقَيْسِ قَدِمُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَيْنَمَا هُمْ عِنْدَهُ قُعُودٌ اِذْ اَقْبَلَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ لَهُمْ: ثَمَرَةٌ تَدْعُونَهَا كَذَا وَكَذَا، وَثَمَرَةٌ تَدْعُونَهَا كَذَا، حَتَّى وَصَفَ اَلْوَانَ ثَمَرَاتِهِمْ اَجْمَعَ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَمَا وَاللّٰهِ لَوْ كُنْتُ وُلِدْتُ فِي جَوْفِ هَجَرَ مَا كُنْتُ بِاَعْلَمَ مِنْكَ السَّاعَةَ، اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَرْضَكُمْ رُفِعَتْ لِي مُنْذُ قَعَدْتُمْ اِلَيَّ، فَنَظَرْتُ مِنْ اَدْنَاهَا اِلَى اَقْصَاهَا فَخَيْرُ ثَمَرَاتِكُمُ الْبَرْنِيُّ، يُذْهِبُ الدَّاءَ، وَلَا دَاءَ فِيهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عبدالقیس کا وفد حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' وہ آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' اچانک ان پر آیا ان کو کہا: تم پھل کو اس نام سے پکارتے ہو' اس پھل کو اس نام سے پکارتے ہو' یہاں تک کہ اس نے کئی رنگ کے پھلوں کو ذکر کیا۔ قوم میں سے ایک آدمی نے کہا: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! اللہ کی قسم! اگرچہ میں ماں کے پیٹ میں پیدا ہوا ہوں' میں آپ سے زیادہ قیامت کے وقت کو نہیں جانتا ہوں' میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارا ملک میرے لیے زمین سے اُٹھایا گیا' جب سے تم میرے پاس بیٹھے ہوئے ہو' میں ابتداء سے آخر تک دیکھ رہا ہوں' تمہارے پھلوں میں سے بہتر برنی ہے وہ بیماری کو ختم کرتا ہے' اس میں کوئی بیماری نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ اِلَّا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَتَكِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ

یہ حدیث حمید الطّویل سے عثمان بن عبداللہ عتکی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبید بن واقد اکیلے ہیں۔

6093 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ تَغْلَبُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ کلمات ہر بیماری کی دواء ہیں:

قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَبِي فَزَارَةَ، عَنْ مِقْسَمٍ، أَوْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتُ دَوَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ: أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ، وَأَسْمَائِهِ كُلِّهَا عَامَّةً مِنْ شَرِّ السَّامَةِ وَالْهَامَةِ، وَمِنْ شَرِّ الْعَيْنِ اللَّامَّةِ، وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ، وَمِنْ شَرِّ أَبِي قَتْرَةَ، وَمَا وَلَدَ، ثَلَاثَةٌ وَثَلَاثُونَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ أَتَوْا رَبَّهُمْ فَقَالُوا: وَصِبٌ وَصِبٌ بِأَرْضِنَا، فَقَالَ: خُذُوا تُرْبَةً مِنْ أَرْضِكُمْ، ثُمَّ امْسَحُوا بِوَصِيبِكُمْ، رُقْيَةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَنْ أَخَذَ عَلَيْهَا صَفَدًا أَوْ كَتَمَهَا أَحَدًا فَلَا أَفْلَحَ أَبَدًا

''اعوذ بکلمات اللّٰہ التامات الٰی آخرہٖ''۔ تینتیس فرشتے اللہ کی بارگاہ میں آتے ہیں اور عرض کرتے ہیں: ہمارے ملک میں بیمار ہیں' اللہ عزوجل فرماتا ہے: تم اس ملک کی مٹی کو لو پھر بیماری کو ملو' محمد ﷺ کا دم ہے جس نے ہتھکڑی لگائی یا کسی نے چھپایا' وہ ہمیشہ کامیاب نہیں ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں معتمر بن سلیمان اکیلے ہیں۔

6094 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي شُعَيْبٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ صُهْبَانَ قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: أَرَأَيْتِ قَوْلَ اللَّهِ جَلَّ ذِكْرُهُ: (ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِينَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِنَفْسِهِ وَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ بِإِذْنِ اللَّهِ) (فاطر: 32) الْآيَةَ، قَالَتْ: أَمَّا السَّابِقُ فَقَدْ مَضَى فِي حَيَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَشَهِدَ لَهُ بِالْجَنَّةِ، وَأَمَّا

حضرت عقبہ بن صہبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی: کیا آپ اللہ عزوجل کے اس ارشاد: ''پھر ہم نے کتاب کا وارث بنایا ان کو جن کو اپنے بندوں میں سے چن لیا' ان میں سے جس نے اپنی جان پر ظلم کیا' ان میں میانہ روی کرنے والے ہیں' ان میں اللہ کے حکم سے نیکی میں آگے بڑھنے والے ہیں''۔ سابق وہ لوگ ہیں جو نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں گزر گئے اور آپ نے اُن کے لیے جنت کی گواہی دی۔ مقتصد ان کے آثار کی پیروی کرنے والے

الْمُقْتَصِدُ فَمَنِ اتَّبَعَ آثَارَهُمْ فَعَمِلَ بِمِثْلِ اَعْمَالِهِمْ حَتَّى يَلْحَقَ بِهِمْ، وَاَمَّا الظَّالِمُ لِنَفْسِهِ فَمِثْلِي وَمِثْلُكَ وَمَنِ اتَّبَعَنَا، قَالَتْ: وَكُلُّهُمْ فِي الْجَنَّةِ

اور اُن جیسے اعمال کرنے والے ہیں یہاں تک کہ ان سے مل جائیں اور اپنے نفس پر ظلم کرنے والے عام آدمی ہیں اور وہ جنہوں نے عام آدمیوں کی پیروی کی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: وہ سارے جنتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ صُهْبَانَ اِلَّا اَبُو شُعَيْبٍ الصَّلْتُ بْنُ دِينَارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث عقبہ بن صہبان سے ابوشعیب صلت بن دینار روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں معتمر اکیلے ہیں۔

6095 - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْخَالِقِ اَبُو هَانِءٍ قَالَ: حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ الْاَبْرَصِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ تُدَاوِي الْجَرْحَى فِي عَسْكَرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَوْ دَعَوْتَ اللّٰهَ لِابْنِي، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُنَيْسٌ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَاَقْعَدَنِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَمَسَحَ عَلَى رَاْسِي، فَقَالَ: يَا اُنَيْسُ، اِنَّ الْمُسْلِمِينَ يَتَمَصَّرُونَ بَعْدِي اَمْصَارًا، مِمَّا يُمَصِّرُونَ مِصْرًا، يُقَالُ لَهَا: الْبَصْرَةُ، فَاِنْ اَنْتَ وَرَدْتَهَا فَاِيَّاكَ وَفَيْضَهَا وَسُوقَهَا وَبَابَ سُلْطَانِهَا، فَاِنَّهَا سَيَكُونُ بِهَا خَسْفٌ، وَمَسْخٌ، وَقَذْفٌ، آيَةُ ذَلِكَ الزَّمَانِ اَنْ يَمُوتَ الْعَدْلُ، وَيَفْشُو فِيهِ الْجَوْرُ، وَيَكْثُرُ فِيهِ الزِّنَا، وَيَفْشُو فِيهِ شَهَادَةُ الزُّورِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لشکر کے زخمیوں کو دواء دیتی تھیں' آپ نے عرض کی: یا رسول اللہ! اگر آپ میرے بیٹے کے لیے اللہ سے دعا کریں! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: انس کیلئے؟ عرض کی: جی ہاں! مجھے آپ نے آگے بڑھایا اور میرے سر پر ہاتھ پھیرا' فرمایا: اے انس! مسلمان میرے بعد شہروں میں جائیں گے' کچھ ایسے شہر کو جائیں گے کہ اس کو بصرہ کہا جاتا ہوگا' اگر تُو وہاں جائے تو اس کے بازار اور بادشاہ کے دروازے پر جانے سے پرہیز کرنا کیونکہ عنقریب فتنہ اور شکلوں کا بگڑنا ہوگا اور تہمت لگانا ہوگا' اس زمانہ کی نشانی یہ ہوگی کہ عادل آدمی کو مارا جائے گا' ظلم عام ہوگا' زنا کثرت سے ہوگا' جھوٹی گواہیاں عام ہوں گی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ زِيَادٍ الْاَبْرَصِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث زیاد ابرص سے اسی سند سے روایت ہے۔

6096 - حَدَّثَنِی مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبُ الْبَصْرِیُّ النَّحْوِیُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یَزِیدَ الْمُقْرِءُ قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا هَمَّامٌ، عَنْ سُفْیَانَ بْنِ عُیَیْنَةَ، وَمَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، وَبَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، وزِیَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ یَمْشُونَ اَمَامَ الْجِنَازَةِ

6221- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 127 رقم الحديث: 481' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 70 رقم الحديث: 16567' وابن حبان (334/موارد) . وانظر الترغيب للمنذرى جلد 1 صفحه 202 رقم الحديث: 10 .

وَسَلَّمَ . فَذَكَرَ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: نِعْمَ مَا فَعَلُوا ، وَاَحْسِبُهُ قَالَ: آذَيْتَ اللّٰهَ اَوْ نَحْوَ ذَلِكَ

کا کلمہ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن حارث اکیلے ہیں۔

6222 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوا: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ فَقَدْ عَصَمُوا مِنِّي اَمْوَالَهُمْ وَاَنْفُسَهُمْ، اِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنہوں نے لا الٰہ الا اللہ پڑھ لیا' انہوں نے اپنے اموال اور جانیں محفوظ کر لیں اور ان کا باطنی معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔

6223 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَيَّاتُ مَا سَالَمْنَاهُنَّ مُنْذُ حَارَبْنَاهُنَّ، فَمَنْ رَاَى مِنْهُنَّ شَيْئًا فَلْيَقْتُلْهُ، فَاِنَّهُ لَا يَبْدُو لَكُمْ مُسْلِمُوهُمْ، وَمَنْ تَرَكَ مِنْهُنَّ خِيفَةً شَيْئًا فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سانپ سے ہم محفوظ نہیں ہیں جب سے ہم اس سے لڑے ہیں' جو سانپ دیکھے اس کو مارے کیونکہ تم میں سے کسی کو نہیں چھوڑے گا' جس نے اس سے ڈرتے ہوئے اسے چھوڑ دیا اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

6224 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

6222- أخرجه البخاري: الزكاة جلد3صفحه308 رقم الحديث: 1399' ومسلم: الايمان جلد1صفحه51 .

6224- أصله عند البخاري ومسلم . أخرجه البخاري: المناقب جلد 6صفحه647 رقم الحديث: 3539 بلفظ: سموا باسمي' ولا تكتنوا بكنيتي وأيضًا في فرض الخمس جلد6صفحه251 رقم الحديث: 3117 . بلفظ:

قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَجْمَعُوا اسْمِي وَكُنْيَتِي، اَنَا اَبُو الْقَاسِمِ، اللّٰهُ يُعْطِي وَاَنَا قَاسِمٌ

ﷺ نے فرمایا: میری کنیت اور نام کو جمع نہ کرو‘ میں ابوالقاسم ہوں‘ اللہ دیتا ہے میں تقسیم کرتا ہوں۔

6225 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ اَمِيرِ عَشْرَةٍ اِلَّا يُؤْتَى بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَغْلُولًا، حَتَّى يَفُكَّهُ الْعَدْلُ، اَوْ يُوبِقَهُ الْجَوْرُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جوکئی آدمی دس آدمیوں کا امیر بن جائے‘ جوخیانت کی ہوگی وہ قیامت کے دن لے آئے گا یا تو اس کا عدل اس کو بچالے گا یا اس کا ظلم آ کر ہلاک کر دے گا۔

6226 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَخَذَ شِبْرًا مِنَ الْاَرْضِ بِغَيْرِ حَقِّهِ طُوِّقَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ سَبْعِ اَرَضِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو بغیر حق کے کسی کی ایک بالشت زمین بھی لے‘ اس کو قیامت کے دن سات زمینوں کا طوق بنا کر اس کے گلے میں ڈالا جائے گا۔

6227 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ‘ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اگر کوئی آدمی کسی کے گھر میں جھانکے تو وہ اس کو کنکری مارے‘ اس کی آنکھ پھوڑی جائے‘ اس مارنے والے پر کوئی گناہ نہیں ہے۔

ما أعطيكم ولا أمنعكم‘ انما أنا قاسم أضع حيث أمرت . ومسلم: الآداب جلد3صفحه1684 فى شطره الأول فقط . وأحمد: المسند جلد2صفحه571 رقم الحديث: 9611 . ولفظه عند أحمد .

6227- أخرجه البخارى: الديات جلد12صفحه225 رقم الحديث: 6888‘ ومسلم: الآداب جلد3صفحه1699 .

وَسَلَّمَ: لَوِ اطَّلَعَ عَلَيْكَ اَحَدٌ فِي بَيْتِكَ فَخَذَفْتَهُ فَفَقَأْتَ عَيْنَهُ، مَا كَانَ عَلَيْكَ جُنَاحٌ

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ

یہ تمام احادیث عبداللہ بن محمد بن عجلان سے ابراہیم بن منذر الحزامی روایت کرتے ہیں۔

6228 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيرٌ مُشَبَّكٌ بِالْبَوَارِي، عَلَيْهِ كِسَاءٌ اَسْوَدُ، فَاَجْلَسْنَاهُ عَلَى الْبَوَارِي، فَدَخَلَ عَلَيْهِ اَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ عَلَيْهِ، فَنَظَرَا، فَرَاَيَا اَثَرَ السَّرِيرِ فِي جَنْبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَكَى اَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، فَقَالَ لَهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُبْكِيكُمَا؟، قَالَا: نَبْكِي اَنَّ هَذَا السَّرِيرَ قَدْ اَثَّرَ فِي جَنْبِكَ خُشُونَتُهُ وَكِسْرَى، وَقَيْصَرُ عَلَى فُرُشِ الْحَرِيرِ وَالدِّيبَاجِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ عَاقِبَةَ كِسْرَى، وَقَيْصَرَ اِلَى النَّارِ، وَعَاقِبَةَ سَرِيرِي هَذَا الْجَنَّةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کی چارپائی تھی' اس پر بستر بوریا کا تھا' اس پر کالی چادر تھی' ہم بوریا پر بیٹھے ہوئے تھے' حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں تشریف لائے' حضور ﷺ تشریف فرما تھے' دونوں نے آپ کی زیارت کی' چارپائی کے نشانات آپ کے جسم اطہر پر تھے۔ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں رو پڑے۔ حضور ﷺ نے ان دونوں کو فرمایا: آپ کیوں روئے ہیں؟ دونوں نے عرض کی: ہم ان نشانات کو دیکھ کر رو رہے ہیں جو آپ کے جسم پر ہیں۔ (ہم نے دیکھا) کسریٰ و قیصر ریشم اور دیباج کے بستر پر لیٹتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: کسریٰ و قیصر کا انجام جہنم ہے' میری یہ چارپائی کا انجام جنت میں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ اللَّيْثِ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث لیث سے عبدالعزیز بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔

6229 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْجُدِّيُّ قَالَ: نا بَكَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ اَخِي مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ قَالَ:

حضرت زید بن عبدالرحمٰن اپنی والدہ حیی بنت قریط سے' وہ اپنی والدہ عقیلہ بنت عبید بن حارث سے' وہ فرماتی ہیں کہ میں اور میری والدہ قریرہ بنت حارث عتواریہ

نـا مُوسَى بْـنُ عُبَيْـدَةَ قَـالَ: حَـدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ عَبْدِ الـرَّحْمَنِ، عَنْ أُمِّهِ حَجَّةَ بِنْتِ قُرَيْطٍ، عَنْ أُمِّهَا عَقِيلَةَ بِنْـتِ عُبَيْـدِ بْـنِ الْـحَارِثِ، قَالَتْ: جِئْتُ أَنَا وَأُمِّي، قُـرَيْـرَةُ بِـنْـتُ الْـحَـارِثِ الْعُتْوَارِيَّةُ فِي نِسَـاءٍ مِنَ الْـمُهَـاجِـرَاتِ، فَبَـايَـعْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ وَهُوَ ضَارِبٌ عَلَيْهِ قُبَّةً بِالْأَبْطَحِ، وَأَخَذَ عَلَيْنَا أَلَّا نُشْـرِكَ بِـاللّٰـهِ شَيْـئًـا، الْـآيَةَ كُـلَّهَا، فَلَمَّا أَقْرَرْنَا وَبَسَـطْـنَـا أَيْـدِينَا لِنُبَايِعَهُ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّمَ: لَا أَمَسُّ أَيْدِي النِّسَاءِ فَاسْتَغْفَرَ لَنَا، وَكَانَتْ تِلْكَ بَيْعَتَنَا

مہاجرات عورتوں کے ساتھ آئیں، ہم آپ ﷺ کے پاس آئیں، آپ چمڑے کا خیمہ لگا رہے تھے، آپ نے ہم سے شرک نہ کرنے کا وعدہ لیا، جب ہم نے اقرار کر لیا تو ہم نے اپنے ہاتھ بڑھائے بیعت کرنے کے لیے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میں عورتوں کے ہاتھوں کو نہیں چھوتا ہوں، ہمارے لیے آپ نے بخشش کی دعا مانگی، یہ ہماری بیعت تھی۔

لَا يُـرْوَى هَـذَا الْـحَدِيثُ عَنْ عَقِيلَةَ بِنْتِ عُبَيْدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ بَكَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّبَذِيُّ

یہ حدیث عقیلہ بنت عبیدہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں بکار بن عبداللہ الربذی اکیلے ہیں۔

6230 - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَـالَ: نَـا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْهَا يَوْمَ عَرَفَةَ؟ فَقَالَ: هِيَ حَقٌّ يَعْنِي: الْعَتِيرَةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سے یومِ عرفہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: حق ہے یعنی عتیرہ۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْـحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا سُفْيَانُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ

یہ حدیث زید بن اسلم سے سفیان روایت کرتے ہیں اور سفیان سے محمد بن ابوعمر الصرفی اکیلے ہیں۔

6231 - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

6231- أخرجه أبو داؤد: الطلاق جلد2 صفحه 260-261 رقم الحديث: 2175، وابن حبان (1319/موارد) بنحوه .

قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَفْسَدَ عَبْدًا عَلَى سَيِّدِهِ.

ﷺ نے فرمایا: جس نے غلام کو اپنے آقا پر دلیر کیا' اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ

اس حدیث کو یحییٰ بن سعید سے محمد بن دینار روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن معاویہ اکیلے ہیں۔

6232 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، زَيْدِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ، يَقُولُ: وَقَفَ عَلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ سَائِلٌ، وَهُوَ رَاكِعٌ فِي تَطَوُّعٍ فَنَزَعَ خَاتَمَهُ، فَأَعْطَاهُ السَّائِلَ، فَأَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْلَمَهُ ذَلِكَ، فَنَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ الْآيَةَ: (إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ) (المائدة: 55)، فَقَرَأَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک سائل حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس کھڑا ہوا' آپ نفل نماز کے رکوع میں تھے' آپ نے اپنی انگوٹھی اُتاری اور سائل کو دے دی۔ آپ حضور ﷺ کے پاس آئے اور آپ کو اس کے متعلق بتایا تو حضور ﷺ پر یہ آیت نازل ہوئی: ''تمہارا مددگار اللہ اور اس کا رسول اور وہ لوگ جو ایمان لائے جو نماز قائم کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں''۔ حضور ﷺ نے اس کو پڑھا اور فرمایا: جس کا میں مددگار اس کا علی مددگار ہے' اے اللہ! تُو اس سے دوستی رکھ جو علی سے دوستی رکھے اور اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث حضرت عمار بن یاسر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں خالد بن یزید

اکیلے ہیں۔

6233 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّائِغُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ قَالَ: ثَنَا عُمَرُ بْنُ اَبِی خَلِيفَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُخِّرَ كَلَامٌ فِی الْقَدَرِ لِشِرَارِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ فرماتے ہیں: تقدیر میں کلام کرنے کے لیے اس اُمت کے شریر لوگوں کے لیے مؤخر کی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ اِلَّا عُمَرُ بْنُ اَبِی خَلِيفَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ الْعَيْشِيُّ

یہ حدیث ہشام بن حسان' محمد بن سیرین سے روایت کرتے ہیں اور ہشام بن حسان سے عمر بن خلیفہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن بکار العیشی اکیلے ہیں۔

6234 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّائِغُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا حَضَرَ الْعَشَاءُ، وَاُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَابْدَءُوا بِالْعَشَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کا کھانا جب موجود ہو اور نماز کے لیے اقامت پڑھی جائے تو پہلے رات کا کھانا کھالو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث معمر سے ابن مبارک روایت کرتے ہیں۔

6235 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّائِغُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

6233- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 2صفحه473 وقال: صحيح على شرط البخاري ولم يخرجاه . ووافقه الذهبي' وقال: عنبسة ثقة لكن لم يرويا له .

6234- أخرجه البخاري: الأطعمة جلد 9صفحه497-498 رقم الحديث: 5463' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه392 .

6235- أخرجه مسلم: النكاح جلد 2صفحه1028' وأبو داؤد: النكاح جلد 2صفحه231 رقم الحديث: 2065' والترمذي: النكاح جلد3صفحه424 رقم الحديث: 1126 .

قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْإِمَامِيُّ الْأَنْصَارِيُّ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تُنْكَحُ الْعَمَّةُ عَلَى بِنْتِ الْاَخِ، وَلَا الْخَالَةُ عَلَى بِنْتِ الْاُخْتِ

انہوں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: بھائی کی بیٹی اور پھوپھی، خالہ اور بہن کی بیٹی کو ایک نکاح میں جمع نہ کیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث اسحاق بن جعفر بن محمد سے ابراہیم بن منذر روایت کرتے ہیں۔

6236 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي السَّفَرِ عَلَى رَاحِلَتِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حالتِ سفر میں سواری پر نماز پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ الشَّافِعِيُّ

یہ حدیث ایوب سے حارث بن عمیر روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں ابراہیم الشافعی اکیلے ہیں۔

6237 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَ: نا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ قَالَ: نا مِسْعَرٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ الْخُزَاعِيِّ قَالَ: صَلَّيْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِمِنًى، اَكْثَرَ مَا كَانَ النَّاسُ، وَآمَنَهُ - رَكْعَتَيْنِ

حضرت حارثہ بن وہب الخزاعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ منیٰ میں ظہر کی نماز پڑھی، لوگ زیادہ نفع اور حالتِ امن میں تھے، اس کے باوجود آپ نے دو رکعت پڑھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا وَكِيعٌ،

یہ حدیث مسعر سے وکیع روایت کرتے ہیں۔ اس کو

6236- أخرجه البخاري: الوتر جلد2صفحه567 رقم الحديث:1000، ومسلم: المسافرين جلد1صفحه486 .

تَفَرَّدَ بِهِ يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ

روایت کرنے میں یعقوب بن حمید اکیلے ہیں۔

6238 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَاَى رَجُلًا يَسُوقُ بَدَنَةً، فَقَالَ: ارْكَبْهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا' وہ قربانی کے اونٹ کو ہانک رہا تھا' آپ نے فرمایا: اس پر سوار ہو جاؤ!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ مِسْعَرٍ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ اِلَّا سُفْيَانُ وَرَوَاهُ النَّاسُ عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَخْنَسِ

یہ حدیث سفیان بن عیینہ سے محمد بن ابوعمر روایت کرتے ہیں۔ مسعر' مختار بن فلفل سے سفیان روایت کرتے ہیں۔ لوگوں نے مسعر سے' وہ بکیر بن اخنس سے روایت کرتے ہیں۔

6239 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَ: ثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّكُمْ تُعْرَضُونَ، عَلَى اَفْوَاهِكُمُ الْفِدَامُ، فَاَوَّلُ مَا يَتَكَلَّمُ مِنْ اَحَدِكُمْ يَدُهُ وَفَخِذُهُ

حضرت بہز بن حکیم اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم اللہ کی بارگاہ میں پیش کیے جاؤ گے' تمہارے منہ پر مہر لگائی جائے گی' تم میں سے ہر ایک کا ہاتھ اور ران سب سے پہلے گفتگو کریں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا حَاتِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے حاتم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن حمید اکیلے ہیں۔

6240 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ

6238- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه626 رقم الحديث:1690' ومسلم: الحج جلد2صفحه960 .

6239- أخرجه أحمد: المسند جلد5صفحه4 رقم الحديث:20048' والطبراني في الكبير جلد 19صفحه424 رقم الحديث:1031 .

6240- أخرجه البخاري: الغسل جلد 1صفحه468 رقم الحديث: 288' ومسلم: الحيض جلد 1صفحه248 . ولم يذكرا واذا أراد أن يأكل توضأ . وأبو داؤد: الطهارة جلد1صفحه56 رقم الحديث:223 ولفظه له .

قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ قَالَ: نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَنَامَ وَهُوَ جُنُبٌ تَوَضَّاَ وَضُوءَ الصَّلَاةِ، وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَاْكُلَ تَوَضَّاَ

حضور ﷺ جب حالت جنابت میں سونے کا ارادہ کرتے تو نماز کے وضو جیسا وضو کرتے' جب کھانے کا ارادہ کرتے تو وضو کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ وَرَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ

یہ حدیث معمر سے قتادہ اور معمر سے ابن مبارک روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو عبدالرزاق' معمر سے' وہ زہری سے روایت کرتے ہیں۔

6241 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نَا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نَا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي عُقَيْلٍ زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هِشَامٍ قَالَ: كَانَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَتَعَلَّمُونَ هٰذَا الدُّعَاءَ اِذَا دَخَلَتِ السَّنَةُ اَوِ الشَّهْرُ: اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ، وَالْاِيمَانِ، وَالسَّلَامَةِ، وَالْاِسْلَامِ، وَرِضْوَانٍ مِنَ الرَّحْمٰنِ، وَجَوَازٍ مِنَ الشَّيْطَانِ

حضرت ابوعقیل زہرہ بن معبد اپنے دادا عبداللہ بن ہشام سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب یہ دعا سکھاتے تھے' جب کوئی نیا سال یا مہینہ آتا تو پڑھنے کے لیے: ''اللّٰھم ادخلہ الی آخرہ''۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هِشَامٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ

یہ حدیث حضرت عبداللہ بن ہشام سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں رشدین بن سعد اکیلے ہیں۔

6242 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَظْهَرُ الْاِسْلَامُ حَتّٰى يَخْتَلِفَ التُّجَّارُ فِي

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام پھیل جائے گا یہاں تک کہ سمندروں میں تجارت ہونے لگے گی' گھوڑے اللہ کی راہ میں چلنے لگیں گے' پھر ایسی قوم آئے گی جو قرآن پڑھیں گے' کہیں گے: ہم سے بڑا قاری کون ہے؟ ہم سے زیادہ

الْبَحْرِ، وحَتّٰى تَخُوضَ الْخَيْلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ثُمَّ يَظْهَرُ قَوْمٌ يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْآنَ، يَقُولُونَ: مَنْ اَقْرَأُ مِنَّا؟ مَنْ اَفْقَهُ مِنَّا؟ مَنْ اَعْلَمُ مِنَّا؟ ثُمَّ قَالَ لِاَصْحَابِهٖ: هَلْ فِي اُولٰئِكَ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهٗ اَعْلَمُ قَالَ: اُولٰئِكَ مِنْكُمْ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ، فَاُولٰئِكَ هُمْ وَقُودُ النَّارِ

فقیہ کون ہے؟ ہم سے بڑا عالم کون ہے؟ پھر آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: کیا تم ان میں کوئی بھلائی دیکھتے ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول ﷺ زیادہ جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: وہ تم میں سے اس اُمت سے ہوں گے، وہ جہنم کا ایندھن ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ

یہ حدیث عبداللہ بن زید بن اسلم سے خالد بن یزید العمری روایت کرتے ہیں۔

6243 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّائِغُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ قَالَ: نَا عَمِّي مَنْصُورُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ قَالَ: حَدَّثَنِي شَيْخٌ يُكْنٰى: اَبُو مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي شَيْخٌ يُقَالُ لَهٗ: الْمُهَاجِرُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِرَبِّكُمْ فِي اَيَّامِ الدَّهْرِ نَفَحَاتٌ، فَتَعَرَّضُوا لَهَا، لَعَلَّ اَحَدَكُمْ اَنْ تُصِيبَهُ نَفْحَةٌ فَلَا يَشْقٰى بَعْدَهَا اَبَدًا

حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارا رب سال کے چند دنوں میں اپنی خاص رحمت فرماتا ہے، اس کے حصول کے لیے کوشش کرو، جس کو اس کی رحمت کا حصہ ملا، اس کے بعد ہمیشہ کے لیے بدبخت نہیں ہوگا۔

لَا يُرْوٰى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهٖ اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ

یہ حدیث محمد بن مسلمہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن عبدہ اکیلے ہیں۔

6244 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّائِغُ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ السَّعْدِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ قَالَ: ثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ الْفَضْلَ بْنَ عَبَّاسٍ اَنْ يُعِدَّ لَهٗ طَهُورَهٗ، فَانْطَلَقَ رَسُولُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کو حکم دیا وضو کے لیے پانی تیار کرنے کے لیے، حضور ﷺ قضاء حاجت کے لیے تشریف لے گئے، جب آپ قضاء حاجت کے لیے جاتے تو آپ دور جاتے تھے یہاں تک

6243- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 19 صفحه 233 رقم الحديث: 519 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 234: وفيه من لم أعرفهم ومن عرفتهم وثقوا .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهِ، وَكَانَ إِذَا كَانَتْ لَهُ حَاجَةٌ تَبَاعَدَ حَتَّى لَا يَكَادُ يُرَى، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجَتَهُ، أَقْبَلَ رَاجِعًا، فَمَرَّ بِامْرَأَةٍ عِنْدَ قَبْرِ مَيِّتٍ لَهَا، وَهِيَ تُعَدِّدُ، وَتُعَوِّلُ، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهَا وَهِيَ لَا تَعْرِفُهُ، فَقَالَ لَهَا: اتَّقِ اللّٰهَ، وَاصْبِرِي قَالَتْ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، اذْهَبْ لِحَاجَتِكَ، فَقَالَ لَهَا ثَلَاثًا، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَجَاءَ فَأَخَذَ الْمِطْهَرَةَ مِنَ الْفَضْلِ، فَقَامَ الْفَضْلُ، فَأَتَى الْمَرْأَةَ، فَقَالَ لَهَا: مَا قَالَ لَكِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَامَتْ، فَقَالَتْ: يَا وَيْلَهَا؟ هَذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَمْ أَعْرِفْهُ فَسَعَتْ حَتَّى لَحِقَتْهُ عَلَى بَابِ الْمَسْجِدِ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ مَا عَرَفْتُكَ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُولَى قَالَهَا ثَلَاثًا

کہ آپ دکھائی نہیں دیتے تھے' جب آپ ﷺ نے قضاء حاجت فرمائی تو آپ واپس آئے' آپ کا گزر ایک عورت کے پاس سے ہوا جو قبر کے پاس تھی' وہ رو رہی تھی' حضور ﷺ اس کے پاس کھڑے ہوئے' وہ آپ کو پہچانتی نہیں تھی' آپ نے اس سے فرمایا: اللہ سے ڈرو اور صبر کرو! اس نے کہا: اے اللہ کے بندے! اپنے کام کے لیے آپ جائیں' حضور ﷺ نے اس کو تین مرتبہ فرمایا' پھر آپ تشریف لے گئے' آپ نے حضرت فضل سے وضو کے لیے پانی لیا۔ حضرت فضل رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور اس عورت کے پاس آئے' اس کو کہا: تمہیں رسول اللہ ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟ وہ کھڑی ہوئی' اس نے کہا: اے ہلاکت! یہ رسول اللہ ﷺ تھے' میں آپ کو نہیں پہچان سکی۔ وہ دوڑتی ہوئی آئی' آپ کو دروازے پر ملی' عرض کرنے لگی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! میں آپ کو پہچان نہ سکی۔ حضور ﷺ نے اس کو فرمایا: صبر پہلے صدمہ کے وقت ہوتا ہے' یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ بِهَذَا التَّمَامِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَيْمُونَةَ إِلَّا يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ

یہ حدیث عطاء بن ابومیمونہ سے یوسف بن عطیہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن منصور اکیلے ہیں۔

6245 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَسَنِ بْنِ حَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ: جَاءَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما دونوں کو رسول اللہ ﷺ کے پاس اس بیماری میں لے کر آئیں جس میں آپ نے وصال فرمایا' عرض کی: یہ دونوں آپ کے لخت جگر ہیں' دونوں کو کسی شی کا وارث

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَسَنٍ، وَحُسَيْنٍ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي مَرَضِهِ الَّذِي قُبِضَ فِيهِ، فَقَالَتْ: هٰذَانِ ابْنَاكَ، فَوَرِّثْهُمَا شَيْئًا، فَقَالَ لَهَا: اَمَّا حَسَنٌ فَاِنَّ لَهُ ثَبَاتِي، وَسُؤْدَدِي، وَاَمَّا حُسَيْنٌ فَاِنَّ لَهُ حَزَامَتِي، وَجُودِي

بنائیں' آپ نے حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: حسن میرے ثابت اور سرداری کا وارث ہے اور حسین میری طاقت اور سخاوت کا وارث ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي رَافِعٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ

یہ حدیث ابورافع سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں خالد بن یزید العمری اکیلے ہیں۔

6246 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ اَبِيهِ نَافِعٍ مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، فَقَالَ: اِنَّ خَالِي فَارَقَ امْرَاَتَهُ، فَدَخَلَهُ مِنْ ذٰلِكَ هَمٌّ، وَاَمْرٌ شَقَّ عَلَيْهِ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَتَزَوَّجَهَا، وَلَمْ يَاْمُرْنِي بِذٰلِكَ، وَلَمْ يَعْلَمْ بِهِ؟ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَا، اِلَّا اَنْ تَنْكِحَ نِكَاحَ غِبْطَةٍ، اِنْ وَافَقَتْكَ اَمْسَكْتَ، وَاِنْ كَرِهْتَ فَارَقْتَ، وَاِلَّا فَاِنَّا كُنَّا نَعُدُّ هٰذَا فِي زَمَانِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِفَاحًا

حضرت نافع حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے غلام سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا: میرے خالو نے اپنی بیوی کو طلاق دی ہے' وہ اس غم میں داخل ہوئے ہیں' ان پر معاملہ دشوار ہے میں اس سے شادی کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں' مجھے اس کا حکم نہیں دیا' نہ ان کو معلوم ہے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: نہیں! ہاں یہ جائز ہے کہ تو نکاح ضبط کر لے (یعنی نکاح کی خواہش کرے لیکن یہ تمنا نہیں کرنی ہے کہ اس سے ختم ہو جائے) اگر تیرے موافق آئے تو روک لے' اگر ناپسند ہو تو جدا کر دینا' ورنہ ہم اس بات کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں زنا شمار کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ نَافِعٍ اِلَّا اَبُو غَسَّانَ

یہ حدیث حضرت عمر بن نافع سے ابوغسان روایت کرتے ہیں۔

6247 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

6247- أخرجه أحمد: المسند جلد 3 صفحه 387 رقم الحديث: 14398 بنحوه . وذكره الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 92 وقال: رواه البزار وفيه المسعودي وهو ثقة وقد حصل له اختلاط . وبقية رجاله ثقات .

قَالَ: نا مُحْرِزُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى صَبِيًّا قَدْ عُلِّقَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: عَلَامَ تُعَلِّقُونَ صِبْيَانَكُمْ، عَلَيْكُمْ بِالْقُسْطِ، يُذَابُ بِالْمَاءِ، ثُمَّ يُسْعَطُ

نے ایک بچہ کو دیکھا جس پر علق تھا' آپ نے فرمایا: تم بچوں کو علق کیوں لگاتے ہو' تم قسط لگاؤ' وہ پانی سے پگھلایا جاتا ہے پھر اس کے ناک میں قطرہ قطرہ پانی ٹپکاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ الدَّارَوَرْدِيُّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے عبدالعزیز الدراوردی روایت کرتے ہیں۔ حضرت جابر' حضرت عائشہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6248 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُحْرِزِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سُبَّتِ الْحُمَّى يَوْمًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوهَا، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ اِنَّهَا لَتُذْهِبُ ذُنُوبَ الْمُؤْمِنِ كَمَا يُذْهِبُ الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک دن رسول اللہ ﷺ کے پاس بخار کو گالی دی' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو گالی نہ دو' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! یہ مؤمن سے گناہ اس طرح ختم کر دیتا ہے جس طرح لوہے سے زنگ بھٹی دور کر دیتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ اِلَّا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ. وَلَمْ يَرْوِ حَفْصُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ حَدِيثًا غَيْرَ هٰذَا

یہ حدیث علقمہ بن مرثد سے موسیٰ بن عبیدہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالعزیز بن محمد اکیلے ہیں۔ حضرت حفص بن عبیداللہ بن انس' حضرت ابوہریرہ سے اس حدیث کے علاوہ روایت نہیں کرتے ہیں۔

6248- أخرجه ابن ماجة: الطب جلد 2 صفحه 1149 رقم الحديث: 3469 بنحوه . وفي الزوائد' في اسناده موسى ابن عبيدة وهو ضعيف .

6249 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ، وَلَا الْمَصَّتَانِ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورت کا پستان ایک دفعہ اور دو مرتبہ چوسنے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے عبداللہ بن رجاء روایت کرتے ہیں۔

6250 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْمَدَنِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ جَمِيلَةَ بِنْتِ عِبَادَةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اُخْتِهَا، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ النَّاسَ عَلَى الْمِنْبَرِ فِي رَمَضَانَ، فَقَالَ: قَدْ قُمْتُ عَلَى هٰذَا الْمِنْبَرِ، وَاَنَا اَعْلَمُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ، فَالْتَمِسُوهَا فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ، فِي لَيْلَةِ الْوِتْرِ

حضرت عقبہ بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کھڑے ہوئے اور آپ نے لوگوں کو رمضان میں منبر پر خطبہ دیا' فرمایا: میں اس منبر پر کھڑا ہوا ہوں' میں لیلۃ القدر کو جانتا ہوں' اس کو آخری عشرے کی طاق راتوں میں تلاش کرو۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث عقبہ بن مالک سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالعزیز بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

6251 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ قَتَادَةَ بْنَ دِعَامَةَ، حَدَّثَهُ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے مجھ سے کعبہ شریف کے اندر نماز پڑھنے کا وعدہ کیا تھا' آپ نے حطیم کعبہ کے اندر نماز پڑھنے کا حکم دیا' میں نے عرض کی: آپ نے مجھ سے کعبہ کے اندر

6249- أخرجه أحمد: المسند جلد4 صفحه7 رقم الحديث: 16127 .

عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَدَهَا اَنْ تُصَلِّيَ فِي الْبَيْتِ، وَاَمَرَهَا اَنْ تُصَلِّيَ فِي الْحِجْرِ، قَالَتْ: اِنَّكَ وَعَدْتَنِي اَنْ اُصَلِّيَ فِي الْبَيْتِ قَالَ: اِنَّهُ مِنَ الْبَيْتِ، لَوْلَا اَنَّ قَوْمَكِ حَدِيثُ عَهْدٍ بِشِرْكٍ، اَلْحَقْتُهُ بِالْبَيْتِ

نماز پڑھنے کا وعدہ کیا' آپ نے فرمایا: یہ بھی کعبہ میں شامل ہے' اگر تیری قوم جاہلیت کے قریب نہ ہوتی تو میں اس کو کعبہ میں شامل کر دیتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ

یہ حدیث قتادہ سے عمرو بن حریث روایت کرتے ہیں۔

6252 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَ: ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ دَاوُدَ الْمِخْرَاقِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ اَبِي حَسَنٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ الْقُرَظِيَّ، حَدَّثَهُ، اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ اَبِي الْحَسَنِ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ: سَمِعَ شُرَيْحًا، يَقُولُ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَتُغَرْبَلُونَ حَتَّى تَصِيرُونَ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ، مَرِجَتْ عُهُودُهُمْ، وَخَرِبَتْ اَمَانَاتُهُمْ ، فَقَالَ قَائِلُنَا: كَيْفَ بِنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: تَعْمَلُونَ بِمَا تَعْرِفُونَ وَتَتْرُكُونَ مَا تُنْكِرُونَ، وَتَقُولُونَ: اَحَدٌ اَحَدٌ، انْصُرْنَا عَلَى مَنْ ظَلَمَنَا، وَاكْفِنَا مَنْ بَغَانَا

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عنقریب زمانہ گھومے گا' ایسا زمانہ آئے گا کہ کمینے لوگ رہ جائیں گے' ان میں وعدہ وفائی ختم ہو جائے گی' امامت بھی ختم ہو جائے گی' ہم سے کہنے والے نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کیا کریں؟ آپ نے فرمایا: تم جو جانتے ہو وہ عمل کرو' جس کو ناپسند کرتے ہو اس کو چھوڑ ڈالو' تم کہو: احد احد! ہماری مدد کر اس پر جو ہم پر ظلم کرے' ہماری کفایت کر جو ہم پر بغاوت کرے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ شُرَيْحٍ الْقَاضِي اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث شریح القاضی سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن حمید اکیلے ہیں۔

6253 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت سعید بن میسب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6253- أخرجه الترمذي: الطهارة جلد 1 صفحه 46 رقم الحديث: 31 من طريق عامر بن شقيق عن أبي وائل عن عثمان

قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ رُزَيْقٍ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: رَأَيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ تَوَضَّأَ فَخَلَّلَ لِحْيَتَهُ، ثُمَّ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّأُ فَخَلَّلَ لِحْيَتَهُ

میں نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو وضو کرتے ہوئے اور داڑھی کا خلال کرتے ہوئے دیکھا' پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ کو وضو کرتے اور داڑھی کا خلال کرتے دیکھا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَسَانِيِّ إِلَّا شُعَيْبُ بْنُ رُزَيْقٍ

یہ حدیث عطاء خراسانی سے شعیب بن رزیق روایت کرتے ہیں۔

6254 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ صَالِحٍ الْهَرَوِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ مُوسَى بْنِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْإِيمَانُ مَعْرِفَةٌ بِالْقَلْبِ، وَإِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ، وَعَمَلٌ بِالْأَرْكَانِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایمان دل کی معرفت اور زبان کے اقرار اور اعضاء سے عمل کرنے کا نام ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ صَالِحٍ الْهَرَوِيُّ

یہ حدیث حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالسلام بن صالح الہروی اکیلے ہیں۔

6255 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

بن عفان رضی الله عنه فذكر بنحوه قال: حسن صحيح . وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 148 رقم الحديث: 430' والدارمي: الطهارة جلد 1 صفحه 191 رقم الحديث: 704 .

6254- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 25 رقم الحديث: 65 . وفي الزوائد: اسناد هذا الحديث ضعيفلانفاقهم على ضعف أبي الصلت' الراوي . والبيهقي في شعب الايمان جلد 1 صفحه 47-48 رقم الحديث: 16 . وانظر تنزيه الشريعة المرفوعة جلد 1 صفحه 151 رقم الحديث: 13 .

6255- أخرجه النسائي: المناسك جلد 5 صفحه 123 (باب كيف التلبية؟)' وابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه 974 رقم الحديث: 2920' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 455 رقم الحديث: 8518' والدارقطني: سننه جلد 2

قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ بَانَكَ، اَنَّهُ: سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ هُرْمُزٍ الْاَعْرَجَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: كَانَ تَلْبِيَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَبَّيْكَ اِلٰهَ الْحَقِّ

حضور ﷺ کا تلبیہ "لبیك اله الحق" تھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ بَانَكَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ

یہ حدیث سعید بن مسلم بن بانک سے خالد بن یزید العمری اکیلے ہیں۔

6256 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ بَانَكَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى اُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ، عَاقِدَهُ عَلَى قَفَاهُ، فَقُلْتُ لِاُمِّ حَبِيبَةَ: اَيُصَلِّي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، وَهُوَ الَّذِي كَانَ فِيهِ مَا كَانَ

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اُم حبیبہ زوجہ نبی ﷺ کے پاس آیا' میں نے حضور ﷺ کو ایک کپڑے میں نماز پڑھتے دیکھا' اس کی گرہ گدی پر لگائی ہوئی تھی' میں نے حضرت اُم حبیبہ سے کہا: کیا حضور ﷺ ایک کپڑے میں نماز پڑھتے ہیں؟ حضرت اُم حبیبہ نے فرمایا: جی ہاں! آپ کے پاس یہ ہی کپڑا ہے جو آپ نے پہن رکھا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ بَانَكَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ

یہ حدیث سعید بن مسلم بن بانک سے خالد بن یزید العمری روایت کرتے ہیں۔

6257 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: نا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي اَخِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرَةَ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوعمرہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے مجھے فرمایا: ہمیں بتایا گیا ہے کہ نمازِ عشاء باجماعت پڑھنے سے آدھی رات قیام کرنے کا ثواب اور فجر کی نماز باجماعت پڑھنے

صفحه 225 رقم الحديث: 38 . وقال: والحديث رواته كلهم ثقات .

6256- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 98 رقم الحديث: 366' والنسائي: الطهارة جلد 1 صفحه 127 (باب المني يصيب الثوب)' وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 179 رقم الحديث: 540 بنحوه .

الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی عَمْرَةَ قَالَ: قَالَ لِی عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ اَنَّ شُهُودَ الْعَتَمَةِ، خَيْرٌ مِنْ قِيَامِ نِصْفِ لَيْلَةٍ، وَشُهُودَ الصُّبْحِ خَيْرٌ مِنْ قِيَامِ لَيْلَةٍ

سے ساری رات قیام کرنے سے بہتر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرَةَ، اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَالِدٍ اَبُو عَطَّافٍ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا اَخُوهُ عَطَّافٌ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن عمرو بن ابوعمرو سے عبداللہ بن خالد ابوعطاف اور عبداللہ سے ان کے بھائی عطاف روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن منصورا کیلے ہیں۔

6258 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيّ الصَّائِغُ قَالَ: ثنا مُحْرِزُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ بِالْمُزْدَلِفَةِ، فَلَمَّا اَنَاخَ قَالَ: الصَّلَاةُ بِاِقَامَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مغرب کی نماز مزدلفہ میں پڑھائی' جب اونٹ بٹھانے لگے تو آپ نے فرمایا: نمازِ عشاء بھی پڑھ لو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے الدراوردی روایت کرتے ہیں۔

6259 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيّ الصَّائِغُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيَجِيءُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ اَقْوَامٌ، تَكُونُ وُجُوهُهُمْ وُجُوهَ الْآدَمِيِّينَ، وَقُلُوبُهُمْ قُلُوبَ الشَّيَاطِينِ، اَمْثَالُ الذِّئَابِ الضَّوَارِي، لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ شَيْءٌ مِنَ الرَّحْمَةِ، سَفَّاكُونَ لِلدِّمَاءِ، لَا يَرْعَوْنَ قَبِيحًا، اِنْ تَابَعْتَهُمْ وَارَبُوكَ، وَاِنْ تَوَارَيْتَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: زمانہ کے آخر میں' ایسی قومیں آئیں گی جن کے چہرے تو آدمیوں کی طرح لیکن ان کے دل' شیطانوں کی مانند ہوں گے۔ خونخوار بھیڑیوں کی مانند ہوں گے' ان کے دلوں میں مہربانی نام کی کوئی شی نہ ہوگی۔ خون بہانے والے اس کو برا گمان تک نہ کریں گے' اگر تو ان کی اتباع کرے گا تو تباہ ہوجائے گا۔ اگر ان سے چھپے گا تو وہ تیری عیب جوئی کریں گے۔ اگر وہ تجھ سے بات کریں گے تو جھوٹ بولیں گے۔ اگر تو ان کو امین

6258- أخرجه ابن ماجة: المناسك جلد2 صفحه1005 رقم الحديث: 3021 .

عَنْهُمُ اغْتَابُوكَ، وَإِنْ حَدَّثُوكَ كَذَّبُوكَ، وَإِنِ امِنْتَهُمْ خَانُوكَ، صَبِيُّهُمْ عَارِمٌ، وَشَابُّهُمْ شَاطِرٌ، وَشَيْخُهُمْ لَا يَأْمُرُ بِمَعْرُوفٍ، وَلَا يَنْهَى عَنْ مُنْكَرٍ، الِاعْتِزَازُ بِهِمْ ذُلٌّ، وَطَلَبُ مَا فِي أَيْدِيهِمْ فَقْرٌ، الْحَلِيمُ فِيهِمْ غَاوٍ، وَالْآمِرُ بِالْمَعْرُوفِ فِيهِمْ مُتَّهَمٌ، الْمُؤْمِنُ فِيهِمْ مُسْتَضْعَفٌ، وَالْفَاسِقُ فِيهِمْ مُشْرِفٌ، السُّنَّةُ فِيهِمْ بِدْعَةٌ، وَالْبِدْعَةُ فِيهِمْ سُنَّةٌ، فَعِنْدَ ذَلِكَ يُسَلِّطُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ شِرَارَهُمْ، وَيَدْعُو اَخْيَارَهُمْ فَلَا يُسْتَجَابُ لَهُمْ

بنائے گا تو وہ خیانت کریں گے۔ ان کے بچے سخت مزاج اور بدخلق ہوں گے۔ ان کے جوان شاطر ہوں گے ان کو بوڑھے نیکی کی دعوت نہیں دیں گے اور بُرائی سے منع نہیں کریں گے۔ ذلیل اُن کے ہاں عزت دار ہوں گے اُن کے ہاتھ کی چیز مانگنا فقر کی علامت ہوگا۔ ان میں بردبار گمراہ نیکی کی طرف بلانے والا مہتم، مؤمن کمزور فاسق نگران ہوگا عین سنت ان میں بدعت شمار ہوگی۔ ایسے میں اللہ تعالیٰ اُن پر اُن کے بُرے لوگوں کو مسلط فرمادے گا۔ ان میں سے بہتر لوگ دعا تو کریں گے لیکن اُن کی دعا قبول نہیں کی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

اس حدیث کو خصیف سے محمد بن سلمہ نے ہی روایت کیا۔ اور رسول کریم ﷺ سے صرف اسی سند سے مروی ہے۔

6260 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ: نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ طُفَيْلٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ: كَانَ فِي بَيْتٍ، وَاطَّلَعَ رَجُلٌ فِي بَيْتِهِ، فَأَهْوَى إِلَيْهِ بِسَهْمٍ، فَسَدَّدَهُ نَحْوَهُ، فَتَأَخَّرَ الرَّجُلُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ گھر میں تھے ایک آدمی آپ کے گھر میں جھانکنے لگا آپ نے تیر کے ساتھ اس کی طرف اشارہ کیا وہ آدمی پیچھے ہوگیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ إِلَّا طُفَيْلٌ شَيْخٌ بَصْرِيٌّ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث حمید سے طفیل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں معتمر اکیلے ہیں۔

6261 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

6260- أخرجه البخاری: الديات جلد12صفحه225 رقم الحديث: 6889، ومسلم: الآداب جلد3صفحه1699 .

6261- أصله عند البخاری بلفظ السمع والطاعة حق ما لم يؤمر...... . أخرجه البخاری: الجهاد جلد6صفحه135

قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ قَالَ: ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ: عَلَيْكَ بِالسَّمْعِ، وَالطَّاعَةِ فِيمَا اَحْبَبْتَ اَوْ كَرِهْتَ، اِلَّا اَنْ تُؤْمَرَ بِمَعْصِيَةٍ، فَلا طَاعَةَ لِاَحَدٍ فِي مَعْصِيَةِ اللّٰهِ

حضورﷺ نے ایک آدمی سے فرمایا: تم پسند کرو یا ناپسند کرو آپ پر سننا اور اطاعت کرنا لازم ہے مگر اس صورت میں کہ تجھے حکم دیا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ اِلَّا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث عبداللہ بن سعید بن ابوہند سے مغیرہ بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن حمید اکیلے ہیں۔

6262 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ عُبَيْسِ بْنِ مَرْحُومٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نا النَّضْرُ بْنُ عَرَبِيٍّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي اَرْوَى الدَّوْسِيِّ قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا، فَطَلَعَ اَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَيَّدَنِي بِهِمَا

حضرت ابواروی الدوسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہﷺ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا' حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں تشریف لائے' آپ نے فرمایا: تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں جس نے ان کے ذریعے میری مدد فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ عَرَبِيٍّ اِلَّا بِشْرُ بْنُ عُبَيْسٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي اَرْوَى اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث نضر بن عربی سے بشر بن عیسیٰ روایت کرتے ہیں اور ابواروی سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6263 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ

رقم الحديث: **2955**' وأبو داؤد: الجهاد جلد **3** صفحه **41** رقم الحديث: **2626**' والترمذى: الجهاد جلد **4** صفحه **209** رقم الحديث: **1707** .

6263- أخرجه الطبرانى فى الكبير جلد **11** صفحه **55** رقم الحديث: **11028** . وقال الهيثمى: فى المجمع جلد **3** صفحه **246**: وفيه من لم أعرفه ولا له ذكر .

قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا جَابِرُ بْنُ غَيْلَانَ بْنِ مُنَبِّهٍ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَفْوَانَ، عَنْ اِدْرِيسَ ابْنِ بِنْتِ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ: حَدَّثَنِي وَهْبُ بْنُ مُنَبِّهٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْلَا مَا طَبَعَ الرُّكْنَ مِنْ اَنْجَاسِ الْجَاهِلِيَّةِ، وَاَرْجَاسِهَا، وَاَيْدِي الظَّلَمَةِ، وَالْاَثِمَةِ، لَاسْتَشْفَى بِهِ مَنْ كَانَ بِهِ دَاءٌ

رسول کریم ﷺ نے فرمایا: رکنِ کعبہ کو جاہلیت کی پلیدی' رجس' ظلم اور گناہ کے ہاتھوں نے نہ چھوا ہوتا تو ہر بیماری والا اس کے توسّل سے شفاء طلب کر لیتا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ طَاوُسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحُلْوَانِيُّ

یہ حدیث حضرت وہب بن منبہ سے روایت کی جاتی ہے' وہ طاؤس سے اسی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کے ساتھ حلوانی اکیلے ہیں۔

6264 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدَةَ يَعْنِي ابْنَ اَبِي لُبَابَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلَى شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، وَاِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَحَجِّ الْبَيْتِ، وَصِيَامِ رَمَضَانَ وَيُقَالُ لَهُ: صِيَامِ رَمَضَانَ، وَحَجِّ الْبَيْتِ. قَالَ: لَا، اِلَّا هَكَذَا قَالَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اسلام کی بنیاد لا الٰہ الا اللّٰہ وان محمد رسول اللّٰہ 'نماز قائم کرنے' زکوٰۃ دینے' بیت اللہ کا حج کرنے اور رمضان کے روزے رکھنے پر رکھی گئی ہے۔ آپ سے عرض کی گئی: رمضان کے روزے اور بیت اللہ کا حج؟ حضرت عمر نے فرمایا: نہیں! آپ نے ایسے ہی فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدَةَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ وَرَوَاهُ اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، وَغَيْرُهُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سُعَيْرِ بْنِ الْخِمْسِ، وَمِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ

یہ حدیث سفیان' عبدہ سے اور سفیان سے ابراہیم بن محمد الشافعی۔ اس حدیث کو ابراہیم بن بشار الرمادی اور اس کے علاوہ سفیان سے' وہ سعیر بن خمس سے اور مسعر بن کدام روایت کرتے ہیں۔

6264- أخرجه البخاري: الايمان جلد 1 صفحه 64 رقم الحديث: 8' ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 45 .

6265 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ اَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر میں کسی کو دوست بناتا تو ابوبکر کو دوست بناتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ

یہ حدیث سفیان سے ابراہیم بن محمد الشافعی روایت کرتے ہیں۔

6266 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ قَيْسٍ قَالَ: قَالَ عُمَرُ لِاَسْمَاءَ: سَبَقْنَاكُمْ بِالْهِجْرَةِ، قَالَتْ: وَاللّٰهِ لَقَدْ سَبَقْتُمُونَا بِالْهِجْرَةِ، كُنَّا عِنْدَ الْعُرَاةِ الْحُفَاةِ، وَكُنْتُمْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُعَلِّمُ جَاهِلَكُمْ وَعَالِمَكُمْ، وَيَاْمُرُكُمْ بِمَعَالِي الْاَخْلَاقِ، وَقَالَتْ: لَاٰتِيَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُخْبِرُهُ، فَقَالَ: لِلنَّاسِ هِجْرَةٌ، وَلَكُمْ هِجْرَتَانِ

حضرت قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت اسماء سے فرمایا: ہم سے ہجرت میں سبقت لے گئے ہیں۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بے شک تم ہم سے ہجرت میں سبقت لے گئے ہو! ہم ننگے پاؤں اور ننگے جسم والوں کے پاس تھیں اور تم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے' آپ تمہارے اَن پڑھ اور پڑھے لکھوں کو جانتے تھے اور تم کو اچھے اخلاق کا حکم دیتے۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں ضرور رسول اللہ ﷺ کے پاس جاؤں گی' آپ کو بتاؤں گی' آپ کو بتایا گیا تو آپ نے فرمایا: لوگوں کے لیے ایک ہجرت کا ثواب ہے اور تمہارے لیے دو ہجرتوں کا ثواب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ

یہ حدیث سفیان سے محمد بن ابوعمر روایت کرتے ہیں۔

6265- أخرجه مسلم: فضائل الصحابة جلد 4صفحه1855' والترمذى: المناقب جلد5صفحه606 رقم الحديث: 3655' وابن ماجة: المقدمة جلد1صفحه36 رقم الحديث:93 .

6266- أصله عند البخارى وفيه..... ' وله ولأصحابه هجرة واحدة' ولكم أنتم أهل السفينة هجرتان . أخرجه البخارى: المغازى جلد 7صفحه554 رقم الحديث: 4231' والحاكم فى المستدرك جلد 3صفحه566 من طريق أبى موسى عن أسماء . فذكره بلفظ المصنف مختصرًا' وقال: صحيح الاسناد ولم يخرجاه . ووافقه الذهبى .

6267 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: رُبَّمَا عَدَّ الْعَادُّ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَجْلِسِ الْوَاحِدِ: اغْفِرْ لِي، وَتُبْ عَلَيَّ، أَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُورُ مِائَةَ مَرَّةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بسا اوقات رسول اللہ ﷺ کے لیے ایک مجلس میں شمار کیا جاتا' آپ سو مرتبہ ''اللّٰهم اغفرلی وتب علیّ انت التواب الغفور'' پڑھتے تھے۔

6268 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، نا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ، عَنِ الْأُضْحِيَّةِ أَوَاجِبَةٌ هِيَ؟ فَقَالَ: ضَحَّى رَسُولُ اللَّهِ، وَالْمُسْلِمُونَ بَعْدَهُ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے قربانی کے متعلق پوچھا کہ کیا یہ واجب ہے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ اور آپ کے بعد بھی لوگ کرتے رہے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث ابن عون سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔

6269 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، نا سُفْيَانُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحُمُرِ؟ فَقَالَ: لَمْ يَأْتِ فِيهَا شَيْءٌ إِلَّا هَذِهِ الْآيَةُ الْفَاذَّةُ الْجَامِعَةُ: (فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ، وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ) (الزلزلة: 8)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے پالتو گدھے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: اس کے متعلق کوئی حکم نہیں ہے' مگر یہ کہ ایک جامع آیت ہے جو ذرّہ برابر نیکی کرے گا وہ دیکھ لے گا' جو ذرّہ برابر بُرائی کرے گا وہ بھی دیکھ لے گا۔

6267- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 86 رقم الحديث: 1516' والترمذى: الدعوات جلد 5 صفحه 494 رقم الحديث: 3434 . وقال: حسن صحيح غريب . وابن ماجة: الأدب جلد 2 صفحه 1253 رقم الحديث: 3814' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 115 رقم الحديث: 5566 .

6268- أخرجه الترمذى: الأضاحى جلد 4 صفحه 92 رقم الحديث: 1506 . وقال: حسن صحيح . وابن ماجة: الأضاحى جلد 2 صفحه 1044 رقم الحديث: 3124 .

6269- أخرجه البخارى: التفسير جلد 8 صفحه 598 رقم الحديث: 4963' ومسلم: الزكاة جلد 2 صفحه 680 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ

یہ حدیث سفیان سے سعید بن منصور روایت کرتے ہیں۔

6270 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: ثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ فِي الْخَيْلِ، وَالرَّقِيقِ زَكَاةٌ إِلَّا أَنَّ فِي الرَّقِيقِ صَدَقَةُ الْفِطْرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گھوڑے اور غلام پر زکوٰۃ نہیں ہے، مگر یہ ہے کہ غلام کے مالک پر صدقۂ فطر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ يَزِيدُ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے ابن ابوزائدہ روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں یزید اکیلے ہیں۔

6271 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، ثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَيَّاشٍ الْقِتْبَانِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "أَدْنَى أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا الَّذِي لَهُ نَعْلَانِ مِنْ نَارٍ، يَغْلِي مِنْهُمَا دِمَاغُهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جہنم میں سب سے کم عذاب والا وہ ہوگا جس کے پاؤں کے نیچے آگ ہوگی' ان دونوں سے اس کا دماغ اُبل رہا ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَيَّاشٍ إِلَّا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن عیاش سے مفضل بن فضالہ روایت کرتے ہیں۔

6272 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا مُحَمَّدُ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6270- أخرجه البخاري: الزكاة جلد 3 صفحه 383 رقم الحديث: 1464، ومسلم: الزكاة جلد 2 صفحه 675، وأبو داؤد: الزكاة جلد 2 صفحه 110 رقم الحديث: 1594 ولفظه عند أبي داؤد .

6272- أخرجه الترمذي: الطب جلد 4 صفحه 384 رقم الحديث: 2040 . وقال: حسن غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه . وابن ماجة: الطب جلد 2 صفحه 1139-1140 رقم الحديث: 3444 . في الزوائد: اسناده حسن . لأن بكر بن يونس بن بكير، مختلف فيه . وباقي رجال الاسناد ثقات . والطبراني في الكبير جلد 17 صفحه 293 رقم الحديث: 807 .

بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثَنَا بَكْرُ بْنُ يُونُسَ بْنِ بُكَيْرٍ، ثَنَا مُوسَى بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُكْرِهُوا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ، فَاِنَّ اللّٰهَ يُطْعِمُهُمْ، وَيَسْقِيهِمْ

حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے مریضوں کو کھانے اور پینے پر مجبور نہ کرو کیونکہ اللہ اس کو کھلاتا اور پلاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا بَكْرُ بْنُ يُونُسَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث موسیٰ بن علی سے بکر بن یونس روایت کرتے ہیں۔ حضرت عقبہ بن عامر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6273 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، نا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيُدْرِكُ بِالْحِلْمِ دَرَجَةَ الصَّائِمِ الْقَائِمِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيُكْتَبُ جَبَّارًا، وَمَا يَمْلِكُ اِلَّا اَهْلَ بَيْتِهِ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی بردباری کے ذریعے اس مقام کو پالیتا ہے جو مسلسل روزے رکھنے والا ہوتا ہے اور ایک آدمی سرکش لکھا جاتا ہے وہ اپنے گھر والوں کا مالک ہوتا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

6274 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثَنَا اَنَسُ بْنُ اَبِي الْقَاسِمِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، عَنِ الرَّجُلِ

حضرت عبدالرحمٰن بن اسود اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: آدمی حالتِ احرام میں خوشبو لگا سکتا ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں رسول

6274- أخرجه البخاري: الحج جلد 3 صفحه 463 رقم الحديث: 1538، ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 847 مختصرًا.

يُرِيدُ اَنْ يُحْرِمَ، يَتَطَيَّبُ؟ فَقَالَتْ: تَطَيَّبَ بِاَطْيَبِ مَا قَدَرْتَ عَلَيْهِ، وَكَانِّي اَنْظُرُ اِلَى وَبِيصِ الطِّيبِ فِي مَفْرَقِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسی خوشبو لگاتی تھی جس پر کوئی قادر نہیں ہے' میں اب بھی وہ منظر دیکھ رہی ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مانگ مبارک میں خوشبو کی سفیدی دکھائی دے رہی ہے' جو آپ نے حالت احرام میں لگائی تھی۔

لَمْ يَرْوِ اَنَسُ بْنُ اَبِي الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَسْوَدَ حَدِيثًا غَيْرَ هٰذَا، وَاسْمُ اَبِي الْقَاسِمِ مَالِكٌ، كُوفِيٌّ

انس بن ابوالقاسم عبداللہ بن اسود سے اس کے علاوہ کوئی حدیث روایت نہیں کرتے ہیں۔ ابوالقاسم کا نام ابو مالک ہے' کوفی ہیں۔

6275 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بَاعَدَهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے روزہ رکھا' اللہ عزوجل اس سے جہنم کو ستر ہزار سال کی مسافت تک دور کردے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، وَهِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ

یہ حدیث زید بن اسلم سے ان کے بیٹے عبدالرحمن اور ہشام بن سعد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام بن سعد لیث بن سعد اکیلے ہیں۔

6276 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، نا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ يَوْمٌ مِنَ السَّنَةِ تَجْتَمِعُ فِيهِ نِسَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَهُ يَوْمًا اِلَى اللَّيْلِ، قَالَتْ: وَفِي ذَلِكَ الْيَوْمِ قَالَ: اَسْرَعُكُنَّ لُحُوقًا اَطْوَلُكُنَّ يَدًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ سال کا وہ دن جس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج ایک دن رات کو اکٹھی ہوئیں آپ کے پاس۔ اس دن آپ نے فرمایا: مجھ سے زیادہ جلدی وہ ملے گی جس کے ہاتھ لمبے ہوں گے۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں: ہم اپنی کلائیاں ناپنے لگیں کہ ہم میں سے کس کے ہاتھ لمبے ہیں تو حضرت

6275- أخرجه الترمذي: فضائل الجهاد جلد 4 صفحه 166 رقم الحديث: 1622 . وقال: غريب من هذا الوجه وأبو الأسود اسمه محمد بن عبد الرحمن بن نوفل الأسدي المدني . والنسائي: الصيام جلد 4 صفحه 143 (باب ثواب من صام يومًا في سبيل الله عزوجل)' وابن ماجة: الصيام جلد 2 صفحه 548 رقم الحديث: 1718' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 475 رقم الحديث: 8711 .

. قَالَتْ: فَجَعَلْنَا نَتَذَارَعُ بَيْنَنَا اَيُّنَا اَطْوَلُ يَدَيْنِ، قَالَتْ: فَكَانَتْ سَوْدَةُ اَطْوَلُهُنَّ يَدًا، فَلَمَّا تُوُفِّيَتْ زَيْنَبُ عَلِمْنَا اَنَّهَا كَانَتْ اَطْوَلَهُنَّ يَدًا فِي الْخَيْرِ وَالصَّدَقَةِ، قَالَتْ: وَكَانَتْ زَيْنَبُ تغزِلُ الْغَزْلَ، وَتُعْطِيهِ سَرَايَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخِيطُونَ بِهِ، وَيَسْتَعِينُونُ بِهِ فِي مَغَازِيهِمْ، قَالَتْ: وَفِي ذَلِكَ الْيَوْمِ قَالَ: كَيْفَ بِاِحْدَاكُنَّ تَنْبَحُ عَلَيْهَا كِلَابُ الْحَوْاَبِ

سودہ کے ہاتھ لمبے تھے۔ جب حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا وصال ہوا تو ہمیں معلوم ہوا کہ ہاتھ لمبے ہونے سے مراد بھلائی اور صدقہ دینے میں ہے۔ حضرت زینب چرخہ کاتتی تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جہاد کے لیے کپڑے سی کر دیتی تھیں' غازیوں کی مدد کرتی تھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَالِدٍ اِلَّا ابْنُ اَبِي زَائِدَةَ

یہ حدیث مجالد سے ابن ابوزائدہ روایت کرتے ہیں۔

6277 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّائِغُ، نا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، نا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، نا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ حُسَيْنِ الْمُعَلِّمِ، عَنْ اَبِي الْمُهَزِّمِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَضَى فِي بِيضِ النَّعَامِ يُصِيبُهُ الْمُحْرِمُ ثَمَنَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شترمرغ کے انڈے حالتِ احرام میں توڑنے والے کے بارے یہ فیصلہ فرمایا کہ وہ اس کی قیمت ادا کرے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، وَاسْمُ اَبِي الْمُهَزِّمِ يَزِيدُ بْنُ سُفْيَانَ

یہ حدیث حضرت ابوہریرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں مروان بن معاویہ اکیلے ہیں۔ ابومہزم کا نام یزید بن سفیان ہے۔

6278 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّائِغُ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ بَانَكَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي اُوَيْسٍ، عَنِ ابْنِ كَعْبٍ، عَنْ

حضرت سعد بن ابووقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: دنیا میں دو چہروں والا قیامت کے دن آئے گا' اس کے لیے

6277- اخرجه ابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه 1031 رقم الحديث: 3086 . فى الزوائد: فى اسناده على بن عبد العزيز' مجهول' وأبو المهزم: اسمه يزيد بن سفيان' ضعيف .

سَعْدِ بْنِ اَبِی وَقَّاصٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: ذُو الْوَجْهَيْنِ فِي الدُّنْيَا، يَأْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَهُ وَجْهَانِ مِنْ نَارٍ

آگ کے دو چہرے ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَعْدٍ اِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ

یہ حدیث سعد سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں خالد بن یزید العمری اکیلے ہیں۔

6279 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ بَانَكَ، عَنْ اَبِي الْحُوَيْرِثِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا ذِئْبَانِ ضَارِيَانِ فِي زَرِيبَةِ غَنَمٍ بِاَسْرَعَ فِيهَا فَسَادًا مِنْ طَلَبِ الْمَالِ، وَطَلَبِ الشَّرَفِ فِي دِينِ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دو بھیڑیے جن کو بکریوں میں چھوڑا جائے وہ اتنا نقصان نہیں کریں گے جتنا مال کا بھوکا اور عزت کا بھوکا مسلمان کے دین کا کرتا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث ابوسعید سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں خالد بن یزید اکیلے ہیں۔

6280 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي رِشْدِينَ، عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ، اَنَّهَا كَانَتْ اِذَا سَمِعَتْ اَحَدًا، يَقْرَاُ: وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا قَالَتْ: صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ فِي الْمَغْرِبِ بِالْمُرْسَلَاتِ، ثُمَّ لَمْ يُصَلِّ لَنَا عِشَاءً حَتَّى قَبَضَهُ اللّٰهُ

حضرت اُمِ فضل بنت حارث رضی اللہ عنہا نے کسی کو ''والمرسلات عرفا'' پڑھتے ہوئے سنا۔ حضرت اُمِ فضل رضی اللہ عنہا نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازِ مغرب میں مرسلات پڑھتے تھے' پھر ہمیں نمازِ عشاء نہیں پڑھائی یہاں تک کہ آپ کا وصال ہوگیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي

یہ حدیث زہری' ابورشدین سے اور زہری سے

6280- أخرجه البخاري: المغازي جلد 7 صفحه 736 رقم الحديث: 4429، ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 338، والطبراني في الكبير جلد 25 صفحه 23-24 رقم الحديث: 33 .

رِشْدِينَ وَهُوَ كُرَيْبٌ إِلَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَرَوَاهُ النَّاسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُمِّهِ أُمِّ الْفَضْلِ

اسامہ بن زید روایت کرتے ہیں۔ لوگوں نے اس حدیث کو زہری سے وہ عبیداللہ سے وہ ابن عباس سے وہ اپنی والدہ اُم فضل سے روایت کرتے ہیں۔

6281 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، نا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ، نا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ كَثِيرٍ، مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: جَاءَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ حِينَ جَهَّزَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ بِأَلْفِ دِينَارٍ، فَنَثَرَهَا فِي حِجْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَلِّبُهَا بِيَدِهِ، وَيَقُولُ: لَا يَضُرُّ ابْنَ عَفَّانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ الْيَوْمِ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ ایک ہزار دینار لے کر آئے جس وقت غزوۂ تبوک کے لیے لشکر تیار کیا گیا اور ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گود میں ڈال دیا۔ حضرت عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ اپنے ہاتھ سے پلٹ رہے ہیں اور فرما رہے ہیں: آج کے بعد عثمان کوئی بھی عمل کرے اس کے لیے نقصان دہ نہیں ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ شَوْذَبٍ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ إِلَّا ضَمْرَةُ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن سمرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن شوذب اکیلے ہیں۔ ابن شوذب سے صرف ضمرہ روایت کرتے ہیں۔

6282 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْحُلْوَانِيُّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْبَصْرِيُّ صَاحِبُ الْخُمُرِ، نا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ أَنْ يُؤْخَذَ بِرُخَصِهِ كَمَا يُحِبُّ أَنْ يُؤْخَذَ بِعَزَائِمِهِ . قُلْتُ: وَمَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نفلوں کو ایسے ہی پسند کرتا ہے جس طرح فرضوں کو پسند کرتا ہے۔ میں نے عرض کی: عزائمہ سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: فرض۔

6281- أخرجه الترمذي: المناقب جلد 5 صفحه 626 رقم الحديث: 3701 . وقال: حسن غريب من هذا الوجه . وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 77 رقم الحديث: 20657 والبيهقي في دلائل النبوة جلد 5 صفحه 215 .

عَزَائِمُهُ؟ قَالَ: فَرَائِضُهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے عمر بن عبید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حفص بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

6283 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، نا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُلْوَانِيُّ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ صَاحِبُ الْخُمُرِ، ثَنَا سُهَيْلُ بْنُ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْعَبْدَ لَيَبْلُغُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ الصَّائِمِ الْقَائِمِ، وَأَظُنُّهُ قَالَ:، الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بندہ اچھے اخلاق کے ذریعے ہمیشہ روزہ رکھنے والے کے مقام کو پالیتا ہے' میرا گمان ہے کہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے کے برابر ثواب کو پالیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُهَيْلٍ إِلَّا عُمَرُ بْنُ عُبَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث سہیل سے عمر بن عبید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حفص بن عبداللہ اکیلے ہیں۔

6284 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، نا عَبَّاسُ بْنُ أَبِي شَمْلَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمَّتِهِ، عَزَّةَ بِنْتِ خَايِلٍ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ، أَنَّهَا: أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَايَعَهَا عَلَى أَنَّكِ لَا تَزْنِينَ، وَلَا تَسْرِقِينَ، وَلَا تَئِدِينَ فَتُبْدِينَ أَوْ تُخْفِينَ فَقُلْتُ: أَمَّا الْوَأْدُ الْمُبْدَى عَرَفْتُهُ، وَأَمَّا الْوَأْدُ الْخَفِيُّ فَلَمْ أَسْأَلْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَمْ يُخْبِرْنِي، وَقَدْ وَقَعَ فِي نَفْسِي أَنَّهُ إِفْسَادُ الْوَلَدِ، فَوَاللّٰهِ، لَا أُفْسِدُ لِي وَلَدًا أَبَدًا

حضرت عطاء بن مسعود اپنے والد سے' وہ اپنی پھوپھی عزہ بنت خایل سے' وہ بتاتی ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پاس آئیں' آپ سے بیعت کی' نہ زنا و چوری ظاہر کرنے اور چھپانے کی' بہرحال بچی کو زندہ قتل کرنے کے متعلق' میں نے پہچان لیا اور عزل کے متعلق میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق نہیں پوچھا اور مجھے بتایا بھی نہیں گیا۔ میرے دل میں خیال آیا ہے کہ اس سے مراد ہے: عزل کرنا' اللہ کی قسم! میں زندگی بھر عزل نہیں کروں گی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَزَّةَ بِنْتِ خَايِلٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، وَلَمْ يَرْوِهِ

یہ حدیث عزہ بنت خایل سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن یعقوب اکیلے

عَنْ مُوسَى اِلَّا عَبَّاسُ بْنُ اَبِي شَمْلَةَ، وَابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ

ہیں۔ موسیٰ سے عباس بن ابوشملہ اور ابن ابوفدیک روایت کرتے ہیں۔

6285 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، نا حَفْصُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحُلْوَانِيُّ، ثَنَا بَكَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّبَذِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بِنِ نَوْفَلِ الْعَوْفِيُّ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: قَلَّبْتُ مَشَارِقَ الْاَرْضِ، وَمَغَارِبَهَا، فَلَمْ اَجِدْ رَجُلًا اَفْضَلَ مِنْ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَمْ اَرَ بَيْتًا اَفْضَلَ مِنْ بَيْتِ بَنِي هَاشِمٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' حضور ﷺ سے روایت کرتی ہیں' آپ حضرت جبریل علیہ السلام کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت جبریل نے عرض کی: میں نے مشرق و مغرب کو پلٹا' مجھے محمد ﷺ سے افضل کوئی آدمی نہیں ملا اور میں نے بنی ہاشم کے گھر سے افضل کوئی گھر نہیں دیکھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ. وَلَا يُرْوَى عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث زہری سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن عبیدہ اکیلے حضرت عائشہ یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6286 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، نا الْمُسَيِّبُ بْنُ وَاضِحٍ، ثَنَا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَفَّافُ، حَدَّثَنِي اَبُو عَمْرٍو الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ قَالَ: بِتُّ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً، فَرَاَيْتُ عِنْدَهُ شَخْصًا، فَقَالَ: هَلْ رَاَيْتَهُ يَا حُذَيْفَةُ قُلْتُ: نَعَمْ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: هَذَا مَلَكٌ لَمْ يَهْبِطْ اِلَيَّ مُنْذُ بُعِثْتُ، اَتَانِي اللَّيْلَةَ، وَبَشَّرَنِي اَنَّ الْحَسَنَ، وَالْحُسَيْنَ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس رات گزاری' میں نے آپ کے پاس ایک شخص دیکھا تو آپ نے فرمایا: اے حذیفہ! آپ نے اس کو دیکھا ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جی ہاں! آپ نے فرمایا: یہ فرشتہ تھا' جب سے میں مبعوث کیا گیا ہوں' میرے پاس نہیں آیا' آج رات میرے پاس آیا' مجھے خوشخبری دی کہ حسن و حسین جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَيْسٍ اِلَّا سَالِمُ بْنُ

یہ حدیث قیس سے سالم بن ابوجعد اور سالم سے

اَبِی الْجَعْدِ، وَلَا عَنْ سَالِمٍ اِلَّا اَبُو عَمْرٍو الْاَشْجَعِیُّ، تَفَرَّدَ بِهٖ عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ

ابوعمرو اشجعی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عطاء بن مسلم اکیلے ہیں۔

6287 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیٍّ الصَّائِغُ، نا الْمُسَیَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، ثَنَا مَخْلَدُ بْنُ الْحُسَیْنِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیرِینَ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مَرَّ بِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ، وَهُوَ فِی الْمَسْجِدِ، وَهُوَ یُنْشِدُ شِعْرًا، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: هَاهُنَا؟ فَقَالَ لَهُ حَسَّانُ: نَعَمْ، لَقَدْ اَنْشَدْتُ فِیهِ مَنْ هُوَ خَیْرٌ مِنْكَ، ثُمَّ الْتَفَتَ حَسَّانُ اِلَی اَبِی هُرَیْرَةَ، فَقَالَ: اُنْشِدُكَ بِاللّٰهِ یَا اَبَا هُرَیْرَةَ، هَلْ سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: اَجِبْ عَنِّی، اللّٰهُمَّ اَیِّدْهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ؟، فَقَالَ اَبُو هُرَیْرَةَ: اللّٰهُمَّ نَعَمْ، فَسَكَتَ عُمَرُ وَمَضَی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت حسان بن ثابت کے پاس سے گزرے حضرت حسان رضی اللہ عنہ مسجد میں اشعار پڑھ رہے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مسجد میں آپ اشعار پڑھ رہے ہیں؟ حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے آپ سے عرض کی: جی ہاں! میں نے آپ سے بہتر کی موجودگی میں پڑھے ہیں پھر حضرت حسان رضی اللہ عنہ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے ابوہریرہ! میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری طرف سے جواب دو! اے اللہ! حسان کی جبریل علیہ السلام کے ذریعے مدد فرما؟ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! جی ہاں! حضرت عمر خاموش ہو گئے اور چلے گئے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ، عَنْ هِشَامٍ اِلَّا مَخْلَدُ بْنُ الْحُسَیْنِ

یہ حدیث ہشام سے مخلد بن حسین روایت کرتے ہیں۔

6288 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّیُّ، نا بِشْرُ بْنُ عُبَیْسِ بْنِ مَرْحُومٍ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنِی جَدِّی، عَنْ عَبْدِ الرَّحِیمِ بْنِ زَیْدٍ الْعَمِّیِّ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهٖ قَالَ: تَوَضَّاَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاحِدَةً وَاحِدَةً، فَقَالَ: هٰذَا وُضُوءُ مَنْ لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ صَلَاتَهُ

حضرت معاویہ بن قرہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اعضائے وضو کو ایک ایک مرتبہ دھویا فرمایا: یہ وضو اس کے ذریعے نماز قبول ہوتی ہے۔ پھر اعضائے وضو کو دو دو مرتبہ دھویا فرمایا: اس طرح وضو کرنے سے اللہ عزوجل ثواب میں اضافہ کرتا ہے۔ پھر اعضائے وضو کو تین مرتبہ دھویا فرمایا:

6287- أخرجه البخاری: بدء الخلق جلد 6 صفحه 351 رقم الحديث: 3212 ومسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1932 .

اِلَّا بِهِ . ثُمَّ تَوَضَّأَ ثِنْتَيْنِ ثِنْتَيْنِ، فَقَالَ: مَنْ تَوَضَّأَ هَكَذَا ضَاعَفَ اللّٰهُ لَهُ اَجْرَهُ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ تَوَضَّأَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، فَقَالَ: هَذَا اِسْبَاغُ الْوُضُوءِ، وَهَذَا وُضُوئِي، وَوُضُوءُ خَلِيلِ اللّٰهِ اِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، مَنْ تَوَضَّأَ هَكَذَا، ثُمَّ قَالَ عِنْدَ فَرَاغِهِ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ، وَرَسُولُهُ فَتَحَ اللّٰهُ لَهُ ثَمَانِيَةَ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ، يَدْخُلُ مِنْ اَيِّهَا شَاءَ

یہ مکمل وضو ہے اور یہ میرا وضو اور خلیل اللہ ابراہیم علیہ السلام کا ہے' جس نے اس طرح وضو کیا اور فارغ ہو کر اشهد ان لا اله الا الله وحدہٗ لا شریک له وان محمداً عبدہٗ ورسولہ پڑھا' اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں' جس سے چاہے داخل ہو۔

هَكَذَا رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ مَرْحُومُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ وَرَوَاهُ الْحُجَيْنُ، وَغَيْرُهُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ . وَرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَرَادَةَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ

یہ حدیث اسی طرح مرحوم بن عبدالعزیز سے' وہ عبدالرحیم بن زید سے' وہ اپنے والد سے' وہ معاویہ بن قرہ سے' وہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو حجین اور ان کے علاوہ عبدالرحیم بن زید سے' وہ اپنے والد سے' وہ معاویہ بن قرہ سے' وہ ابن عمر سے۔ اس حدیث کو عبداللہ بن عرارہ الشیبانی' وہ زید العمی' وہ معاویہ بن قرہ سے' وہ عمیر سے' وہ ابی بن کعب سے۔

6289 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، نا بِشْرُ بْنُ عُبَيْسٍ، نا نَافِعُ بْنُ خَارِجَةَ بْنِ نَافِعٍ، مَوْلَى ابْنِ جَحْشٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَحْشٍ، عَنْ زَيْنَبَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْبَلُوا الْكَرَامَةَ، وَاَفْضَلُ الْكَرَامَةِ الطِّيبُ، اَخَفُّهُ مَحْمَلًا، وَاَطْيَبُهُ رِيحًا

حضرت زینب زوجہ نبی ﷺ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عزت قبول کرو' افضل کرامت خوشبو ہے' اس کو اُٹھانا آسان ہے اور اس کی خوشبو پاک ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ زَيْنَبَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ بِشْرُ بْنُ عُبَيْسٍ

یہ حدیث حضرت زینب سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں بشر بن عبیس اکیلے ہیں۔

6290 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا حُصَيْنُ بْنُ عُمَرَ الْاَحْمَسِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ قَالَ: لَمَّا بُعِثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَيْتُهُ، فَقَالَ لِي: يَا جَرِيرُ، لِاَيِّ شَيْءٍ جِئْتَنَا؟ قُلْتُ: لِاُسْلِمَ عَلَى يَدَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاَلْقَى اِلَيَّ كِسَاءَهُ، ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى اَصْحَابِهِ، فَقَالَ: اِذَا اَتَاكُمْ كَرِيمُ قَوْمٍ فَاَكْرِمُوهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ اِلَّا حُصَيْنُ بْنُ عُمَرَ الْاَحْمَسِيُّ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعلانِ نبوت کیا تو میں آپ کے پاس آیا، مجھے آپ نے فرمایا: اے جریر! کون سی شی کی وجہ سے ہمارے پاس آئے ہو؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے دست مبارک پر اسلام لانے کے لیے۔ آپ نے میری طرف اپنی چادر پھینکی، پھر آپ اپنے صحابہ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: جب تمہارے پاس کسی قوم سے کوئی معزز آدمی آئے تو اس کی عزت کرو۔

یہ حدیث اسماعیل بن ابوخالد سے حصین بن عمر احمسی روایت کرتے ہیں۔

6291 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، نا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَزِمَ الِاسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُ مِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا، وَمِنْ كُلِّ ضِيقٍ مَخْرَجًا، وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

حضرت محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے استغفار کرنے پر مداومت اختیار کی تو اللہ عزوجل اس کا ہر غم ختم کردے گا، ہر تنگی کھول دے گا، ایسی جگہ سے رزق دے گا جہاں سے اس کو وہم و گمان بھی نہیں ہوگا۔

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

6292 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا مُوسَى

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6291- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 2صفحه86 رقم الحديث: 1518، وابن ماجة: الأدب جلد 2صفحه1254 رقم الحديث: 3819، وأحمد: المسند جلد 1صفحه326 رقم الحديث: 2238، والطبراني في الكبير جلد 10 صفحه281 رقم الحديث: 10665 .

6292- أصله عند البخاري ومسلم من طريق أبي معاوية، عن الأعمش، عن مسلم، عن مسروق، عن مغيرة بن شعبة قال: ......حتى توارى عني فقضى حاجته، .... اخرجه البخاري: الصلاة جلد 1صفحه564 رقم الحديث: 363،

بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا اَبُو بَحْرٍ الْبَكْرَاوِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ الْحَاجَةَ اَبْعَدَ

حضور ﷺ جب قضاء حاجت کرتے تو آپ دور ہو جاتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا اَبُو بَحْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے ابوبحر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن محمد بن حیان روایت کرتے ہیں۔

6293 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا اَبُو الْاَخْيَلِ خَالِدُ بْنُ عَمْرٍو السَّلَفِيُّ الْحِمْصِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ الْاَبْرَشُ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصَّوْمُ فِي السَّفَرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے محمد بن حرب روایت کرتے ہیں۔

6294 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْكُرَيْزِيُّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِي الْاَخْضَرِ، اَنَّهُ حَدَّثَهُمْ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ الْاَنْصَارِيِّ

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مہاجرین میں سب سے پہلے مدینہ مصعب بن عمیر آئے تو ان کو اعزاز حاصل ہے جمعہ کے دن جمعہ کے لیے لوگوں کو اکٹھا کیا' حضور ﷺ کے آنے سے پہلے اکٹھا کیا اور ان کو نماز پڑھائی۔

ومسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 229' وأبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 1 رقم الحديث: 1 من طريق أبي سلمة بلفظ: كان اذا ذهب المذهب أبعد .

6293- أخرجه ابن ماجة: الصوم جلد 1 صفحه 542 رقم الحديث: 1665 . في الزوائد: اسناده صحيح . لأن محمد ابن المصفى' ذكره ابن حبان في الثقات . ووثقه مسلمة والذهبي في الكاشف . وقال أبو حاتم: صدوق' وقال النسائي: صالح . وباقي رجال الاسناد على شرط الشيخين . والطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 374 رقم الحديث: 13387 .

قَالَ: اَوَّلُ مَنْ قَدِمَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ الْمَدِينَةَ: مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ، وَهُوَ اَوَّلُ مَنْ جَمَعَ بِهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ جَمَعَهُمْ، قَبْلَ اَنْ يَقْدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِهِمْ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا صَالِحُ بْنُ اَبِي الْاَخْضَرِ، وَلَا عَنْ صَالِحٍ اِلَّا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبَّاسٌ الْعَنْبَرِيُّ

یہ حدیث زہری سے صالح بن ابواخضر اور صالح سے عبدالغفار بن عبیداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عباس العنبری اکیلے ہیں۔

6295 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عِفُّوا تَعِفَّ نِسَاؤُكُمْ، وَبَرُّوا آبَاءَكُمْ يَبَرُّكُمْ اَبْنَاؤُكُمْ، وَمَنِ اعْتَذَرَ اِلَى اَخِيهِ الْمُسْلِمِ مِنْ شَيْءٍ بَلَغَهُ عَنْهُ فَلَمْ يَقْبَلْ عُذْرَهُ لَمْ يَرِدْ عَلَيَّ الْحَوْضَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم اپنی عورتوں کے ذریعے پاک دامنی حاصل کرو اپنے ماں باپ سے نیکی کرو تمہاری اولاد تمہارے ساتھ نیکی کرے گی؛ جس کو کسی مسلمان بھائی نے عذر پیش کیا تو اس نے اس کا عذر قبول نہیں کیا' وہ میرے حوض پر نہیں آئے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ الزُّبَيْرِ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ

یہ حدیث عامر بن عبداللہ بن زبیر سے عبدالملک بن یحییٰ بن زبیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں خالد بن یزید العمری اکیلے ہیں۔

6296 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ بِلَالِ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ: سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا لِاَصْحَابِهِ وَاَنَا حَاضِرٌ: لَوْ كَانَ لِاَحَدِكُمْ هٰذِهِ السَّارِيَةُ لَكَرِهَ اَنْ تُجْدَعَ، كَيْفَ اَنْ يَعْهَدَ اَحَدُكُمْ فَيَجْدَعُ صَلَاتَهُ الَّتِي هِيَ لِلّٰهِ، فَاَتِمُّوا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک دن اپنے صحابہ سے فرمایا: میں موجود ہوں' اگر تم میں سے کسی کے لیے یہ ستون ہو تو وہ ناپسند کرے گا کہ وہ اس کو کاٹے' تم میں سے کوئی گوارا کرے گا کمی کرنے کا' نماز تو اللہ کے لیے ہے تم نماز مکمل کرو' بے شک اللہ عزوجل نماز مکمل ہی قبول کرتا ہے۔

صَلَاتَكُمْ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبَلُ إِلَّا تَامًّا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بِلَالِ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ إِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ الزُّبَيْرِ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ

یہ حدیث بلال بن یحییٰ بن طلحہ سے عبدالملک بن یحییٰ بن زبیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں خالد بن یزید العمری اکیلے ہیں۔

6297 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ، ثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَانِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: أَقْرِءْ عُمَرَ السَّلَامَ، وَقُلْ لَهُ: إِنَّ رِضَاهُ حُكْمٌ، وَإِنَّ غَضَبَهُ عِزٌّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے پاس حضرت جبریل علیہ السلام آئے' عرض کرنے لگے: عمر کو سلام کہنا اور ان سے کہنا کہ ان کی رضا حکم ہے' ان کا غصہ عزت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ إِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْعُمَرِيُّ

یہ حدیث زید العمی سے جریر بن حازم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں خالد بن یزید العمری اکیلے ہیں۔

6298 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، نَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا أَبُو صَفْوَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ رَجُلًا، أَصَابَ امْرَأَةً فِي دُبُرِهَا فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَنْكَرَ ذٰلِكَ النَّاسُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ) (البقرة: 223)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں اپنی بیوی سے پچھلی طرف سے جماع کیا آگے والے حصے میں۔ لوگوں نے اس کو ناپسند کیا' اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''تمہاری بیویاں تمہارے لیے کھیتی ہیں''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ، إِلَّا أَبُو صَفْوَانَ

یہ حدیث ابن ابی ذئب سے ابوصفوان روایت کرتے ہیں۔

6299 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى، ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ صفہ والوں کے پاس آئے' ان کی آوازیں

عَجْلَانَ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَى اَهْلِ الصُّفَّةِ، وَقَدْ عَلَتْ اَصْوَاتُهُمْ، وَاسْتَغْرَبُوا ضَحِكًا، فَاَغْضَبَهُ ذٰلِكَ، فَقَالَ: مَا لِلضِّحْكِ خُلِقْتُمْ، وَاَنْكَرَ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ، فَاَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، عَنِ اللّٰهِ جَلَّ ذِكْرُهُ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكَ اَنْ تُيَسِّرَ، وَلَا تُعَسِّرَ، وَتُبَشِّرَ، وَلَا تُنَفِّرَ، فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَشَّرَهُمْ، وَبَشَّرَ عَلَيْهِمْ، وَبَسَطَ مِنْهُمْ

اونچی تھیں اور زیادہ ہنسا رہے تھے' آپ ان پر غصہ ہوئے' آپ نے فرمایا: تم ہنسنے کے لیے پیدا ہوئے ہو! آپ نے ایسا کرنے کو ناپسند کیا' آپ کے پاس حضرت جبریل آئے' اللہ عزوجل کی طرف سے پیغام لے کر۔ عرض کی: اللہ عزوجل آپ کو حکم دیتا ہے آسانی کرنے کا تنگی نہ کرنے کا' خوشخبری دینے کا نفرت نہ پھیلانے کا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کی طرف نکلے' ان کو خوشخبری دی اور خوش ہونے کے لیے کہا' ان پر خوش طبعی فرمائی۔

6300 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى، ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اِذَا دَخَلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَاَهْلُ النَّارِ النَّارَ، يُنَادِی مُنَادٍ: يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ، خُلُودٌ لَا مَوْتَ فِيهِ، وَيَا اَهْلَ النَّارِ خُلُودٌ لَا مَوْتَ فِيهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب جنت والے جنت میں داخل ہوں گے اور جہنم والے جہنم میں داخل ہوں گے تو ایک آواز دینے والا آواز دے گا: اے جنت والو! ہمیشہ رہو جنت میں کوئی موت نہیں ہے' اے جہنم والو! ہمیشہ رہو اس میں کوئی موت نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ اللَّيْثِ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى

یہ دونوں حدیثیں لیث سے عبدالعزیز بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔

6301 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا الْقَعْنَبِیُّ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اقْتُلُوا الْوَزَغَ، وَلَوْ فِی جَوْفِ الْكَعْبَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: چھپکلی کو مارو اگرچہ کعبہ کے اندر ہو۔

6302 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

6300- اخرجه البخاری: الرقاق جلد 11 صفحه 414 رقم الحديث: 6545 والترمذی: الجنة جلد 4 صفحه 692 رقم الحديث: 2557.

الْقَعْنَبِيُّ، نا عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَدْرَكَ عَرَفَةَ قَبْلَ طُلُوعِ الْفَجْرِ فَقَدْ اَدْرَكَ الْحَجَّ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے میدانِ عرفات کو پالیا طلوعِ فجر سے پہلے اس نے حج پالیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ قَيْسٍ

یہ دونوں حدیثیں عطاء سے عمر بن قیس روایت کرتے ہیں۔

6303 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ الْمُزَنِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا سَتَرَ اللّٰهُ عَلَى عَبْدٍ ذَنْبًا فِي الدُّنْيَا اِلَّا سَتَرَ عَلَيْهِ فِي الْآخِرَةِ

حضرت علقمہ المزنی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جوکوئی بندہ دنیا میں کسی کے گناہ پر پردہ ڈالتا ہے اللہ عزوجل آخرت میں اس کے گناہ پر پردہ ڈالے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا عَبَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ الْفِرْيَابِيُّ

یہ حدیث مالک بن دینار سے عباد روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں فریابی اکیلے ہیں۔

6304 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: نَزَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذِهِ الْآيَةَ: (فَيَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ) (آل عمران: 7) ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ حَذَّرَكُمُ اللّٰهُ، اِذَا رَاَيْتُمُوهُمْ فَاعْرِفُوهُمْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت کہ وہ اتباع کرے جو اس کے مشابہت ہے نکالی۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تم کو ڈرایا ہے، جب تم اس کو دیکھو تو اس کو پہچانو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِيدُ وَرَوَاهُ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن قاسم سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید اکیلے

6304- أخرجه البخاري: التفسير جلد8صفحه57 رقم الحديث: 4547، ومسلم: العلم جلد4صفحه2053 .

غَيْرُهُ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ

ہیں۔ ان کے علاوہ نے حماد بن سلمہ سے' وہ ابن ابی ملیکہ سے' وہ قاسم سے' وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے۔

6305 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الْمَكِّيُّ الصَّائِغُ قَالَ: ثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى التَّيْمِيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ اَبِي عِيسَى الْحَنَّاطِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ حَرَمَهُ، فَهُوَ حَرَامٌ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، لَا يُعْضَدُ شَجَرُهُ، وَلَا يُحْتَشُّ حَشِيشُهُ، وَلَا يُرْفَعُ لُقَطَتُهُ اِلَّا لِاِنْشَادِهَا، وَلَا يُسْتَحَلُّ صَيْدُهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے حرم کو حرم قرار دیا ہے' یہ قیامت کے دن تک حرم ہی رہے گا' اس کا درخت اور گھاس نہ کاٹے' اس میں گم شدہ شی نہ اُٹھائے' مگر اعلان کرنے کے لیے اُٹھا سکتا ہے' اس کے شکار کو بھی حلال نہ جانے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا عِيسَى الْحَنَّاطُ

یہ حدیث نافع سے عیسیٰ حناط روایت کرتے ہیں۔

6306 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّائِغُ، ثَنَا مُحْرِزُ بْنُ سَلَمَةَ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ اَبِي عُبَيْدٍ حَاجِبِ سُلَيْمَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ، اَنَّ اَبَا عُبَيْدٍ قَالَ لَهُ: حَدِّثْنَا حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: غَيْرَ مَرَّةٍ وَلَا مَرَّتَيْنِ، وَلَا ثَلَاثٍ يَقُولُ: اِذَا تَوَضَّاَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ، فَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ تَنَاثَرَتِ الْخَطَايَا مِنْ اَشْفَارِ عَيْنَيْهِ، وَاِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ تَنَاثَرَتِ

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کئی مرتبہ فرماتے ہوئے سنا: مؤمن بندہ جب وضو کرتا ہے' کلی کرتا ہے اور ناک میں پانی ڈالتا ہے تو اس کے گناہ گرنا شروع ہوتے ہیں' اس کی دونوں آنکھوں کے آبروؤں سے جھڑتے ہیں' جب اپنے دونوں ہاتھ دھوتا ہے تو اس کے گناہ ہاتھوں کے ناخنوں سے نکل جاتے ہیں' جب دونوں پاؤں دھوتا ہے تو اس کے گناہ دونوں پاؤں کے ناخنوں سے نکل جاتے ہیں' جب وضو مکمل کرتا ہے تو وضو اس کے لیے حصر بن جاتا ہے' اگر کھڑا ہو کر دو رکعت نفل پڑھے تو دونوں کو قبول کیا جاتا

6306- أصله عند مسلم بلفظ: ما منكم رجل يقرب وضوءه فيتمضمض و...... . أخرجه مسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 569-570' والنسائي: الطهارة جلد 1 صفحه 76-78 (باب ثواب من توضأ كما أمر) بنحوه .

الْخَطَايَا مِنْ اَظَافِرِ يَدَيْهِ، وَإِذَا غَسَلَ رِجْلَيْهِ تَنَاثَرَتِ الْخَطَايَا مِنْ اَظَافِرِ رِجْلَيْهِ، فَإِذَا انْتَهَى عِنْدَ ذَلِكَ كَانَ ذَلِكَ حَظُّهُ مِنْ وُضُوئِهِ، فَإِنْ قَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، يُقْبِلُ بِهِمَا بِقَلْبِهِ وَطَرْفِهِ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، خَرَجَ مِنْ ذُنُوبِهِ كَمَا وَلَدَتْهُ اُمُّهُ

ہے جو دل سے پڑھے اور اللہ کی رضا کے لیے پڑھتا ہے اس کے گناہ اس طرح معاف ہوتے ہیں جس طرح آج ہی اس کی ماں نے جنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى إِلَّا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ

یہ حدیث ایوب بن موسیٰ سے ضحاک بن عثمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالعزیز بن ابوحازم اکیلے ہیں۔

6307 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا يُونُسُ بْنُ اَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَلِيٍّ حِينَ اَمَّرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْيَمَنِ، فَاَصَبْتُ مَعَهُ اَوَاقِيَ، فَلَمَّا قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَجَدْتُ فَاطِمَةَ قَدْ نَضَحَتِ الْبَيْتَ بِنَضُوحٍ، فَتَخَطَّيْتُهُ، فَقَالَتْ: مَالَكَ؟ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَمَرَ اَصْحَابَهُ، فَاَحَلُّوا قَالَ: قُلْتُ لَهَا: إِنِّي اَهْلَلْتُ بِإِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَإِنِّي قَدْ سُقْتُ الْهَدْيَ وَقَرَنْتُ، وَقَالَ لِاَصْحَابِهِ: لَوْ اَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ اَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَفَعَلْتُ كَمَا فَعَلْتُمْ، وَلَكِنِّي سُقْتُ الْهَدْيَ، وَقَرَنْتُ فَقَالَ: انْحَرْ مِنَ الْبُدْنِ سَبْعًا وَسِتِّينَ، اَوْ سِتًّا وَسِتِّينَ، وَاَمْسِكْ لِنَفْسِكَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، اَوْ اَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ،

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا جب رسول کریم ﷺ نے انہیں یمن کا امیر مقرر فرمایا۔ ان کے ساتھ مجھے چند اوقیہ چاندی ملی۔ پس جب وہ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو انہوں نے عرض کی: میں نے دیکھا کہ فاطمہ نے توشہ دان کے ساتھ گھر کا چھڑکاؤ کیا ہے۔ میں نے لکیر لگا دی سو وہ کہتی ہیں: آپ کو کیا ہوا؟ بے شک اللہ کے رسول ﷺ نے اپنے صحابہ کو حکم دیا ہے کہ وہ احرام کھول لیں میں نے اس سے کہا: میں نے تو نبی کریم ﷺ کے ساتھ مل کر اہلال کیا تھا آپ نے فرمایا: میں ہدی ساتھ لایا ہوں اور حج قران کروں گا اور اپنے صحابہ سے فرمایا: اگر میں کسی خاص کام کے لیے آگے بڑھتا ہوں تو پھر پیچھے نہیں ہٹتا میں بھی ایسے کرتا جیسے تم نے کیا لیکن میں قربانی ساتھ لے کر آیا ہوں اور حج قران کروں گا۔ سو آپ نے فرمایا:

6307- اسناده صحيح . وانظر مجمع الزوائد جلد3 صفحه240 .

وَاَمْسِكْ مِنْ كُلِّ بَدَنَةٍ بِضْعَةً

ستاسٹھ یا چھیاسٹھ اونٹوں کو نحر کرو اور تینتیس یا چونتیس اپنے لیے روک لو۔ ہر اونٹ سے کچھ اونٹ رکھ لو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا يُونُسُ، تَفَرَّدَ بِهِ حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ

اس حدیث کو ابواسحاق سے صرف حضرت یونس نے روایت کیا۔ اس کے ساتھ حضرت حجاج بن محمد اکیلے ہیں۔

6308 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ مُعَاذَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاْذِنُنَا اِذَا كَانَ يَوْمَ الْمَرْاَةِ مِنَّا بَعْدَمَا نَزَلَتْ: (تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي اِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ) (الاحزاب: 51) قَالَتْ مُعَاذَةُ: فَقُلْتُ: فَمَا كُنْتِ تَقُولِينَ؟ قَالَتْ: كُنْتُ اَقُولُ، اِنْ كَانَ ذٰلِكَ اِلَيَّ فَلَا اُوثِرُ اَحَدًا عَلَى نَفْسِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ہم سے اجازت مانگتے جب ہم میں سے کسی بیوی کی باری کا دن نہ ہوتا' اس آیت کے نازل ہونے کے بعد: ''ترجی من تشاء منهن وتؤوی اليك من تشاء''۔ حضرت معاذہ فرماتی ہیں کہ میں نے کہا: آپ کیا کہتی ہیں؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں کہتی ہوں کہ اگر ایسے ہوتا تو میں اپنے اوپر کسی کو ترجیح نہ دیتی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ اِلَّا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث عاصم احول سے عباد بن عباد روایت کرتے ہیں۔

6309 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ قَالَ: وَدِدْتُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَانَا النِّدَاءَ، قُلْتُ: لِمَ ذَاكَ؟ قَالَ: اِنَّهُمْ اَطْوَلُ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں پسند کرتا ہوں کہ حضور ﷺ اذان دینے کا حکم ہم کو کریں' میں نے عرض کی: کیوں؟ فرمایا: اس لیے کہ قیامت کے دن اذان دینے والوں کا مقام بلند ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث ہشام سے عبداللہ بن محمد بن یحییٰ روایت

